اُس سے کہا کہ مجھے وہ انگوٹھی دے دو تو میں نے وہ انگوٹھی لے کر اپنے آفس میں رکھی ۔ بہت دفعہ میں اُس انگوٹھی کی طرف دیکھتا اور اُس رات خُدا نے جو الفاظ مجھ سے کہے تھے یاد کرتا تھا کہ میں نے کس طرح مالی حالات کا سامنا کیا تھا۔ بغیر کسی ناکامی کے خُدا ہر چیز کے لئے مجھ سے وفادار رہا، اُس رات کے بعد ہر وہ چیز جو اُس کی سمت میں چلنے کے لئے درکار تھی اُس رات البانیہ میں میری زندگی بدل چکی تھی لیکن آنے والے دِنوں میں خُدا مجھ کو اور بھی بہت کچھ دِکھانے کو تھا۔ جب میں البانیہ سے گھر پہنچا تو مجھے بادشاہت کے اِس پیغام کو ہر جگہ لے جانے کی شدید خواہش محسوس ہوئی۔ مجھے اِس معلومات کو حاصل کرنے کا اتنا شدید جذبہ تھا کہ پھر سے دیکھ سکوں کہ کیا ہوتا ہے اور مجھے اتنا انتظار نہیں کرنا پڑا۔ مجھے اوتا کے ایک خادم نے وہ پانچ سیشنز کو پڑھانے کے لئے دعوت دی۔ اُس نے لیری سے میرے متعلق سُنا تھا کہ یہ واقعی زندگی کو بدل دینے والا تھا اور وہ چاہتا تھا کہ میں بھی شرکت کروں۔ وہ انڈیا کے چھوٹے سے چرچ کا خادم تھا اور بہت غریب تھا۔ اُنہیں مالی طور پر مدد کی ضرورت تھی اور اگر لیری نے اُسے جو کہا وہ سچ تھا تو اُسے لگا کہ میں مدد کر سکتا تھا۔ اِس لئے میں نے اُڑان بھری اور اتوار کی صبح اور اتوار کی رات بدھ کی رات تک عبادات کیں۔ البانیہ کی طرح تمام علاقوں میں پانچ سیشنز ہوئے اور یہاں بھی یہی جواب ملا۔ کانفرنس کی آخری رات بہت زوردار مسح کے تحت لوگوں نے نعرے لگائے اور رقص کیا، جب اُنہوں نے اپنا نذرانہ پیش کیا۔ لیکن اِس بار میں نے نیلی کُہر نہیں دیکھی۔ لیکن میں نے تمام سیشنز میں خُدا کی حضوری کو کثرت سے محسوس کیا تھا۔ آخری سیشن کے بعد میں حیران رہ گیا تھا جیسے لیری البانیہ میں اِس بڑے ہدیے پر تھا جو صرف ۷ اجوڑوں نے دیا تھا۔ میں نے ہدیے کو بند شدہ تھیلے میں رکھ دیا اور گلے دِن آفس میں اِسے دیکھا۔ اُس دِن صبح کے بعد مجھے اپنے دفتر سے فون آیا۔ میری سیکریٹری فون پر تھی اور میں بتا سکتا تھا کہ کچھ چل رہا تھا۔ اُس کی آواز کانپ رہی تھی اور ایسا لگتا تھا جیسے وہ رو رہی تھی۔ اُس کے پہلے الفاظ یہ تھے۔ پیارے پاسٹر ، اِس کی رقم کے بارے میں کچھ ایسا ہے جو آپ واپس لائے ہیں۔ میں نے پوچھا، ٹریسی، آپ کا کیا مطلب ہے ؟ اِس کے بعد اُس نے مجھے بتایا کہ اُس نے پیسوں کا تھیلا گننے اور جمع کرنے کے لئے کھولا تھا لیکن اُسی وقت خُدا کی بڑی حضوری آفس میں آ ٹھہری اور وہ گر پڑی۔ میری دوسری سیکریٹری یہ سن کر آ گئی اور وہ بھی مسح سے بھر کر کانپنے لگی۔ ٹریسی نے کہا، اوتا کی رقم کے ساتھ کیا ہوا؟ میں نے اُس کو بتایا میں نہیں جانتا۔ چند ہفتے بعد میں اوہائیو کے جنوبی حصے میں ایک گرجہ گھر میں اُنہی اصولوں کی تعلیم دے رہا تھا۔

لیکن یسوع نے نہ صرف آسمان میں جانے کے ہمارے حق کی ادائیگی کی بلکہ اُس نے خُدا کے بیٹے یا بیٹی کے طور پر زندگی گزارنے اور یہاں زمینی دائرے میں خُدا کی بادشاہی کے فوائد سے لطف اندوز ہونا بھی ممکن کیا۔

اِس کلیسیاء میں ہم نے پہلے چار سیشن ڈی وی ڈی کے ذریعے بھیجے تھے اور وہ اُنہیں پچھلے چار ہفتوں میں دیکھ چکے تھے۔ اور اتوار کی رات آخری سیشن تھا اور مسح پھر سے ہم پر دستک دینے کو تھا۔ اُس رات جب میں نے ہدیہ اُٹھایا تو مجھے وہی جواب ملا جو مجھے دوسری عبادات میں ملا تھا۔ لوگ اپنا ہدیہ دینے کے لئے بہت پُرجوش تھے۔ چرچ میں ہدیے کے دوران اُنہوں نے ٹوکری کو سامنے رکھ دیا۔ تا کہ لوگ اِس میں اپنے ہدیے ڈال سکیں۔ اِس بار پھر نیلی کُہر چھا گئی۔ ہدیے کے ارد گرد ایک پانچ فُٹ کی قطار تھی جنہوں نے اپنے ہدیے دینے تھے۔ مسح اتنا مضبوط تھا کہ مجھے کار تک پہنچنے کے لئے مدد کی ضرورت پڑی جیسے کہ میں خود چلنے سے قاصر تھا جیسے جیسے یہ چیزیں ہو رہیں تھیں، میں نہیں جانتا تھا کہ کیا ہو رہا تھا۔ اور میں نے ایسا کہیں اور ہوتے نہیں دیکھا تھا۔ میں نے جاری رکھا لیکن کانفرنس کرنا اور مسح کا مضبوطی سے بڑھنا جاری رہا۔ اور ہاں وہ نیلی کُہر پھر سے کانفرنسز میں دکھائی دی۔ لیکن وہ حصہ جس نے مجھے سب سے زیادہ حیران کیا، وہ حقیقت یہ تھی کہ خُدا کا مسح اُس پیسے پر بھی تھا جو اُس نے مہیا کیا تھا۔ اور کانفرنس کے بعد میرے ساتھیوں کو ہدیہ گننے میں مشکل پیش آئی۔ یاد رکھیں کہ مسح البانیہ میں لیری کے اپارٹمنٹ میں تھا جب اُس نے تمام پیسوں کو میز پر رکھا تھا؟ اگر آپ اُن میں سے ایک روپے کو بھی چھوتے تھے تو فوراً خُدا کا مسح محسوس کرنا شروع ہو جاتے۔ میں جانتا ہوں کہ یہ پاگل پن لگتا ہے بالکل جیسے میں نے اُس کا جائزہ لیا۔ ایک روحانی سائنسدان کے طور پر میں یہ سب دیکھ کر حیران رہ گیا اور خُدا سے اِس کے بارے میں پوچھا۔ اُس نے مجھ سے بات کی اور بتایا کہ یہ مضبوط مسح ہدیوں پر کیوں ظاہر ہوا تھا۔ اُس نے مجھے دِکھایا کہ زیادہ تر لوگوں نے ڈیوٹی یا قانونیت سے ہٹ کر دیا تھا۔ کچھ لوگوں نے فارمولے کے تحت دیا لیکن جب اُنہوں نے دیا تو وہ حقیقی ایمان میں نہیں تھے۔ بہت سے اِس لئے دیتے ہیں کہ اگر وہ نہیں دیں گے تو خُدا ناراض ہو گا۔ کچھ ایسے دیتے ہیں کہ یہ ایک بل ہے جو واجب الادا ہے۔ اُس نے مجھے بتایا کہ جب میں بادشاہی کی تعلیم دے رہا تھا اور اُن پر مالیاتی اصولوں کو ظاہر کر رہا تھا تو لوگوں کے دلوں میں ایمان بڑھتا گیا۔ اِس لئے جب اُنہوں نے حقیقی ایمان

سے بویا تو وہ بادشاہی سے جُڑے تھے۔ جس کی وجہ سے مسیح وہاں موجود تھا۔ ۲۰۰۵ء میں البانیہ کے اِس سفر کے بعد میری زندگی بہت بدل چکی تھی۔ لوگوں تک پہنچنے کی میری اِس خواہش نے لوگوں تک خوشخبری پہنچانے کے لئے اُبھارا۔ لفظی طور پر اب ہم لوگوں کو اِس بادشاہی کے بارے میں بتانے کے لئے لاکھوں خرچ کر رہے تھے جِسے ہم نے سالوں سے دریافت کیا تھا۔ لیکن شاید آپ نے ابھی تک بادشاہی کی خوشخبری نہیں سُنی ہو گی۔ ہم ایسے ایماندار تھے جو آسمان پر تو جا رہے تھے یہ نہیں جانتے تھے کہ اِسے زمین پر کیسے کھولنا ہے۔ لیکن یسوع نے نہ صرف آسمان میں جانے کے ہمارے حق کی ادائیگی کی بلکہ اُس نے خُدا کے بیٹے یا بیٹی کے طور پر زندگی گزارنے اور یہاں زمینی دائرے میں خُدا کی بادشاہی کے فوائد سے لطف اندوز ہونا بھی ممکن کیا۔ لیکن اِس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ لاکھوں لوگ ہیں جن تک خوشخبری پہنچانی ہے اور اُس کے لئے پیسے درکار ہیں لوگ دیکھ رہے ہیں ہماری زندگیاں مختلف نظر آتیں ہیں۔ میں نے البانیہ میں کیا سکھایا تھا جس نے اِس مسیح کا آغاز کیا تھا وہ کیا تھا جو خُدا نے مجھے لوگوں کو بتانے کو کہا تھا؟ خیر وہ مقصد اِس کتاب میں ہے اور میرا ایمان ہے جیسے اُس نے میری زندگی کو بدلہ یہ آپکی زندگی کو بھی بدل دے گا۔

باب نمبر ۳

اے خداوند رحم کر

جیری نے دفتر میں فون کیا اور پوچھا کہ کیا میں اس کے ساتھ اس کے علاقے میں کھانا کھا سکتا ہوں۔ میں اس کے قریبی علاقے میں ایک ٹیلی ویژن اسٹیشن پر انٹرویو کر رہا تھا میں پہلے جیری کو بھی نہیں ملا تھا لیکن ایک دوبار اس سے فون پر بات ہوئی تھی۔ میں نے اسے کہا میں آؤں گا۔ برحال ہمیں دوپہر کو کھانا کھانا تھا اور میں نے سوچا کہ وہاں رہتے ہوئے میں اس سے ملنا اور اس کی کہانی سننا پسند کروں گا۔ کھانے پر میں جیری اور اس کے بیٹے سے ملا اور اس نے مجھے اپنی کہانی سنانی شروع کی۔ جیری ایک خادم تھا جس نے تیس سال خدمت کی لیکن اسے فالج کے حملے کی وجہ سے منسٹری چھوڑنی پڑی جس کی وجہ سے وہ مغرور ہو گیا تھا۔ اس دوران وہ فالج سے آزاد ہو چکا تھا چونکہ وہ مالی طور پر کام کرنے سے قاصر تھا۔

جس کی وجہ سے اس کا گھرانہ پیچھے رہ گیا اور اسے شیرف بھیجنا پڑا یوٹیلیٹیز کی ادائیگی اور کھانا خریدنا بھی ایک چیلنج بن گیا۔ درحقیقت جیری نے کہا کہ حالات اتنے خراب ہو گئے کہ وہ ایک دن ایک بوجھ کے ساتھ بیٹھ گیا تھا۔ ایک ہاتھ میں ۴۵ اور دوسرے ہاتھ میں بائبل لے کر اپنی جان لینے کا سوچ رہا تھا۔ اس ناامیدی کے درمیان ہی جیری نے ہمارے ٹی وی کی نشریات دیکھیں اور میرے کچھ مواد کا آرڈر دیا۔ اس نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ جب اسے پہلی بار مواد ملا اسے بنیادی بلوں اور خوراک کو پورا کرنے کے لیے تقریباً دو ہزار ڈالر کی شدت ضرورت تھی۔ اس نے مواد کو بار بار سنا یہاں تک کہ اس کے دل میں ایمان اٹھنے لگا اس نے اس دو ہزار ڈالرز کے لئے خدا پر بھروسہ کرنے کا فیصلہ کیا جسکی اسے ضرورت تھی۔ تو اس نے بھی وہی کیا اس نے دو ہزار ڈالر کے لئے بیج بویا۔ اس نے کاغذ کے ایک ٹکڑے پر تاریخ اور وقت لکھا جس کے بارے میں اسے یقین تھا کہ اسے مرقس ۱۱: ۲۴ کے مطابق رقم ملی اور چیک ہماری منسٹری کو بھیج دیا۔ میں نہیں جانتا تھا کہ یہ کیا ہو رہا تھا کیونکہ میں نے جیری سے بات نہیں کی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ ڈیڑھ ہفتے بعد دروازے پر آیا اور اس نے بات کرنے کے لئے پوچھا جیری اسے اسکے ماضی سے جانتا تھا لیکن اس نے کہا انہوں نے تھوڑی دیر سے بات

نہیں کی تھی۔ انہوں نے تھوڑی گفتگو کی اور پھر اس آدمی نے اسے کہا کہ جیری میں تمہیں دو ہزار کا چیک دینے آیا تھا۔ اس نے وضاحت کی کہ ڈیڑھ ہفتہ پہلے روح القدس نے مجھے آپ کو دو ہزار ڈالر دینے کے لئے متاثر کیا۔ جیری ہکا بکا وہی کھڑا تھا۔ اس نے جلدی سے اپنا پرس نکالا اس نے وہاں کاغذ کا ٹکڑا نکالا اس نے اس وقت کا ذکر کیا تھا اسے یقین تھا کہ اسے دو ہزار ڈالر کی ضرورت تھی۔ جیری نے کاغذ پر وقت اور تاریخ دیکھیں جس کا وہ ذکر کر رہا تھا۔ جب وہ جیری کو دو ہزار ڈالر دینے کے لئے متاثر ہوا۔ جیری جانتا تھا کہ یہ کوئی اتفاق واقعہ نہیں تھا۔ وہ جانتا تھا کہ یہ خدا کے قوانین کے مطابق خدا کی بادشاہی سے براہ راست جواب تھا۔ اس نے اپنی کہانی جاری رکھی اور مجھے بتایا کہ اس کے سات بچے ہیں سب شادی شدہ ہیں سوائے ایک کے جو سولہ سال کا تھا (جو اس کے ساتھ کھانا کھانے آیا تھا) جو اپنے باپ کے حالات دیکھ کر خدا سے منہ موڑ چکا تھا۔ اس کا بیٹا خدا سے ناراض تھا کیوں کہ اس کا باپ تیس سال سے وفادار رہا تھا اور اس کا بیٹا سوچتا تھا کہ خدا نے اسے ترک کر دیا تھا۔ جیری اپنے بیٹے تک پہنچنے کا راستہ تلاش کرنا چاہتا تھا اور اسے ایک خیال آیا میں نے اپنے مواد میں ہرنیوں کے شکار کے متعلق بہت بات کی اور بتایا کہ کیسے خدا نے مجھے ایمان کے وسیلے سے شکار کرنا سکھایا تھا۔ ہرن کا شکار کرنا اسکے بیٹے کا جنوں تھا اسلئے جیری نے اپنے بیٹے کو سمجھایا کہ بادشاہی کے راستے میں آنے والے ہرن کو کیسے حاصل کیا جائے اسکے بیٹے اور جیری نے اتفاق کیا اور پھر ایمان رکھا کہ ان کو دو ہزار ڈالر مل جائے گا۔ آٹھ منٹ میں ایک اچھا ہرن مل گیا تھا۔ جیسے ہی جیری اور اسکا بیٹا ہرن کو قصائی کی دکان پر لے کے گئے تھے جیری کے پاس سی ڈی پلیئر میں میری سی ڈی تھی۔ جیری ہرن کو دکان پر لے کر جا رہا تھا کہ اسکے بیٹے نے کہا کہ وہ گاڑی میں کچھ دیر کے لئے اسے سننا چاہتا تھا۔ جب جیری باہر آیا تو اسکے بیٹے نے کہا، پاپا، مجھے لگتا ہے کہ ہم نے ان تمام سالوں میں کچھ کھو دیا تھا۔ میں جانتا ہوں کہ وہ ہرن خدا کی بادشاہی کا نتیجہ تھی۔ اس کے بعد اس کے بیٹے نے اپنی زندگی خداوند کے لیے وقف کر دی۔ کہ اگر خدا دو ہزار ڈالر اور ہرن دے سکتا ہے تو وہ سترہ ہزار ڈالر بھی دے سکتا ہے جو انہیں قرعہ اندازی میں اپنا گھر نکالنے کی ضرورت تھی۔ یہ اس وقت تھا جب جیری سے میرا پہلا تعارف ہوا۔ مجھے یاد ہے کہ جیری کا خط جیری اور اس کے بیٹے کے بیچ کے ساتھ آیا تھا تاکہ گھر بند کر دیا جائے مجھے یاد ہے کہ خط مختصر تھا لیکن صرف یہ بتا دیا گیا تھا کہ انہیں کیا ضرورت تھی۔ اس میں کسی اور چیز کا ذکر نہیں سوائے گھر کے بند ہونے کا ہی ذکر تھا۔ مجھے اس خط پر ہاتھ رکھنا اور ان کے ساتھ اتفاق کرنا یاد تھا۔ میں اس لمحے اور وقت کو یاد کر سکتا ہوں۔ اس موقع پر جیری نے مجھے بتایا کہ تقریباً دو ہفتوں میں ایک اور آدمی سامنے کے دروازے پر

آیا۔اس بار بھی یہ وہی آدمی تھا جیسے جیری پہلے سے ہی جانتا تھا۔ اس آدمی نے کہا کہ اس کے آنے والے شرف کی فروخت میں درج گھر کو دیکھا اور جیری سے پوچھا کہ اسے بند کرنے کے لئے کتنی رقم درکار تھی۔جیری نے اسے سترہ ہزار سے زیادہ رقم بتائی۔ آدمی نے پوری رقم کا چیک رکھا اور چلا گیا۔جیری نے چیک کی طرف دیکھا اب جیری ریسٹورنٹ میں بیٹھا میرے سامنے میز پر رونے لگا کہ میں نے لوگوں کو خدا کی بادشاہی کے متعلق سیکھایا۔جیری نے کہا کہ بہت خوش ہے کہ اسکے بچوں نے خدا کے ہاتھ کو دیکھا اور اس نے اسے ان کے ساتھ خدا کی بادشاہی کا اشتراک کرنے کا موقع فراہم کیا۔مجھے یہ پسند ہے! یہ خدا کی بادشاہی کی حقیقت ہے اور میں بہت خوش قسمت ہوں کہ میں اسے لوگوں کے ساتھ باٹنے اور پھر ان کی کہانیاں سننے کے قابل ہوں۔ آپ نے دیکھا کہ جیری کو ترس کی ضرورت نہیں تھی اسے جوابات کی ضرورت تھی جیسے اس نے بادشاہی میں تلاش کیا اب میں محسوس کرتا ہوں کہ مجھے جیری کی کہانی کے بارے میں یہاں کچھ شامل کرنے کی ضرورت ہے۔

"اس نے ان سے کہا اپنے ایمان کی کمی کے سبب اور کیونکہ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اگر تم میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہو گا تو اس پہاڑ سے کہہ سکو گے کہ یہاں سے سرک کر وہاں چلا جا اور وہ چلا جائے گا اور کوئی بات تمہارے لئے ناممکن نہ ہوگی۔" _ متی ۱۷: ۲۰ بی

اگرچہ ایسا لگتا ہے کہ لوگ ابھی جیری کے دروازے پر آئے اور اسے پیسے دینے میں نہیں چاہتا کہ آپ کو غلط خیال آئے کہ آپ کا مالی جواب جب آپ بیٹھ کر کوک پی رہے ہوں گے تو ظاہر ہو گا۔ نہیں آپ کو اپنی ضرورت کی کٹائی میں اپنا کردار ادا کرنا پڑے گا۔جیری کے معاملے میں جیری نے ۳۰ سال خدمت کی اس نے ایک طویل عرصہ تک لوگوں میں بویا اور دوسرا جیری کی وجہ سے اپنا گھر چھوڑنے سے قاصر تھا۔جیری نے جہاں بویا تھا وہاں سے کاٹا۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ جیری فالج سے مکمل طور پر صحت یاب ہو چکا تھا اور جب میں اس دن کھانا کھانے کے وقت ملا تو اس کا وزن سترہ پاؤنڈ سے زیادہ ہو چکا تھا۔خداوند کی حمد ہو کہ اس نے بادشاہی کو سنبھال لیا آپ کہہ سکتے ہیں۔اگر جیری یقینی طور پر پاسٹر تھا وہ بادشاہی کے متعلق سب کچھ جانتا تھا۔بظاہر نہیں اور مجھے یقین تھا کہ وہ

اکیلا نہیں تھا جو میں نے دیکھا تھا۔ بد قسمتی سے بہت سی کلیسیاؤں کے لوگ یہ نہیں جانتے کہ خدا کی بادشاہی میں کیسے جائیں اور ان کے جوابات کیسے حاصل کریں۔ متی میں ایک کہانی یہ بتاتی ہے کہ کتنے لوگ سوچتے ہیں۔

”اور جب وہ بھیڑ کے پاس پہنچے تو ایک آدمی اس کے پاس آیا اور اس کے آگے گھٹنے ٹیک کر کہنے لگا اے خداوند میرے بیٹے پر رحم کر کیونکہ اسکو مرگی آتی ہے اور وہ دکھ اٹھاتا ہے اسلئے کہ اکثر آگ اور پانی میں گر پڑتا ہے اور میں اس کو تیرے شاگردوں کے پاس لایا تھا مگر وہ اسے اچھا نہ کر سکے۔،،

"یسوع نے جواب میں کہا اے بے اعتقادوں میں کب تک تمہارے ساتھ رہوں گا؟ کب تک تمہاری برداشت کروں گا؟ اسے یہاں میرے پاس لاؤ" یسوع نے اسے جھڑکا اور بد روح اس سے نکل گئی اور لڑکا اس گھڑی اچھا ہو گیا۔ تب شاگردوں نے یسوع کے پاس آکر خلوت میں کہا ہم اس کو کیوں نہ نکال سکے؟ اس نے ان سے کہا اپنے ایمان کی کمی کے سبب اور کیونکہ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اگر تم میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہو گا تو اس پہاڑ سے کہہ سکو گے کہ یہاں سے سرک کر وہاں چلا جا اور وہ چلا جائے گا اور کوئی بات تمہارے لئے ناممکن نہ ہو گی۔،، _ متی ۱۷: ۱۴-۲۰

اس کہانی میں ہم ایک ایسے شخص کو دیکھتے ہیں جو اپنے بیٹے کو بری روحوں سے اذیت اور موت کے منہ میں جاتے دیکھتا تھا۔ یسوع کی خدمت کے متعلق سن کر کہ اسکی قوت سے بد روحیں نکلتی ہیں اس نے ارادہ کیا کہ اسکے بیٹے کی شفا کے لئے یسوع کے پاس جایا جائے۔ تاہم جب وہ وہاں پہنچا تو یسوع وہاں نہیں تھے لیکن دعا کے لئے اسکے تین شاگرد پہاڑ پر تھے۔ وہاں موجود دوسرے شاگردوں نے کہا کہ کوئی مسئلہ نہیں ہے جب یسوع نے ان کو اپنے نام سے بد روحیں نکالنے کا اختیار دیا وہ اس آدمی کے بیٹے کو دیکھ بھال کر کے بد روحوں کو نکال سکتے تھے۔ لیکن جب انہوں نے اس نوجوان کے لئے دعا کی تو بد روح وہاں سے نہ نکلی۔ اگرچہ انہوں نے کوشش کی لیکن وہ بد روح وہاں سے نہیں گئی باپ پریشان تھا اور وہ ہجوم بھی جو یسوع کی پیروی کر رہا تھا۔ لیکن اسی لمحے یسوع اور اس کے تین شاگرد پہاڑ سے نیچے اترے کیونکہ وہاں کچھ منظر دیکھنے والا تھا۔

یسوع نے دیکھ کر پوچھا کہ کیا ہو رہا تھا۔ بیٹے کے باپ نے بتایا کہ خدا رحم کر کیونکہ میں اپنے بیٹے میں سے بدروحوں کو نکالنے کے لئے شاگردوں کے پاس لایا مگر وہ نہ نکال سکے۔ باپ پھر وہی کرتا ہے کہ حقیقی طور پر آواز اٹھاتا ہے جس سے زیادہ تر لوگوں کو بحران کا سامنا تھا کہ ایسا لگتا تھا کہ کوئی جواب نہیں ہے۔ تو وہ یسوع کے آگے رویا کہ وہ اسکے بیٹے پر رحم کرے۔ اگرچہ رحم کے لئے بھیک مانگنا اچھا لگتا ہے جب آپ مایوس ہوتے ہیں لیکن یہ اس آدمی کا اور آپ کا جواب نہیں تھا۔ وہ لڑکے کا باپ جو یسوع کو اپنی صورت حال پر رحم دلانا چاہتا ہے یسوع کو بتاتا ہے کہ کسطرح بدروح اسکے بیٹے کو آگ میں ڈال کر اذیت دے رہی تھی اور اسے مارنا چاہتی تھی۔ یسوع نے اس آدمی کو روکا کہ اسے مزید سننے کی ضرورت نہیں تھی کہ اس آدمی کا بیٹا جو عذاب برداشت کر رہا تھا۔ مایوسی کے عالم میں یسوع کہتا ہے، کہ اے بے اعتقاد اور کجرو نسل میں کب تک تمہاری برداشت کروں گا۔ میں کب تک تمہارے ساتھ رہوں گا۔

لڑکے کو میرے پاس لاؤ" صرف ایک ہی جملے میں یسوع نے بیان کر دیا کہ بدروح کیوں نہیں نکلی تھی۔ لیکن اس سے پہلے کہ ہم یسوع کے کہنے کے معجزات کو کھو دیں ہمیں اس بنیاد کی تصدیق کرنے کی ضرورت ہے جس پر ہم قائم ہیں کہ جو کچھ خدا کرتا ہے وہ اس میں جھوٹ نہیں بول سکتا۔ وہ جو کہتا ہے وہ سچ ہے اس حل کے ساتھ ہم اس صورتحال کا اندازہ لگا سکتے ہیں، شیطان باہر آنے کے لئے سمجھ جاتا ہے! اگر وہ نہیں جاتا تو پھر کچھ غلط ہے اور یہ خدا کی طرف سے نہیں بلکہ ہماری طرف سے ہو سکتا ہے۔ یاد رکھیں کہ خدا سے کچھ حاصل کرنے میں رکاوٹ ہمیشہ ہماری طرف سے ہوتی ہے۔ یسوع ہمیں واضح طور پر بتاتے ہیں کہ شیطان کے نہ نکلنے کی وجہ بے اعتقادی اور ٹیڑھی سوچ تھی۔ ہم ایک منٹ میں ان دو وجوہات کا احاطہ کریں گے۔ لیکن ہماری گفتگو میں باپ اور بیٹے کی کہانی پر توجہ لگانا چاہتا ہوں۔ یہ واضح ہے کہ باپ اپنے بیٹے کے لئے بے چین تھا۔ ایک ہی جواب اسے نظر آیا جو اسکی مدد کر سکتا تھا کوئی اور نہیں کر سکتا تھا۔ ایک کام کرنے والا رہ گیا تھا اور وہ رحم کی بھیک تھی۔ یہ جملہ "بھیک مانگنا" اسکا مطلب ہے کہ کسی کے پاس مدد کرنے کی قوت اور اختیار لیکن اس نے نہ کرنے کا انتخاب کیا ہے اسطرح ایک ہی کام رہ گیا تھا کہ وہ یسوع کو اپنے بیٹے کی خطرناک حالت بیان کر سکتا تھا جس نے یسوع کو اس پر ترس کھانے کے لئے تیار کیا۔ بلکل واضح طور پر زیادہ تر لوگ اسطرح دعا کرتے ہیں یہ جانتے ہوئے بھی خدا مدد کرنے کی قوت رکھتا ہے لیکن اسکے بارے میں وہ غیر یقینی طور پر سابقہ بھیک مانگتے ہیں۔

چنانچہ لمبی دعاؤں اور بہت سے الفاظ کے ساتھ وہ درد اور حالات کی تفصیل بیان کرتے ہیں۔ باپ تجھے معلوم ہے کہ مجھے جمعہ کو اتنے پیسوں کی ضرورت ہے۔ برائے مہربانی میری مدد کر اور خدا مہربانی فرما، اگر تو میرے بیٹے کو شفا دے تو میں ساری عمر تیری خدمت کروں گا۔ اے خداوند رحم کر، میں ان حالات پر روشنی نہیں ڈال رہا جن کا لوگ سامنا کر رہے ہیں لیکن براہ راست نوٹ کریں کہ یسوع نے کتنی جلدی خدا کی قوت سے اس صورتحال کو برداشت کیا اور لڑکے کو آزاد کیا۔ یہ خدا کا دل اور اسکی خواہش ہے۔ ہمدردی، قوت یا اختیار کی کوئی کمی نہیں ہے۔ کہانی میں بھی یہ مسئلہ نہیں تھا۔ یسوع اس مسلے کو ٹیڑھی سوچ اور بے اعتقادی کے طور پر بیان کرتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں غلط سوچ اور ان کے ایمان کی کمی اس معاملے میں بادشاہی کے دائرہ اختیار میں رکاوٹ تھی۔ خیر بادشاہی کی کنجیوں کے متعلق بات کرنے کو بہت کچھ ہے بادشاہی کسطرح کام کرتی ہے۔ میں نہیں جانتا کہ میں مکمل طور پر آپ کو کسطرح اس میں لے کر جاؤں لیکن میں کم از کم ان کا ذکر کروں گا اور ہم قوانین کا مطالعہ کریں گے جو بعد میں یہاں کام کرتے ہوئے دیکھیں گے۔ بادشاہی قانون کی بنیادی تفہیم حاصل کرنے کے لئے ہمیں اس بنیادی نکتے کو سمجھنا ہو گا۔ خدا نے آدم کو پوری زمین کا اختیار دیا اسے اس زمین پر حکومت کرنی تھی۔

"پھر خدا نے کہا کہ ہم انسان کو اپنی صورت پر اپنی شبیہ کی مانند بنائیں اور وہ سمندر کی مچھلیوں اور آسمان کے پرندوں اور چوپایوں اور تمام زمین اور سب جانداروں پر زمین پر رہتے ہیں اختیار رکھیں۔" _پیدائش ۱: ۲۶

مجھے لگتا ہے کہ عبرانیوں ۲: ۷-۹ میں یہ زیادہ واضح ہو چکا ہے: تُو نے اُسے فرشتوں سے کچھ میں کم کیا تو نے اس پر جلال اور عزت کا تاج رکھا اور اپنے ہاتھوں کے کاموں پر اسے اختیار بخشا تُو نے سب چیزیں تابع کر کے اسکے پاؤں تلے کر دی۔

کم از کم ابھی کے لیے یہ سمجھ لیں کہ خدا زمینی دائرے میں (مردوں کی بادشاہی میں) اپنے اختیار کا استعمال نہیں کر سکتا جب تک کوئی مرد یا عورت جس کے پاس یہاں قانونی دائرہ اور اختیار رکھتا ہوں اور آسمانی اختیار کو جاری نہ کر لے۔ اس لیے یسوع نے اپنے شاگردوں کو متی ۱۸:۱۸ میں کہا:

میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو کچھ تم زمین پر باندھو گے وہ آسمان پر بندھے گا اور جو کچھ تم زمین پر کھولو گے وہ آسمان پر کھلے گا۔

پھر سے آسمان کے پاس زمینی دائرے میں کوئی اختیار نہیں جب تک کوئی مرد یا عورت اسے زمین پر نہ کھولے۔ اس لیے یسوع یہاں کہہ رہے ہیں کہ اگر کوئی مرد یا عورت یہاں زمین پر آسمانی اختیار کو کھولیں گے تو ان کے لیے ایسا ہو جائے گا اگر ہم ایسا نہیں کریں گے تو آسمان سے بھی ایسا نہیں ہو گا۔ اگر یہ خیال آپ کو عجیب لگا ہے تو برائے کرم یہاں نہ رو کیں۔

لیکن یہ آپ نہیں میرے دوست، آپ کو بادشاہی میں انصاف تک رسائی حاصل ہے ،آپ کے مسائل کے جوابات موجود ہیں۔

میں اس عنوان کو بعد میں بڑی تفصیل سے بتاؤ گا لیکن فی الحال اس سچائی کو مان لیجئے کہ بدروح نے لڑکے کو نہیں چھوڑا وہ قانونی طور پر اس میں کام کر رہی تھی یسوع نے کہا کہ اپنے ایمان کی کمی اور سوچ خراب ہونے کے باعث آزاد نہ ہوا اور ابلیس نے اسے اونچے پر لے جا کر دنیا کی سب سلطنت پل بھر میں دکھائی اور اس سے کہا کہ یہ سارا اختیار اور ان کی شان و شوکت دونگا کیونکہ یہ میرے سپرد ہے اور جس کو چاہتا دیتا ہوں پس اگر تو میرے آگے سجدہ کرے تو سب تیرا ہو|گا۔ لوقا۴: ۵-۷

خدا نے مردوں کے معاملات میں گناہ کے سبب سے اپنا دائرہ اختیار کھو دیا تھا لیکن میرے دوست آپ ان میں سے نہیں ہے آپ بادشاہی میں انصاف تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کے مسائل کے جوابات موجود ہیں جب آدم نے اپنی بغاوت کے سبب سے اپنے آپ کو خدا سے دور کر دیا تھا۔ اسی طرح شیطان نے بنی نوع انسان پر اختیار حاصل کر لیا تھا۔ ان کو تفصیل سے بیان کروں گا جیسا کہ میں نے کہا کہ اس کہانی کو سامنے لانے کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ والد کے رویے اور مایوسی کی طرف غور کیا جائے کہ وہ کیسے اپنے بیٹے پر رحم کے لیے جھک جاتا ہے۔ برائے مہربانی مندرجہ ذیل جملوں کو غور سے پڑھیں۔ اگر کوئی اختیار، قوانین سسٹم مسائل کو حل نہیں کر سکتے تو پھر صرف بھیک مانگنا باقی رہ جاتا ہے۔ مجھے اسے دوسرے طریقے سے کہنے دیں۔ اگر کسی شخص کے پاس مسئلے کا قانونی حل نہیں اور نہ ہی کسی ایسے عمل تک رسائی حاصل ہو تو پھر کوئی جواب بھی یقین دہانی کے طور پر نہیں ہوتا۔ پھر واقع بھیک مانگنا باقی رہ جاتا ہے لیکن میرے دوست یہ آپ نہیں ہے آپ کے پاس بادشاہی میں انصاف تک رسائی حاصل ہے۔ یاد رکھیں ایک بادشاہی ایک گورنمنٹ ہے۔ اور یہ

ان قوانین کے ذریعے کام کرتی ہے جو غیر جانبدار ہیں اور اس مملکت کے دائرہ اختیار میں رہنے والے کسی بھی شہری کے لئے دستیاب ہیں۔ جیسا کے میں نے پہلے ہی اس کتاب میں بتایا کہ خدا کی بادشاہی انصاف اور راست بازی سے چلتی ہے۔ (قانونی عمل جو خدا کے اختیار تک رسائی حاصل کرتا ہے کہ اس کا قانون جو کہتا ہے اور اسے ناخذ کر سکتا ہے) کچھ ایسے علاقے تھے جہاں سے بدروح باہر نہیں نکلتی تھی اور یہ خدا کی کمزوری یا اس کے مرضی میں تبدیلی نہیں تھی ہم یسوع کو دیکھتے ہیں کہ وہ کس طرح جلدی سے شاگردوں کو ملامت کرتا اور بدروحوں کو نکالتا ہے۔ زیادہ تر مسیحی بادشاہی کے مظاہرے کو نہیں دیکھتے تو اپنا نظریہ بدل لیتے ہیں اور یہ کہتے کہ تمام بدروحیں نہیں نکلتی وہ جانتے ہیں کہ خدا کے پاس تمام قوت ہے لہذا وہ فرض کرتے ہیں کہ خدا زمین کے دائرے میں جو کچھ کہتا ہے وہ کر سکتا ہے۔

چونکہ انسان کو زمین پر خُدا کی حکومت کی قانونی حیثیت حاصل ہے اوراِس کا اختیار اُس وقت تک کام میں نہیں آسکتا جب تک کوئی مرد یا عورت جس کا زمین پر دائرہ اختیار ہے وہ اِس پر پوری طرح قائل نہ ہوں کیونکہ جو کچھ زمین پر کھولا جائے آسمان پر کُھلے گا۔

لہذا اگر شیطان نہیں نکلا تو خدا نے اسے چھوڑنے کا اختیار نہیں کیا ہو گا میرے دوست یہ سوچ بالکل غلط ہے یسوع نے ان سے کہا کہ یہ ان کی ٹیڑھی سوچ اور بے اعتقادی کے سبب سے ہوا تھا جس نے اس معاملے میں آسمانی دائرہ اختیار کو مختصر کر دیا تھا۔ مجھے اس طرح بیان کرنے دیں۔ بدروح کے باہر نہ آنے کی وجہ اختیار کا مسئلہ تھا۔ اس کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ وہاں کوئی بھی اس صورت حال کو برداشت کرنے کے لیے آسمانی اختیار اور قانونی دائرے کو نہ لا سکا۔ لیکن گیری، وہ انکو نکالنے کی کوشش کر رہے تھے۔ یہاں لیکن جیسا کہ میں نے کہا کہ وہ قانونی طور پر نہیں نکلی تھی۔ کیوں؟ کیونکہ وہ آسمانی اختیار کو نہ استعمال کرنے کے سبب سے بدروح کو نہ نکال سکے۔ میں نے جو کچھ کہا ہے مجھے اسکی وضاحت کرنے دیں۔ کیونکہ ان کی سوچ ٹیڑھی تھی کسی بھی چیز کو قابلِ قبول یا غلط کہتے تھے یا خدا اس مسلے ٹھیک کرے گا غلط سوچ تھی۔ بے اعتقادی بھی

ایک بڑا مسئلہ تھا کیونکہ زمین کے دائرے میں دائرہ اختیار کرنے کے لئے آسمانی ایمان کی ضرورت تھی۔ شاگردوں کو بالکل یقین نہیں آیا کہ بدروح نکلے گی کے وہ ڈر گئے تھے۔ انسان کے پاس زمینی دائرے کا اختیار ہے اس لئے خدا کی حکومت اور اس کا اختیار کسی مرد یا عورت کے اختیار کے بغیر قائل نہ ہو جائے تب تک آسمان نہیں کھلے گا جس طرح سے ہمارے دلوں کو آسمان کی باتوں پر پوری طرح قائل کرنے کو ایمان کہتے ہیں اور اس دن کسی کا ایمان نہیں تھا وہ دوغلے اور بے اعتقاد ہوئے تھے۔ اس طرح اس صورتحال میں آسمانی دائرے کا اختیار رک گیا۔ لیکن یسوع کو یقین تھا کہ بدروح نکل رہی ہے! یسوع نے اسکا ذمہ سنبھال لیا اور وہ چلی گئی۔ لیکن گیری، بدروح کے نکلنے کی وجہ کیونکہ یسوع نے اسے ملامت کی تھی اسلئے وہ نکل گئی تھی۔ واقعی؟ آیئے مرقس ۶: ۵ کو دیکھیں جب یسوع اپنے آبائی شہر میں خدمت کر رہا تھا۔ اور وہ کوئی معجزہ وہاں نہ کر دیکھا سکا صرف تھوڑے سے بیماروں پر ہاتھ رکھ کر انہیں اچھا کر دیا۔ آپ کو اس بات سے انصاف کرنا پڑے گا کہ یسوع کے پاس شفا دینے کی قوت تھی۔ ایسا ہی ہے؟

پھر آپکو جواب دینے کے قابل ہونا چاہئے کہ وہ اس کہانی میں وہ سب کچھ کیوں نہیں کر سکا جو وہ کرنا چاہتا تھا۔ جس کی ان کو ضرورت تھی مگر کچھ ایسا تھا جو اسے روک رہا تھا۔ اس نے آیت نمبر چھ میں جواب دیا اور اس نے ان کی بے اعتقادی پر تعجب کیا۔ ایمان (آسمانی اتفاق) آسمانی اختیار کو زمینی دائرے میں کھولتا ہے۔ مثال کے طور پر آپ آسانی سے اس اصول کو سمجھ سکتے ہیں کہ آپ کس طرح بچے اور مسیح میں آئے تھے۔ کیونکہ راستبازی کے لئے ایمان لانا دل سے ہوتا ہے اور نجات کے لئے اقرار منہ سے کیا جاتا ہے۔ _ رومیوں ۱۰:۱۰

آپ اپنے دل میں ایمان رکھتے ہیں (آسمان کیا کہتا ہے) اور آپ عادل ہیں یہ ایک قانونی اصطلاح ہے جس کا مطلب قانون کا نظم و نسق ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ اب آسمان زمین کے دائرے میں قانونی حیثیت رکھتا ہے اس اصول کے ایک سادہ نظریے میں یاد رکھیں کہ آدم کو یہاں زمین پر قانونی اختیار دیا گیا تھا اور آج وہ مقام حاصل ہے۔

یہ انسان کی روحانی طور پر حکمرانی کرنے میں ناکامی کے ساتھ الجھن میں پڑنا نہیں ہے کہ وہ باغ میں شیطان سے ہار گیا تھا۔ خدا اس قانونی حیثت کی خلاف ورزی نہیں کر سکتا جو انسان اب اس زمینی دائرے میں رکھتا ہے اسطرح خدا نے ایک مرد

اور عورت کی تلاش کی جو اس زمینی دائرے میں آسمانی اختیار کھول سکے۔ رومیوں ۱۰:۱۰ میں آپ دیکھیں گے کہ یہاں زمین کے دائرے میں آسمانی اختیار اور قوت کے جاری ہونے سے پہلے دو کونسی چیزیں ہوتی ہیں۔ پہلی بات کا میں نے پہلے ہی ذکر کر دیا تھا ہمیں دل میں آسمانی بات سے اتفاق کرنا ہے اسے ایمان کہتے ہیں۔ دوسرا ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ صرف ایمان رکھنا ہی آسمان کو نہیں کھولے گا۔ آپ حیران ہونگے؟ مجھے بیان کرنے دیں۔ لایٹ سوئچ کے بارے میں سوچیں۔ پاور تو آن ہے لیکن ابر یعنی روشنی کیلیئے آپ کو سوئچ آن کرنا پڑے گا۔ جب ہم اپنے دل میں آسمانی احکامات کو ماننے کیلیئے ایمان رکھتے ہیں تو اس سے ہمارا تعلق قانونی بن جاتا ہے لیکن پھر بھی ہمیں اپنے اختیار کو استعمال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ جیسے میری مثال میں ہوا کہ ہمیں سوئچ کو آن کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہم ایسا اس لیے کرتے ہیں کیونکہ اسطرح ہم بادشاہی اختیار کا اقرار کرتے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ میں اپنے آپ کو دُہراتا ہوں لیکن بادشاہی کہ اس قانون کو سمجھنا آپ کیلیئے بہت ضروری ہے کہ آپ آسمان سے سب کچھ حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں آپ آسمان سے وہ سب کچھ حاصل کریں گے جس کے ملنے کا وعدہ آپ سے آپکی نجات کے دن کیا گیا تھا اور جو کچھ آپ دل میں اقرار کریں گے خدا وہ سب کرے گا۔ بادشاہی کے متعلق جو کچھ یسوع مسیح نے سکھایا اور ظاہر کیا وہ سب شاگردوں کیلیئے غیر معمولی سا تھا۔ ہم شاگردوں کو دیکھ سکتے ہیں کہ وہ کئی دفعہ الجھن میں پڑ جاتے تھے۔ پچھلے صحیفے کے مطابق میرا ماننا یہ ہے کہ شاگرد بدروحوں کے نکالنے سے خوفزدہ تھے اور دوغلا ذہن رکھنے کی وجہ سے اپنا ایمان کھو بیٹھتے تھے اور میں فرض کر سکتا ہوں کہ جس طرح انہوں نے بدروح کو نکالا اس سے ظاہر ہوا کہ لڑکے کو پیچھے پھینک دیا تھا۔ جس کی وجہ سے خوف کا سامنا ہو سکتا تھا میں یہاں قیاس آرائی کر تا رہا ہوں لیکن ایک بات کا مجھے یقین ہے کچھ ایسا ہوا کہ ان کے دل اعتقاد سے بے اعتقادی میں آ گئے۔ دوسری طرف یسوع اس بات پر پوری طرح قائل تھے کہ آسمان نے ایسی صورت حال کے بارے میں کیا کہا اور بدروح کو وہاں سے جانے کا حکم دیا تو ہم دیکھ سکتے ہیں کہ بدروح کے نہ نکلنے کی وجہ آسمانی نہیں بلکہ زمینی دائرے میں تھی۔ اگر مجھے کسی صحیفے کا انتخاب کرنا پڑے جو زمین کے دائرے میں آسمانی بادشاہی کے متعلق بیان کرے تو میں مرقس ۱۱: ۲۲ -۲۴ کا انتخاب کروں گا۔ مثال کے طور پر ہمیں کچھ مثالوں کی طرف واپس جانے کی ضرورت ہے جہاں آپ دیکھیں گے کہ یسوع نے انجیر کے درخت پر لعنت کی اور وہ وہیں سوکھ گیا کیونکہ ان کو وہاں پھل نہ ملا۔ اگلے دن جب شاگرد وہاں گئے تو درخت سوکھا ہوا تھا۔ پطرس حیران ہو جاتا ہے اور حیران ہو کر وہ یسوع کے سامنے روتا ہے۔

یسوع نے جواب میں ان سے کہا" خدا پر ایمان رکھو۔" میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو کوئی اس پہاڑ سے کہے تو اکھڑ جا اور سمندر میں جا پڑ اور اپنے دل میں شک نہ کرے بلکہ یقین کرے کہ جو کہتا ہے وہ ہو جائے گا تو اُس کے لیے وہی ہو گا اس لئے میں تم سے کہتا ہوں کہ جو کچھ تم دعا میں مانگتے ہو یقین کرو کہ تم کو مل گیا اور تم کو مل جائے گا۔_ مرقس ۱۱: ۲۲- ۲۴

"میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو کوئی اس پہاڑ سے کہے تو اکھڑ جا اور سمندر میں جا پڑ اور اپنے دل میں شک نہ کرے بلکہ یقین کرے کہ جو کہتا ہے وہ ہو جائے گا تو اُس کے لیے وہی ہو گا۔،،-مرقس ۱۱ : ۲۴

غور کریں کہ جو کچھ ہوا پطرس اس پر حیران تھا کہ یہ کیسے ہوا؟ جبکہ یسوع نے صرف کہا ہی تھا اور بلاشبہ درخت نے یسوع مسیح کے الفاظ کا جواب دیا اور درخت سوکھ گیا۔ پھر یسوع نے پطرس کو ایک "سچائی " یعنی آسمانی بادشاہی کا قانون سیکھایا۔ یسوع مسیح کے بیان ہمیں مزید سمجھ دیتے ہیں کہ خدا کی بادشاہی زمینی دائرے میں کس طرح کام کرتی ہے ایک بار پھر ہم اس مثال میں ہم وہی قانون کو کام کرتا ہوا دیکھ رہے ہیں۔ جسکی ہم بات کر رہے ہیں۔ جب زمین پر مرد یا عورت آسمان سے کچھ حاصل کرنے کیلئے متفق ہوتے ہیں (تو پھر آسمانی قانون نافظ ہوتا ہے)اور اب اختیار آسمان سے جاری ہوتا ہے۔ اس کہانی کا شخص، یسوع خود ہے لیکن یسوع نے اپنے شاگردوں پر یہ واضح کیا کہ "کوئی بھی" وہ کر سکتا ہے جو یسوع نے کیا مجھے یقین ہے کہ آپ اتفاق کریں گے کہ یسوع کی اس تعلیم کو سمجھ جائیں تو اس کا زبردست اثر پڑے گا میں نے اپنے خاندان کی زندگیوں میں بادشاہت کا اثر دیکھا لیکن بادشاہت دیکھنا بھی بہت اچھا تھا دوسرے خاندانوں کو متاثر کریں جیسا کہ ہم نے سیکھا تھا۔ مجھے اپنے چرچ کی ایک کہانی بیان کرنے دیں جہاں اس قانون کا مظاہرہ کیا گیا تھا۔

بادشاہی اور اسکے کام کا علم ہونا زندگی اور موت کے درمیان فرق ہے۔ اس کہانی میں ایسا تھا۔ جینیفر نے ہمارے چرچ آنا شروع کیا اور بادشاہی کے متعلق سننا شروع کیا۔ وہ بادشاہی میں اپنے اختیار اور حقوق کو جان کر بہت خوش تھی۔ کیونکہ وہ اپنے دوسرے بچے کے ساتھ حاملہ تھی اور وہ اس کی پیدائش اپنے گھر میں چاہتی تھی۔ پھر اس نے کلام پڑھنا شروع کر دیا

کہ وہ بچے کی پیدائش کے متعلق کیا کہتا ہے اور ان وعدوں کو پڑھنا شروع کیا تاکہ وہ اسے اپنے بچے کی زندگی پر لاگو کر سکے اسے یقین تھا کہ وہ گھر پر ہی تندرست بچے کو جنم دے سکتی ہے اس نے ایک دائی کا انتخاب کیا جو ہمارے چرچ کی خواتین تھی ان میں سے ایک کے گھر بچے پیدا ہوئے تھے اس سے درخواست کی کہ اگر وہ اسکے گھر میں اس کی مدد کر سکے اس کے بچے کی پیدائش سے پہلے وہ ہر عبادت میں بادشاہی کے اصولوں کو سیکھنے آتی تھی یہ تصورات جینیفر کیلئے بلکل نئے تھے اور وہ یہ جاننا پسند کرتی تھی کہ اس کے جوابات خدا کی بادشاہی میں موجود تھے، بدقسمتی سے اس وقت کے دوران اس کے شوہر کو کام کرنا پڑتا تھا اور اتوار کے روز بھی کام کرتا تھا جس کی وجہ سے اکثر وہ اس کے ساتھ چرچ نہیں جاتا تھا۔ خیر آخر کار بچے کی پیدائش کا وقت آگیا۔ دائی اور کوچ کو بلایا گیا اور یہ آدھی رات دو یا تین بجے کا وقت تھا جب فون میرے بستر کے پاس تھا بجنا شروع ہوا دوسری طرف میں نے جینیفر کی کوچ کو چیختے ہوئے سنا۔ "پادری صاحب براہِ کرم دعا کریں بچا مردہ پیدا ہوا ہے!" اس خبر نے مجھے چونکا دیا۔ کوچ نے بتایا کہ بچے کو ابھی ایمبولنس کے ذریعے ہسپتال بھیج دیا گیا ہے۔ اس نے مجھے بتایا کہ درحقیقت طبی ٹیم نے بچے کو مرا ہوا قرار دیا تھا۔ ڈرا اینڈا اور میں جلدی سے اٹھے اور میں روح میں دعا کرنے لگا کہ اب مجھے کیا کرنا چاہیے اور میں جانتا تھا کہ اس واقع کے ذریعے شیطان ہمارے چرچ کو بدنام کرنا چاہتا تھا۔ میں سرخیاں دیکھ سکتا تھا "کہ بچے کی موت اس وقت ہوتی ہے جب چرچ گھر میں پیدائش کی حوصلہ افزائی کرتا ہے" ہم نے واقعی اس سلسلے میں کوئی موقف اختیار نہیں کیا تھا کہ بچے کی پیدائش گھر ہونی چاہیے یا نہیں لیکن بہت سی خواتین گھر پر جنم دینے کا انتخاب کرتی ہیں اور یہ سچ تھا، ڈرا اینڈا اور میں بیس مینٹ تک دعا کرتے رہے جب ہم ہسپتال کی طرف جا رہے تھے جب ہم آدھے راستے پر پہنچے تو خدا کی روح مجھ پر ٹھہری اور مجھے محسوس ہوا کہ بچا ٹھیک ہو جائے گا۔ میں جانتا تھا کہ خدا نے مجھ سے اور میری بیوی سے کیا کہا تھا جیسے ہی میں ہسپتال کے کمرے میں داخل ہوا میں الجھن میں تھا کہ ہم کیا کریں گے آئی آر میں میں نے دیکھا کہ سات یا آٹھ نرسوں کا ایک گروپ کھڑا تھا جہاں ایک نارمل گلابی رنگ کا بچہ روتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ میں نے ان کے چہروں کا بخوبی مطالعہ کیا۔ زیادہ تر ایسی حالتوں میں جہاں بچے کو خواتین کے ایک گروپ کے پاس رکھا جاتا ہے آپ کو ایک سکرپٹ نظر آئے گی۔ لیکن اس بار وہاں کوئی نہیں تھا اس کی بجائے ہر چہرے پر صدمے کے آثار تھے۔ پھر ہم اس عورت سے ملے جس نے ہم کو بلایا تھا۔ اس نے بتایا کہ پہلے بچے کو مرا ہوا بتایا گیا تھا جب بیس منٹ پہلے گھر تھا لیکن جب بچہ گھر آیا اس وقت بھی مردہ تھا لیکن اچانک وہ بیدار ہوا۔ خداوند کی حمد ہو! ڈرا اینڈا اور میں بچے کو زندہ اور اچھی

حالت میں دیکھ کر بہت خوش تھے بلکل جس طرح روح القدس نے ہمیں بتایا تھا اس دوران ایک مختلف ایمبولینس نے بچے کی ماں کو ایک دوسری وارڈ میں پہنچا دیا۔ وہ اپنی بیٹی کے متعلق نہیں جانتی تھی۔ میری بیوی اس کمرے میں اسے دیکھنے گئی۔ جیسے ہی ڈرابینڈا اندر داخل ہوئی اس نے دیکھا کہ جینیفر اندر آرام کر رہی تھی اس نے کہا" تمہاری بیٹی بلکل ٹھیک ہے اور سو رہی ہے۔" جینیفر کے پاس کھڑی نرس نے چھلانگ لگائی اور کہا۔" وہ بچہ باڈی بیگ میں ہے! میری بیوی نے بہت دلیری کے ساتھ نرس کی غلطی کی اصلاح کی۔ آج خدا کے فضل سے وہ بچی جس کا نام ہیلی تھا ایک خوبصورت نوجوان خاتون ہے جسے صحت یا دماغ میں کسی قسم کا مسلہ نہیں ہے۔ یہ سمجھنا کہ خدا کی بادشاہت روحانی قانون کی بنیاد پر چلتی ہے میں جانتا تھا کہ یہ نتیجہ اتفاقی طور پر نہیں تھا۔

لہذا روحانی سائنسدان ہونے کے ناطے (ایک مسیحی سائنسدان نہیں بلکہ ایک ایسا شخص جو یہ جانتا ہو کہ خدا کی بادشاہی کیسے کام کرتی ہے) میں جاننا چاہتا تھا کہ آخر کار کیا ہوا تھا میں جانتا تھا کہ بچی ہیلی کو" سرکاری طور پر مردہ" قرار دیا گیا تھا جب ایمبولینس گھر آئی تھی۔ مجھے یہ بھی معلوم تھا کہ بچے کو ہسپتال بھی مرا ہوا قرار دیا گیا تھا۔ تو کیا ہوا؟ میں نے اُس کوچ سے بات کی جو پیدائش کے وقت وہاں موجود تھی اور اس سے پوچھا کہ تمام تفصیل میں بتائے کہ کیا ہوا تھا۔ میں سوراغ ڈھونڈ رہا تھا۔ بچے کی پیدائش سے پہلے سب کچھ ٹھیک چل رہا تھا۔ اس کے پاس کوئی خاص علامت نہیں تھی اور اس کا رنگ گہرا نیلا تھا۔ دائی نے بچے کو ہلانے کی کوشش کی لیکن کچھ نا ہوا۔ کوچ نے بتایا کہ جینیفر کے بہت سے رشتے دار وہاں پر موجود تھے جو گھبرا گئے تھے۔ لیکن جینیفر نے ان کو اطمینان سے خاموش رہنے کو کہا اور پھر اس نے اپنے شوہر کو کہا" کیا تم نے کہا کہ یہ بچی ٹھیک ہو جائے گی۔" زبردست! بس یہی تھا! یہ وہ لمحا اور اعلان تھا جب ہیلی کی جان بچ گئی تھی میں نے ایک جاسوس کو محسوس کیا جس نے سارا مسلہ حل کر دیا تھا اور میں پرجوش تھا۔ یہ بہت سادہ تھا پھر بھی اتنا گہرا تھا جینیفر نے اس صورتحال کے دوران صرف روحانی قانون کا اطلاق کیا تھا جس نے اس کی بیٹی کی جان بچائی تھی! جو کچھ میں نے سیکھا تھا اس پر غور کرنا یہ سب سمجھ آگیا تھا۔ جینیفر جانتی تھی کہ اس کے کام کے شیڈول کی وجہ سے اس کا شوہر ایمان میں نہیں بن پایا تھا جیسا کہ پچھلے مہینوں میں تھا۔ وہ یہ بھی جانتی تھی کہ اس کے گھر کے سربراہ کی حیثیت سے پیدائش کے وقت خوفزدہ منظر کے ساتھ آسکا معاہدہ بچے کی قسمت پر مہر لگا دے گا۔ یہی وجہ تھی کہ اس کا پہلا جواب یہ تھا کہ وہ اپنے شوہر سے بات

کرے اور اپنے بچے کی موت سے اتفاق نا کرنے دے جینیفر کو یقین تھا کہ بچہ زندہ رہے گا اور ٹھیک رہے گا اور اس نے دلیری اور ایمان کے ساتھ اس کا اعلان کیا جیسے ہی جینیفر کو ہسپتال سے چھٹی دی گئی تو وہ ایمبولینس کے عملے کے پاس گئی اور ان سے پوچھا کہ اس رات ہسپتال جاتے وقت انہوں نے بچے کے لئے کیا کیا تھا۔ انہوں نے حیران چہروں سے اس کی طرف دیکھا۔ "کچھ نہیں" ان میں سے ایک نے پیش کش کی۔

" آپ کا کیا مطلب ہے، کچھ نہیں؟

"جینیفر نے پوچھا کہ "کیا آپ نے سی آئی پی کیا؟

"انہوں نے کہا، نہیں "

کیا آپ نے بچے کے ساتھ کچھ کیا؟

انہوں نے دوبارہ کہا" نہیں"۔

انہوں نے بتایا کہ بچی مری ہوئی تھی اور اس کی بحالی کی کوئی امید نہیں تھی۔ تاہم جب وہ ہسپتال پہنچے تو بچے نے ہوش کی اس ایمبولینس کے عملے کو ہسپتال اور فایر ہاوس سے سال کے جواب کے لئے ایک سالانہ انعام مشکل صورتحال کے نتایج کی بنا پر دیا گیا لیکن انہوں نے اعتراف کیا کہ انہوں نے کچھ نہیں کیا تھا ہم نے حال ہی میں ٹیلی ویژن پر ہیلی کو اسکی والدہ کے ساتھ نشر کیا اور ہم سب نے اپنی آنکھوں میں آنسوں کے ساتھ دوبارہ خُدا کی بادشاہی کا جشن منایا۔ ہم نے اس بات کا جشن منایا کہ کوئی شخص منظر پر تھا جو جانتا تھا کہ بادشاہی کے روحانی قانون اور اختیار کے اندر کیسے کام کرنا ہے۔ اس کہانی میں ہم جانتے ہیں کہ جینیفر آسمان کی کہنے پر پوری طرح قائل ہے اور پھر اپنے الفاظ کو اس صورت میں جاری کرتی ہے، قوانین کام کرتے ہیں! میرے چرچ میں ایک اور خاندان ہے جسے خدا کی بادشاہی کے اس قانون کا تجربہ حاصل ہوا۔ دونوں نے ایک ساتھ کھانا کھانے کا ارادہ کیا جو کہ کوئی آسان کام نہیں تھا کیونکہ ان کے درمیان ۱۲ یا ۱۳ بچے تھے۔ خیر جب وہ دوپہر کا کھانا کھا رہے تھے۔ تو چار سالہ جویل لاپتہ تھا انہوں نے پورا گھر دیکھا لیکن وہ نا ملا۔ انہوں نے سوچا شاید وہ

چھپا ہوا ہے لیکن پھر بھی وہ نا مل سکا لیکن اچانک ییٹنا کی ماں کو خوفناک خیال آیا۔ گھر کے پچھواڑے میں زیر زمین تالاب کے بارے میں کیا خیال ہے؟ وہ اپنی تیرہ سالہ بھانجی کے ساتھ دروازے کے پچھلی طرف بھاگی۔ ییٹنا خوف سے مغلوب تھی کیونکہ انہوں نے جویل کو تالاب کے اندر بے حرکت پایا کوئی نہیں جانتا تھا کہ تالاب میں کتنی دیر سے تھا۔ ییٹنا نے چلا کر ۹۱۱ پر کال کی جب انہوں نے پول میں چھلانگ لگا کر جویل کو باہر نکالا وہ سانس نہیں لے رہا تھا وہ بلکل بے حرکت تھا تیرا سال کی بچی جس کی پرورش ہمارے بچوں کی منسٹری میں ہوئی تھی اس نے اپنی خالہ سے کہا نہیں ییٹنا آنٹی ہمیں ۹۱۱ پر کال کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ہمارے پاس اختیار ہے ہمیں دعا کرنی چاہئے۔ چنانچہ انہوں نے دعا کرنی شروع کی لیکن کچھ نہیں ہوا۔ ییٹنا نے پھر چیخ کر کہا "۹۱۱ پر کال کریں!" کورینی نے پھر اپنی خالہ سے کہا، چنانچہ کورینی نے کہا "جویل یسوع کے نام سے اٹھو!" اچانک جویل کے منہ سے پانی نکلا اور وہ بلکل ٹھیک ہو گیا۔ جب میں اس کہانی پر دوبارہ سوچتا ہوں تو میں ہمیشہ حیران رہ جاتا ہوں میں اس بات پر حیران نہیں ہوتا کہ لڑکا ٹھیک ہوا تھا بلکہ تیرا سال کی لڑکی اور اس کے دماغ کی موجودگی سے حیران تھا انتہائی دباؤ والے حالات زندگی اور موت کی صورتحال میں وہ اس بات کا اندازہ لگانے کے قابل تھی کہ ڈرے بغیر کیا کرنے کی ضرورت تھی۔

کورئنی نے اس بات کی تصدیق کی کہ یہ جاننا کہ بادشاہی کیسے چلی زندگی اور موت اور ایک اچھے واعظ سے زیادہ ضروری تھا پھر سے غور کریں کہ خدا کی بادشاہی کیسے کام کرتی ہے پہلی کورئنی نے کہا کہ ان کو دعا کرنے کی ضرورت ہے جس سے کچھ نہ ہوا اسکی وجہ یہ ہے کہ جب ہم دعا کرتے ہیں تو خدا کی قوت اور قدرت کو جاری نہیں کرتے۔ بلکہ ہم خدا سے ہدایت کی دعا کرتے ہیں اور اس لمحے ان کو کورئنی نے کہا کہ اسے اس لڑکے پر زندگی کا علان کرنے کی ضرورت ہے اور جب انہوں نے ایسا کیا تو وہ ٹھیک ہو گیا اور وہ آج بھی زندہ ہے۔ ایک بار پھر ہم اس دل کو دیکھتے ہیں جو آسمان کی باتوں پر پوری طرح قائل ہے لیکن پھر بھی اس وقت تک کچھ نہیں ہوتا جب تک کہ اس اختیار کو زمین کے دائرے میں کسی ایسے مرد یا عورت کے ذریعے سے جاری نہ کیا جائے جو ایمان میں ہوں۔ میں آپ کو ایک اور کہانی سناتا ہوں جو میرے گھر کے بہت قریب تھی۔ ڈرانیڈا کا بھائی اپنی بیوی کینڈی کو اپنے پانچویں بچے کی پیدائش کے لیے ہسپتال لے کر گیا۔ میں اور ڈرانیڈا اس وقت ہسپتال رکے تاکہ کینڈی اور آنے والے بچے کو دیکھ سکیں ہم نے یہ سوچا کہ پیدائش ہمارے وہاں پہنچنے سے پہلے ہی ہو چکی

تھی۔ لیکن ہمیں پتہ چلا کہ کچھ تاخیر کی وجہ سے پیدایش ابھی ہوئی ہے۔ جب ہم وارڈ میں گئے تو ہالینڈ بے بی کو نرسری میں لایا جارہا تھا جیسا کہ شاید آپ نے ہسپتال میں وارڈ میں دیکھا ہو گا کہ بنیادی طور پر نرسری میں تمام کھڑکیاں آپ کو نوزائید بچوں کو اندر لاتے ہی دیکھنے کی اجازت دیتی ہے۔ جیسے ہی وہ چھوٹی بچی ہالینڈ کو اندر لائے میں نے دیکھا کہ وہ سفید رنگ کی ہے۔ جونی کے بچے سفید اور سنہرے بالوں والے ہیں پہلے میں نے سوچا کہ پیدایش کے وقت اس کے بچوں کیلئے اس کی رنگت کی کمی ممکنہ طور پر معمول کی بات تھی۔ لیکن پھر بھی وہ ٹھیک نہیں لگ رہی تھی۔

یادرکھیں بادشاہی کے قوانین ہر وقت ہر کسی کے لئے کام کرتے ہیں

اچانک ڈاکٹر ادھر ادھر بھاگنے لگے۔ نرسوں نے جلدی سے پردے کھینچ لیئے۔ تاکہ میں نرسری میں نہ دیکھ سکوں اور مجھے معلوم تھا کہ یہ اچھی علامت نہیں تھی۔ پردے کو ہٹانے کے باوجود ایک شگاف تھا۔

جسکے ذریعے میں نے سب کچھ ہوتا ہوا نہیں دیکھا۔ نرسوں نے سامان نکالنا شروع کر دیا اور ایک ڈاکٹر نے ہالینڈ پر سی پی آر کرنا شروع کر دیا میں نرسری کے دوسرے دروازے کی طرف چل پڑا جہاں میں صاف سن سکتا تھا کہ ڈاکٹر کیا بات کر رہے تھے۔ جب میں نے سنا تو میں چونک گیا کیونکہ میں نے اپن کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ بچے کی دھڑکن نہیں ہے اور وہ دل کے متعلق کچھ نہیں سن پا رہے۔ جیسے جیسے میں سنتا رہا میں دل کے مانیٹر کی دھڑکن کو سن سکتا تھا میں اس کی آواز کو پندرہ سے بیس سیکنڈ میں پھر سن سکتا تھا لیکن ہالینڈ میں دل کی دھڑکن نہیں تھی۔ ڈاکٹر کمرے میں آیا اور جونی کے پاس گیا "جونی کچھ ٹھیک نہیں لگ رہا ہم کوشش کر رہے ہیں لیکن نرسری میں جانے کی اجازت نہیں تھی میں نے ڈرائینڈا نے اور جونی نے نرسری کے دروازے پر ہاتھ رکھے اور دعا کی اور اعلان کیا کہ ہالینڈ نہیں مرے گی وہ زندہ رہے گی اور ٹھیک ہو جائے گی اور ہم نے حکم دیا کہ یسوع کے نام میں اس کے دل کی دھڑکن چلنے لگے اچانک وہ ڈاکٹر جو جونی سے بات کر رہا تھا جلدی سے نرسری سے باہر آیا۔ وہ ایک لفظ کہے بغیر ہمارے پاس سے بھاگا۔ کچھ منٹ بعد وہ جلدی سے ایک نرس کے ساتھ واپس آیا جو اس کے پیچھے بلند آواز سے بول رہی تھی "ڈاکٹر، ہم ایسا نہیں کر سکتے۔ ہمیں ہسپتال میں یہ طریقہ کار کرنے کا اختیار نہیں ہے میں آپ کو اس خون کے لیے اجازت نہیں دے سکتی "اس نے اس پر توجہ نہیں دی اور واپس نرسری میں چلا

گیا۔ اس نے ایک دستہ پکڑا اور میں بتا سکتا تھا کہ وہ اختیار سے اس کا مطالعہ کر رہا تھا میں نے پردے میں دیکھا کہ وہ بچے میں ایک لمبی ٹیوب ڈالنے لگا تھا مجھے اب یہ احساس ہوا کہ وہ بچے کو خون دے رہا تھا۔ اچانک مجھے دل کی دھڑکن شروع ہونے کی آواز سنائی دی اس نے رفتار حاصل کی اور نوزائیدہ کی دھڑکن معمول کے مطابق ہو گی۔ ڈاکٹر ایک منٹ میں باہر آیا اور کہا، "خداوند کے فرشتے موجود تھے جنہوں نے بچی کیلئے میری مدد کی۔ ہم بتا سکتے ہیں کہ ڈاکٹر بلکل چونک چکا تھا۔ تب ہمیں معلوم ہوا کہ وہ ڈیوٹی پر نہیں تھا اور کینڈی کی ڈیلوری میں شامل نہیں تھا وہ اس وقت کسی مریض کو دیکھنے کے لئے باہر نکلا تھا جس وقت یہ سب ہوا۔ میں بتا سکتا تھا کہ ڈاکٹر اب بھی حیران تھا کہ کیا ہوا جیسا کہ اس نے بتایا کہ ہالینڈ کے دل کی دھڑکن ۳۶ منٹ تک نہیں چلی تھی۔ آج ہالینڈ بہت خوبصورت اور چار سال کی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ بادشاہی قانون کے بارے میں ہماری سمجھ تھی جو اس صورتحال کے جوابات لے کر آئی۔ مجھے ابھی بھی یاد ہے کہ جیسے ہی میں نے اپنے ہاتھ نرسری کے دروازے پر رکھے تھے تو میں نے اپنے آپ میں سوچا تھا، کہ ہم ڈرا ینڈا کی چھوٹی سی بچی کے جنازے پر نہیں جائیں گے یہ ہماری گھڑی میں نہیں ہے۔ جیسا کہ ہم اس بات پر غور کرنے کیلئے رک جاتے ہیں کہ میں نے ابھی بیان کیا ہے کہ ہماری ہر کہانی پر بادشاہی نے کسطرح اثر ڈالا میں آپ کو یاد دلانا چاہوں گا کہ بادشاہی کا قانون کسی بھی وقت کسی کیلئے بھی کام آ سکتا ہے۔ جیسا کہ میں نے اس کتاب کے آغاز میں کہا تھا کہ زمینی دائرے کے قدرتی قوانین ہر بار ایک ہی نتائج کیلئے کام کرتے ہیں۔ وہ غیر جانبدار ہیں اور ہر اُس شخص کیلئے کام کریں گے جو ان کو سیکھنے اور ان کا اطلاق کرنے کیلئے وقت نکالیں گے۔ جس طرح بجلی افریقہ میں کام کرتی ہے اسی طرح امریکہ میں بھی کام کرتی ہے۔ اس سے فرق نہیں پرتا جب ہمیں یہ محسوس ہوا کہ خدا کی بادشاہی ایک ایسی بادشاہت ہے جس کی بہت وضاحت کی گئی ہے حالانکہ میں پوشیدہ قوانین جانتا تھا کہ مجھے اپنے قوانین کا جواب مل گیا تھا۔ میں نے محسوس کیا کہ یہ کبھی بھی خدا نہیں تھا جو میری ضرورت کے وقت مجھے برکت دینے یا میری مدد نہ کرنے کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ نہیں بلکہ اب میں نے یہ محسوس کیا کہ خدا نے مجھے وہ سب کچھ اپنے بیٹے یسوع مسیح کے وسیلہ سے دیا ہے اور ان سب پر جو آسمانی برکتیں ہیں ان تک رسائی دی جسکی مجھے ضرورت تھی۔ اب میں سمجھ گیا ہوں کہ بادشاہت طے شدہ قوانین کے ذریعے سے چلتی ہے جو میں سیکھ سکتا ہوں اور اپنی زندگی پر لاگو کر سکتا ہوں میں نے بائبل کی ہر کہانی کو مختلف ذہن کے ساتھ پڑھنا شروع کیا جس سے بادشاہی کے ایک اور قانون کا انکشاف ہوا۔ میں نے اپنے آپ سے ایک روحانی سائنسدان بننے کا عہد کیا تاکہ میں جان سکوں کہ بائبل کی

کہانیوں میں ایسی چیزیں کیوں ہوئیں جو میں نے اکثر پڑھی تھی۔ پہلے یوحنا میں بہت سے لوگوں کو یہ صحیفہ مضحکہ خیز لگتا ہے ۔ میں جانتا ہوں کہ ہم نے اسے پہلے پڑھا ہے لیکن آئیں اسے دوبارہ پڑھیں کیونکہ اس میں مسیح کی آواز ہے جو آپ کو جواب ہے۔

"اور ہمیں جو اس کے سامنے دلیری ہے اسکا سبب یہ ہے کہ اگر اس کی مرضی کے موافق کچھ مانگتے ہیں تو وہ ہماری سنتا ہے اور جب ہم جانتے ہیں کہ جو کچھ ہم اس سے مانگتے ہیں وہ ہماری سنتا ہے تو یہ بھی جانتے ہیں کہ جو کچھ ہم نے اُس سے مانگا ہے وہ پایا ہے۔ _یوحنا ۵: ۱۴- ۱۵

مجھے یہ صحیفہ پسند ہے کیونکہ یہ قانون کی بات کرتا ہے جو ہمیں انصاف حاصل کرنے کیلے دلیری دیتا ہے کہ ہم جو کچھ خدا کی مرضی سے مانگتے ہیں (ایسا قانون جسے خدا حق کہتا ہے) تو وہ ہماری سنتا ہے۔ پھر سے یہ اصطلاح "ہماری سن" اسکا یہ مطلب نہیں ہے کہ خدا ہمارے سننے والے الفاظ سن رہا ہے حالانکہ وہ سنتا ہے بلکہ یہ کہ خدا ہمارے معاملات کو اپنے ہاتھ میں لیتا ہے۔ اگر آپ کسی ایسے جج کے متعلق سوچیں جو کسی مقدمے کو قانون کے مطابق (کم از کم اسطرح قانون چلتا ہے) تو آپ کو اس صحیفے کی سمجھ آجائے گی۔ وہ ہماری سنتا ہے اور ہمارا مقدمہ اپنے ہاتھ میں لیتا ہے اور ہم انصاف کے حصول کیلئے پر اعتماد ہو سکتے ہیں جو کہ ہمارا قانونی حق ہے۔ میرے دوست مجھے لگتا ہے کہ آپ کو واقعی رکنے اور اِسے آہستہ سے پڑھنے کی ضرورت ہے جو کچھ آپ نے پڑھا ہے اگر وہ سچ ہے اور ایسا ہی ہے تو پھر آپ اپنی زندگی میں خوشی سے بھرنے کو ہیں جو لوگ اس معرفت کے بغیر دعا کرتے ہیں ان کے پاس دلیری نہیں ہے۔ وہ دعا کرتے وقت بڑبڑا رہے ہوتے ہیں۔

یسوع متی ۶: ۷-۱۳ میں بیان کرتے ہیں؛ "اور دعا کرتے وقت غیر قوموں کی طرح بک بک نہ کرو کیونکہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے بہت بولنے سے ہماری سنی جائے گی۔ _ متی ۶: ۷- ۱۳

لفظ "بک بک" کا مطلب ہے بے معنی الجھن۔ الفاظ یا لفظ میں اکثر لوگ اس طرح دعا کرتے ہیں انہیں اپنے انصاف کے حق یا بیان تک کہ خدا نے انہیں بادشاہت میں قانونی طور پر کیا دیا ہے اسکا کوئی اندازہ نہیں ہے۔ جو کچھ پہلے ہی آپ کا ہے اُس کیلئے آپ کو رونے یا بھیک مانگنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ فرض کریں کہ ایک پولیس افسر سڑک پر کھڑا ہوا ہے اور

وہ ٹرک والے کو روکنے کو ہے اور وہ بھیک مانگنے یا رونے لگے کہ ٹرک کو روکیں مہربانی ٹرک رک جاؤ مجھ پر رحم کرو، برائے مہربانی رک جاؤ۔ "یہ ریاست متحدہ کی قوم اور اسکے قانونی نظام کی سب سے زیادہ اور ذلت آمیز توہین ہو گی۔ نہیں بلکہ پولیس والا وہاں کھڑا ہو کر اس ملک کے قانون کے مطابق ٹرک رکنے کا حکم دے گا اور وہ رک جائے گا بطور ایک افسر ہونے کے وہ حکومت کی نمائیندگی کرتا ہے۔ جو لوگ خدا سے بھیک مانگتے ہیں وہ قانون یا ان کے مقام کا کوئی اندازہ نہیں رکھتا۔ اگر کوئی پولیس والا کسی ٹرک والے سے اسے روکنے کی بھیک مانگے گا تو یہ قوم کی توہین ہو گی جو یہ تصویر کشی کرے گی کہ اس ملک میں کوئی قانون اور اختیار نہیں ہے اس قسم کی قوم میں آپ کو مشکلات کا سامنا ہو گا اب مسیحی بھیک مانگتے ہیں اور ایسے جاری رکھتے ہیں تو وہ بادشاہ کی تصویر کشی کرتے ہیں یہ لوگوں کو خدا کی رضا یا ان کی مدد کرنے کی صالاحیت پر شک کرنے کا سبب بنتے ہیں۔ جبکہ ان کے پاس پہلے ہی اس کا حق ہوتا ہے جو وہ مانگ رہے ہوتے ہیں یسوع نے ہمیں اس قسم کی دعاؤں اور خواہشوں سے منع کیا ہے "اسے روکیں اور دعا کرتے وقت غیر قوموں کی طرح بک بک نہ کرو کیونکہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے بہت بولنے سے ہماری سنی جائے گی۔

پس تم اس طرح دعا کرو کہ اے ہمارے باپ تو جو آسمان پر ہے تیری مرضی جیسے آسمان پر پوری ہوتی ہے زمین پر بھی پوری ہو ہمارے روز کی روٹی آج ہمیں دے اور جسطرح ہم اپنے قرض داروں کو معاف کرتے ہیں تو بھی ہمارے قرض ہمیں معاف کر ہمیں آزمایش میں نہ لا بلکہ برائی سے بچا (کیونکہ بادشاہی قدرت اور جلال ہمیشہ تیرے ہی ہیں) متی ٦: ٧-١١

یاد رکھیں کہ یسوع اس آیت میں ہمیں دعا کرنے کا طریقہ سیکھا رہا ہے۔ بدقسمتی سے بہت سے لوگ اس آیت کو خوبصورتی سے گھروں میں لگائے بیٹھے ہیں لیکن ان کا مفہوم نہیں سمجھتے۔ اس حوالے کو خداوند کی دعا کہا جاتا ہے جبکہ یسوع مسیح شاگردوں کو سیکھا رہے تھے کہ کیسے دعا کرنی ہے وہ لفظی دعا نہیں کر رہا تھا جس طرح ہم اکثر چرچز میں کرتے ہیں یہ الفاظ ایک ہدایت نامہ ہیں اگر آپ چاہیں تو دعا کرنے اور نتائج حاصل کرنے کے بارے میں ہے نا کہ صرف ہدایت یاد کرنے کیلئے ہے "تیری بادشاہی آئے جیسے تیری مرضی آسمان پر پوری ہوتی ہے زمین پر بھی پوری ہو" یہ دعا کرنے کی ہدایت ہے ہمیں خدا کی مرضی کو زمین کے دائرے میں اور اپنے حالات میں لانے کیلئے دعا کرنی ہے۔ تو آپ کا جواب کیا

ہے یقین کریں جو خدا کہتا ہے وہ آپ کا ہے اور اپنے آسمانی اختیار کو زمینی دائرے میں استعمال کریں اور جس چیز کی آپکو ضرورت ہے اپنے آس پاس کے لوگوں کی ضرورت کو پورا کریں کچھ وقت کیلئے رکیں اور سوچیں:

اگر آپ بغیر کسی شبہ کے یہ جانتے ہیں کہ آپ کی دعا کارآمد ہے اور تمام آسمان اس کی پشت پناہی کرتا ہے تو کیا آپ ایسی دعا کیلئے پر اعتماد ہونگے؟ جی ہاں!!! یہ جانتے ہوئے کہ بطور آسمانی شہری جو حقوق آپ کو مفت ملے ہیں تو ان کے بادشاہی قوانین کو سمجھ کر آپ ان کے فوائد سے لطف اندوز ہوں گے۔ ڈرنے سے کیا ہو گا؟ بے اعتقادی سے کیا ہو گا؟ یہ علم آپکے مستقبل کے بارے میں فوری اعتماد اور طوفان کے درمیان کیسے اعتماد ہو گا؟ اور مجھ پر اور ڈرائینڈا پر بادشاہت کا یہ اثر ہوا جب ہم نے اسے دریافت کرنا شروع کیا اکثر ہم جو کچھ دیکھتے اس سے حیران ہوتے تھے۔ نہیں مجھے اسے بیان کرنے دیں۔ ہم مسلسل حیران تھے! اس سے بڑھ کر ہم اس اختیار سے حیران رہ گئے جو خدا نے کلیسیا کو زمین کے دائرے میں حکومت کے ذریعہ سے کام کرنے کیلئے دیا ہے۔

کیونکہ زندگی کے روح کی شریعت نے مسیح یسوع میں مجھے گناہ اور موت کی شریعت سے آزاد کر دیا۔ _ رومیوں ۸:۲

یہ دریافت کر کہ ہمیں گناہ اور موت کی شریعت سے آزاد کر دیا گیا تھا ہمیں خدا کی بادشاہی میں زندگی اور روح کی شریعت میں رسائی حاصل ہوئی جو بہت ہی زبردست تھا پھر سے حقیقت میں ہمارے لیے سب سے زیادہ زبردست یہ دیکھنا تھا کہ اس قانون کو دیکھنا جو ہماری زندگیوں میں بادشاہی کی راستبازی کو پیدا کر رہا تھا۔ بادشاہی نے مجھے جسمانی طور پر اور جذباتی طور پر ایک نئی امید میں شفا پانے اور اپنے ڈپریشن سے آزاد ہونے کی اجازت دی۔ اس نے مجھے غربت میں سے گزرنے اور ۱۸۰۰ کے ٹوٹے ہوئے فارم ہاوس کیلئے تین ڈالر ماہانہ کرایہ ادا کرنے کیلئے جدوجہد کرنے کی اجازت دی تاکہ ۷۷۰۰ مربع فٹ کے پچپن ایکڑ پر خوبصورت گھر تعمیر کر سکوں اور میری بیوی مجھ سے پہلے سے زیادہ محبت کرنے لگی روزانہ کی بنیاد پر نہ ٹوٹنے والی کاروں کو چلانہ انمول تھا۔ انجیل کو سینکڑوں ہزاروں ڈالر دینے کے قابل ہونا صرف چند سال پہلے ایک خواب تھا۔ بادشاہی کی روشنی اندھیرے کو نگل رہی تھی۔ اور جیسا کہ خدا نے پیدائش کی کتاب میں تخلیق کی مکمل کام پر نظر کی اور کہا، "یہ اچھا ہے!" میں نے بھی حیرت سے ایسا ہی کہا، "یہ تو اچھا ہے بلکہ بہت ہی اچھا ہے۔" ڈرائینڈا اور میں

کو چند مثالیں دیتا ہوں کہ یہ کیسے چلتی ہے۔ مجھے اٹلانٹا کے ایک چرچ میں خدمت کرنے کے لئے مدعو کیا گیا تھا۔ یہ بدھ کی رات تھی اور چرچ بھی اتنا بڑا نہیں تھا۔ لیکن یہ میرے ساتھ ٹھیک تھا۔ مجھے صرف لوگوں کو بادشاہی کے بارے میں تعلیم دینا پسند تھا۔ جیسے ہی میں چرچ میں پہنچا مجھے یہ عجیب لگا کہ دروازے بند تھے اور وہاں کوئی نہیں تھا۔ عبادت شروع ہونے میں دس منٹ باقی تھے۔ میں نے اپنے پیچھے سے ٹرک کی آواز سُنی ایسا لگتا تھا کہ جیسے اُس میں مفلر نہیں تھا۔ جب میں نے اُس کی طرف دیکھا تو مجھے پُرانا، ٹوٹا ہوا ٹرک دکھائی دیا۔ میں نے اِس کے متعلق کچھ نہیں سوچا تھا۔ اِن سب کے بعد جب میں اٹلانٹا پہنچا تو میں انتظار میں تھا کہ ایک آدمی عمارت کے پیچھے سے میرے پاس آیا اور اپنا تعارف بطور ایک پاسٹر کروایا۔ اُس نے کہا کہ وہ دیر سے آنے کے لئے معذرت خواہ ہے لیکن اُن کا بڑا ٹرک نہیں چلا۔ اُس نے مجھے بتایا کہ اُسے ساحل سے ٹرک کو شروع کر کے نیچے کی طرف پھر ایک بار رفتار اُٹھاتے ہوئے کلچ کو پاپنگ کرتے ہوئے کیونکہ سٹاٹر ناکارہ تھا۔ اُس نے کہا کہ یہ کبھی نہیں چلے گا اور چرچ تک میلوں پیدل جانا پڑے گا۔ جب وہ مجھے اپنی کلیسیاء کے بارے میں بتا رہا تھا تو اُس نے بتایا کہ اگرچہ وہ چرچ کا پادری ہے چرچ میں مرکزی کام شہر کے لوگوں کو کھانا کھلانا تھا۔ اُنہوں نے اِس مقام پر ماہانہ دس ہزار سے زیادہ کھانا کھلایا۔ جیسے جیسے پادری بول رہا تھا میں پریشان ہو رہا تھا۔ یہاں پادری دس ہزار لوگوں کو کھانا کھلا رہا ہے اور اُس کے پاس اچھی گاڑی بھی نہیں؟ وہ خُدا کی واحد تصویر کی طرح ہے۔ جسے اُن لوگوں میں سے بہت سے دیکھیں گے۔ جنہیں کھانا کھلاتا تھا۔ اگر وہ اِسے ۱۰۰ ڈگری گرمی کے دِن بمشکل کلیسیاء جانے کے لئے پانچ میل پیدل چلتے ہوئے دیکھیں تو اُنہیں کیا بھروسہ یا اعتماد ہو گا کہ خُدا اُس کے ساتھ ہے۔ میں اِس کا خیال کر سکتا ہوں میرے گھر میں میرے پاس بہت پرانی اور زبردست کار تھی جو ۲۰۰۰۰ میل تک سفر کر سکتی تھی۔ میں نے اُسے اپنا منصوبہ بتایا اور یہ کہا کہ میں اپنے عملے میں سے کسی ایک کو کار دے کر اٹلانٹا بھیجوں گا۔ وہ یقیناً پُرجوش تھا۔ میں نے وہ رات اُسے اور اُس کی چھوٹی سی کلیسیاء کو خُدا کی بادشاہی کے بارے میں سکھاتے ہوئے گزاری کہ یہ پیسے کے سلسلے میں کیسے کام کرتی ہے۔ جب میں گھر گیا تو میں نے گاڑی کو اٹلانٹا لے جانے کا انتظام کیا۔ جب میرا عملہ کار لینے میرے گھر آیا تو مجھے معلوم ہوا کہ جس طرح میں روحانی لین دین کر رہا تھا۔ میں جانتا تھا کہ میں نے وہ کار خُدا کی بادشاہی کے لئے دی اور میری ضرورت پر میں کار کے لئے خُدا پر بھروسہ کر سکتا تھا۔ ایسا نہیں کہ میں کار کا لالچ کر رہا ہوں۔ کچھ لوگ ہوتے ہیں لیکن میں نہیں ہوں۔ ایک کار میرے لئے صرف ایک آلہ ہے۔ مجھے یقیناً ایک اچھی کار پسند ہے لیکن میں اِسے عموماً اُس وقت تک چلاتا ہوں جب تک اُنہیں تبدیل کرنے کی ضرورت نہ ہو۔ جب میرے عملے کے لوگ باہر رُکے تو میں گیراج میں گیا اور میں نے اُس کار پر ہاتھ رکھ کر کہا، آسمانی باپ، میں یہ کار تیری بادشاہی کے لئے دینے کو ہوں اور جیسے ہی میں یہ کار دُوں تو میرے لئے کار مہیا کرنا۔ لیکن میں جلد ہی مجھے گاڑی کا ماڈل بتاؤں گا کہ مجھے کس قسم کی گاڑی چاہیے۔ بس یہی تھا۔ گاڑی چلی گئی تھی۔

میرے ذہن میں واقعی کوئی کار نہیں تھی کہ میں کہہ دیتا کہ مجھے کار چاہیے تھی۔ کچھ ماہ گزر گئے یقیناً ڈرینڈا میرے ساتھ اتفاق میں تھی لیکن میری طرح اُس کے پاس بھی کوئی ایسا اشارہ نہیں تھا کہ اُسے کونسی گاڑی پسند ہے۔ اگلے دو ماہ ہم نے کاروں کے بارے میں بات کی اور آخر کار ایک دِن اُس نے کہا، تم کو معلوم ہے کہ میں ایک اشارہ ملنے پر کتنی خوشی ہوں۔ میں نے اُسے کہا کہ میں متفق ہوں اور کہا کہ کچھ مذاق لگ رہا ہے لیکن کس طرح کا اشارہ؟ ایک بار پھر ہمیں یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ وہاں کس قسم کی گاڑیاں موجود تھیں۔ لیکن ایک دن جب ہم دوپہر کے کھانے کے لئے باہر نکل رہے تھے میری بیوی نے کہا، یہ کیا ہے؟

میں نے پوچھا، یہ کیا بات ہے؟

اُس نے کہا کہ جب ہم کار پاکنگ کی طرف جا رہے تھے بہت سے ریسٹورینٹس نے ہمیں اپنی طرف راغب کیا۔ میں نے کہا یہ کیا ہے؟ وہ کار، وہ ہی کار میں چاہتی ہوں۔ اِس کے بعد میں نے بھی پارکنگ کے پار ایک تیز خوبصورت کار دیکھی، میں نے کہا، آؤ دیکھیں یہ کیسی ہے۔ اِس لئے ہم نے گاڑی کی طرف دیکھا اور اُس کو پیچھے سے دیکھا۔ خیر کوئی تعجب نہیں کہ ہم نے اُسے پسند کیا۔ یہ BMW645CI تھی یہ بہت خوبصورت اور مہنگی گاڑی تھی۔ ایمانداری کے ساتھ کہنا چاہتا ہوں میں نے اُس کار کو دیکھ کر سوچا، خیر خُدا ہمیں بتائے گا کہ کیا کرنا ہے۔ میں جانتا تھا کہ میں نئی BMW کے لئے ۱۱۵۰۰۰ ڈالر نہیں خرچ کر پاؤں گا۔ لیکن میں جانتا تھا کہ خُدا بڑے بڑے کام کرتا ہے۔ ڈرینڈا اور میں نے کسی کو کار کے بارے میں نہیں بتایا اور نہ ہی کسی سے ذکر کیا کہ ہم کار تلاش کر رہے ہیں تقریباً دو ہفتے بعد ڈرینڈا کے بھائی نے ہمیں بلایا اور کہا کہ مجھے ڈرینڈا کی کار مل گئی۔ میں نے کہا آپ کا اِس سے کیا مطلب ہے کہ ڈرینڈا کی کار مل گئی؟ اُس نے کہا کہ میں نے یہ کار فروخت ہوتے ہوئے دیکھی ہے تو میں نے سوچا کہ ڈرینڈا کو اِس کی ضرورت ہے، اِس لئے آپ کو بتا رہا ہوں۔ میں نے پوچھا وہ کسی گاڑی ہے یہ گاڑی BMW645CI ہے اور بالکل ٹھیک ہے۔ یہ دو سال پرانی ہے اور اتنی استعمال شدہ بھی نہیں اور اُس پر کوئی نشان نہیں ہے۔ یہ بالکل زبردست ہے۔ اِس کے علاوہ کیا آپ کو معلوم ہے کہ کون اِس کو بیچ رہا ہے۔ اُس نے کہا ہاں میں جانتا ہوں،، خیر جب اُس نے وہی ماڈل نمبر سب کچھ بتایا جسے میں نے اور ڈرینڈا نے دو ہفتے پہلے پسند کیا تھا میں جانتا تھا کہ خُدا کچھ کرنے والا تھا۔ میں نے اُس شخص کو بلایا جسکے پاس گاڑی تھی۔ ہاں میں اُسے جانتا تھا کہ ہم نے گاڑی کے بارے میں تھوڑی بات کی تھی اور اُس نے مجھے بتایا کہ یہ گاڑی واقعی ہی بہت اچھی حالت میں تھی۔ اور پھر اُس نے مجھ سے یہ الفاظ کہے، آپ کو معلوم ہے کہ جب سے ہم فون پر اِس کار کے متعلق بات کر

رہے تھے مجھے اُس وقت سے ہی لگتا تھا کہ یہ ڈرینڈا کی کار تھی۔ میں نے اُس کے ساتھ اِس بات کا ذکر تک نہیں کیا تھا کہ میں ڈرینڈا کے لئے گاڑی دیکھ رہا ہوں۔ اُس آدمی نے آگے بڑھ کر کہا کہ یہ گاڑی صرف میں تمہارے لئے ۲۸۰۰۰ ڈالر کی بیچ رہا ہوں۔ میرے کانوں کو شاید ہی یقین ہوتا کہ میں کیا سُن رہا ہوں۔ گاڑی کی قیمت اِس سے کہیں زیادہ تھی۔ اور جب میں نے ڈرینڈا کو بتایا تو وہ بہت خوش ہوگئی اور بہت حیران ہوئی۔ ہم نے اُس کار کی نقد رقم ادا کی اور وہ آج بھی ہمارے پاس موجود ہے یہ بہت ڈوڑتی ہے اور بہت اچھی لگتی ہے اور ابھی تک کوئی نشان بھی نہیں ہے اور ہم نے اِس کار میں بہت سفر کا کیا ہے اور آج کے دِن تک یہ بہت اچھی چل رہی ہے۔ اور ہم نے اِس خوبصورت گاڑی میں کولوراڈو کے پہاڑوں میں سفر کیا تھا۔ اِس سفر میں ہماری بیٹی کرسٹِن ہمارے ساتھ تھی۔ مجھے یاد ہے ہم رات کے وقت کینساس سے اونچائی سے نیچے کی طرف ڈرائیونگ کر رہے تھے۔ کرسٹن پیچھے سو رہی تھی جب میں گاڑی چلا رہا تھا اور آسمان ستاروں سے چمک رہا تھا اور ایک دوٹرک کے علاوہ سڑک خالی تھی۔ یہ اُن خوبصورت راتوں میں سے ایک تھی جہاں ہوا اور دُنیا بہت خوبصورت نظر آرہی تھی۔ ہم نے اُن چٹانوں میں تقریباً دو ہفتے گزارے اور میں نے دیکھا کہ یہ گاڑی کتنی زبردست چلتی رہی اور ایک ہی لفظ اِسے بیان کر سکتا ہے کہ واہ کیا بات ہے! اور یہاں ایک ملین ڈالر کا سوال بھی نظر آتا ہے اور وہ گاڑی یہاں کیسے آئی؟ یہ وہی کار کیوں تھی جِسے ڈرینڈا نے کہا تھا، یہ بات ہے؟ میں جانتا تھا کہ خُدا کی بادشاہی اُس کار کو ہماری زندگیوں میں لے کر آئی اور میں جانتا تھا کہ جب میں نے اپنی کار کو اُس پادری کو دیا تو میں روحانی قانون کو نافذ کر رہا تھا۔ مجھے یاد ہے کہ میں کہہ رہا تھا کہ مجھے ایک عام سی گاڑی مل رہی ہے۔ لیکن مجھے اور ڈرینڈا کو ایک درانتی لگانی پڑی وہ گاڑی اُس وقت تک دکھائی نہ دیتی تھی جب تک ہم نہ کہتے یہی بات ہے۔ اگرچہ میں اُس کار کے لئے پُختہ ایمان میں تھا ہم نے اُس وقت تک درانتی نہیں لگائی جب تک ڈرانیڈا نے نہیں کہا، یہ بات ہے۔ ایک اور اِس سے بھی بڑا کام ہوا۔ جیسا کہ آپ جانتے ہونگے کہ مجھے شکار کرنا پسند ہے میں ایک اچھے شکار کرنے والے ملک میں رہتا ہوں۔ اور میں اِس بات کے لئے نہایت شکر گزار ہوں کہ مجھے اپنے ملک میں خود شکار کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔ میرے پاس ساٹھ ایکڑ میں سے تقریباً اُنیس گھنا جنگل اور اُنیس ایکڑ دلدل ہے۔ اور میں ہر سال شوق سے ہرن اور گلہری کا شکار کرتا ہوں۔ یہاں بطخیں اور دوسرے پرندے اُڑتے رہتے ہیں کچھ وجوہات سے میں نے کبھی اُن کا شکار کرنے کا نہیں سوچا۔ ہاں ایک یا دو دفعہ اِن سالوں میں میں اور میرے بیٹوں نے گِیس کو شام کے کھانے کے لئے شکار کیا تھا۔ لیکن ہم نے واقعی کبھی بطخ کا شکار نہیں کیا۔ خیر چند سال پہلے جب میں نے درجنوں بطخوں کو دیکھا تو میں نے سوچا کہ مجھے اُنہیں پکڑنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ واہ یہ بہت دلچسپ تھا۔ میں جھک گیا تھا۔ اُس موسم خزاں میں بطخ کے شکار کے دوران مجھے معلوم ہوا کہ بطخوں کے شکار کے لئے مجھے ایک سجیدہ مشق کرنی ہوگی۔ میں کچھ بطخوں کا شکار کرنے میں کامیاب ہوگیا اور وہ کھانے میں بہت اچھے تھے۔

میں نے دیکھا کہ کئی دفعہ جب میں بطخوں کا شکار کرتا تو وہ بہت زیادہ ہو جاتیں تھیں اور بہت زیادہ ہونے کے سبب سے نشانہ چھوٹ جاتا تھا۔ میں اپنی باقاعدہ شاٹ گن کا استعمال کر رہا تھا۔ جسے میں نے خرگوش سے لر کر ہر تک ریمگن ماڈل ۸۷-۱۱ کو استعمال کیا تھا۔ یہ نہ سوچئے گا کہ مجھے وہ بندوق پسند ہے بلکہ یہ ایک زبردست بندوق تھی۔ لیکن میں نے سُنا تھا کہ بندوق کے لئے نئے ماڈل تھے جو صرف بطخ کے شکار کے لئے بنائے گئے تھے۔ اور یہ خاص طور پر اِن کے شکار کے لئے بنائی گئی تھی۔ میں نے اگلے بطخوں کے موسم کے شروع ہونے سے پہلے ہی اِس کا منصوبہ بنایا۔ خیر بطخوں کا موسم ختم ہوا اور یہ جنوری کا مہینہ تھا اور میں کبیلا سے گزر رہا تھا اور سوچا کہ میں وہاں گن سیشن دیکھنے جاؤں گا۔ جیسے ہی میں اندر داخل ہوا میں نے دیکھا کہ تمام بندوق صرف بطخوں کے شکار کے لئے رکھی گئی تھی۔ میں نے اُن میں سے کچھ دیکھی اور ایک مجھے پسند آئی لیکن اِس کی قیمت دو ہزار ڈالر تھی اور اُن کا موسم اب مہینوں دور تھا۔ میں نے اپنے آپ سے کہا کہ میں انتظار کروں گا۔ لیکن میں نے کچھ غیر معمولی کیا جب میں جانے والا تھا۔ مجھے واقعی اِس بات کا احساس نہ ہوا کہ میں کیا کر رہا ہوں اور میں کیا کرنے کو ہوں۔ میں نے ایسا سوچے سمجھے بنا کیا۔ میں نے اپنی مطلوبہ شاٹگن کی طرف اشارہ کیا اور بلند آواز میں کہا، یسوع کے نام سے میرے پاس یہ بندوق ہو گا۔ اور پھر سے میں نے اِس کے متعلق زیادہ نہیں سوچا۔ میں صرف اعلان کر رہا تھا کہ میرے پاس وہ بندوق ہے۔ میرے دِل میں بطخ بندوق کی واضح تصویر تھی جو میں چاہتا تھا۔ کچھ ہفتوں بعد مجھے ایک کاروباری کانفرنس میں بات کرنے کے لئے مدعو کیا گیا اور وہاں کچھ ایسا ہوا جس نے میری ساری توجہ حاصل کر لی۔ جب میں نے بات کی تو کمپنی کا مالک چلا گیا وار کہا کہ وہ میرے آنے کی تعریف میں مجھے تحفہ دینا چاہتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا، ہمیں معلوم ہے تمہیں شکار کرنے والی بندووق پسند ہے اِس لئے ہم نے تمہارے لئے یہ خریدی۔ میں بالکل حیران تھا جب اُنہوں نے ایک نئی بینیلی نیم خود کار بطخ بندوق مجھے تحفے میں دی تھی۔ جو میں نے اسٹور میں دیکھی تھی جس کی طرف میں نے اشارہ کیا تھا! کیا آپ یہ دیکھ رہے ہیں؟

۔۔۔خُدا صرف مجھ پر ظاہر کرنا چاہتا تھا کہ جب اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بھیجا اور اپنی بادشاہی مجھے دی تو وہ مجھ سے محبت رکھتا تھا۔

وہ بالکل وہی بندوق کیوں تھی؟ میں نے سالوں میں بہت سی بندوقیں خریدی تھیں۔ دوسرے الفاظ میں میں نے بہت دفعہ ڈرسری شکاری بندوقوں کے لئے بیج بویا تھا لیکن کبھی درانتی

نہیں لگائی تھی۔ میں نے کبھی نہیں کہا تھا کہ خُداوند بس یہی میں چاہتا ہوں۔ لیکن جیسے ہی میں نے ایسا کیا خُدا کا فضل ظاہر ہوا۔ میں اپنے ایک ساتھی کو گن شوٹ کی کہانی سُنا رہا تھا۔ وہ صرف آپ پر یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ وہ آپ سے پیار کرتا ہے کچھ بڑا کرے گا۔ جیسا کہ میں نے اُسکے کہنے کے بارے میں سوچا مجھے احساس ہوا، نہیں یہ ٹھیک نہیں ہے ہاں خُدا مجھ سے پیار کرتا ہے لیکن وہ مجھے کسی چھوٹے تحفے سے متاثر نہیں کرے گا۔ مچھلی، کُتا، ہرن اور میری من پسند گاڑیاں۔ خُدا نے مجھ پر ظاہر اِس لئے نہیں ظاہر کی کہ میں اُس سے پیار کرتا ہوں بلکہ اِس لئے کہ اُس نے مجھ سے محبت رکھی اور اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا اور اپنی بادشاہی مجھے دی۔ میں اِس کے فضل کے متعلق ایک اور کہانی بیان کرنا چاہتا ہوں۔ جیسا کہ میں نے پہلے بتایا کہ میں کاروں کا لالچی نہیں ہوں ہم اُنہیں تب تک چلاتے ہیں جب تک ہمیں اُن کو بدلنے کی ضرورت نہ ہو۔ ایک مثال ہمارے آٹھ سالہ ہونڈا پائلٹ کے متعلق بیان کروں گا۔ ہمیں وہ کار پسند تھی کیونکہ کہ وہ قابل استعمال تھی اچھی چلتی اور اچھی دکھتی تھی اور اِس لئے ہم نے اِسے بھی رکھا ہوا تھا۔ لیکن ہم اکثر مہمانوں کو لانے کے لئے بڑی ایس یو وی خریدنے کا سوچتے تھے۔ کچھ عرصہ پہلے میں نے اور ڈرابنڈا نے ایک گاڑی کیڈیلاک ایسکیلیڈ کرائے پر دی۔ ہم اکثر اُسے چلایا کرتے تھے۔ کیونکہ وہ ہمیں پسند تھی۔ ہمیں یہ سفید رنگ میں پسند تھی اور ہم یہی گاڑی اِس رنگ میں نئے ماڈل میں دیکھ رہے تھے۔ ہم نے کہا، کہ یہ سفید رنگ کی نئے ماڈل کی گاڑی کیڈیلاک ایسکیلیڈ خریدیں گے۔ زندگی بہت مصروف تھی اور اپنی اِس مصروفیت میں ہم اِسے جلد خریدنے کے منتظر تھے۔ ایک ماہ بعد میں صبح سیر کے لئے دراوزہ کھول رہا تھا کہ میرے فون کی گھنٹی بجی کہ ایک آدمی نے کہا کہ میں چاہتا ہوں آپ کیڈیلاک ایسکیلیڈ خریدیں آپ کونسا رنگ پسند کریں گے؟ اسکو جواب دیتے ہوئے میں نے کہا، واہ کیا بات ہے۔ مجھے اور ڈرینڈا کو سفید رنگ کی گاڑی پسند ہے۔ اُس نے کہا ٹھیک ہے۔ میں دیکھ کر آپ کو بتادوں گا۔ خوشی سے میں اُسے بتانا بھول گیا کہ ہمیں سفید رنگ میں چھوٹی گاڑی سب سے زیادہ اچھی لگی ہے۔ اُس کا ارادہ ایک دوسال پرانا اور بالکل درست شکل میں اور بہت کم میل کے فاصلے میں جانے والا ورژن تلاش کرنا تھا۔ خیر ایک ماہ تک اُس آدمی نے کوئی رابطہ نہ کیا اور آخر کار اُس نے کال کی اور کہا، میرے آپ کی ایسکیلیڈ ہے۔ مجھے وقت سے اِس جگہ پر ملو تا کہ تم جلدی اِس کو گھر لے کر جاسکو۔ پھر ہم اُسے ملے اور وہ بالکل وہی گاڑی تھی جس کے لئے ہم خواہش مند تھے اور یہ بہت خوبصورت تھی۔ اُس نے کہا، معذرت اِسے آپ تک پہنچانے میں کافی وقت لگا، میں نے اِس قسم کی بڑی گاڑی تلاش کرنے کی کافی کوشش کی لیکن اُس مطالبے میں وہ دستیاب نہیں تھی۔ مجھے صرف یہ چھوٹی گاڑی ملی ہے مجھے اُمید ہے کہ یہ ٹھیک ہے۔ ٹھیک ہے؟ ہم نے کہا جی ہاں! یہ بالکل وہی ہے جو ہم چاہتے تھے۔ پھر میں نے سوال پوچھا۔ صرف وہی گاڑی کیوں ظاہر ہوئی جو ہم چاہتے تھے؟ خیر میں نے اُس ایک کار کے علاوہ آٹھ کاریں خادموں کو دی تھیں۔ جن کا میں نے پہلے ذکر کیا تھا۔ لیکن میں نے کبھی نہیں کہا تھا کہ یہ بالکل وہی ہے۔ اِس

سے پہلے کہ جب ڈرینڈا نے BMW کے لئے یہی کہا تھا۔ اب اِس دفعہ میں اور ڈرینڈا بالکل اتفاق میں تھے اور ہم نے مل کر بلند آواز سے کہا تھا کہ یہی ہے۔ میں سالوں سے کہہ رہا ہوں کلیسیاء کو دینے کے متعلق کثرت سے سیکھایا جا رہا ہے لیکن فصل کس طرح کاٹنی ہے وہ اِس کو سکھانے میں بالکل ناکام رہے ہیں۔ تو کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پچھلی کہانیوں کے ذریعے آپ نے درانتی کے متعلق کیا سیکھایا تھا۔ مجھے اُمید ہے کہ اب یہ واضح ہے۔ میں نے واپسی کے لئے ایمان کے ساتھ بہت سی کاریں خُداوند کے لئے دی تھیں لیکن میں نے اا ور ڈرینڈا نے کبھی نئی کار کا معاہدہ نہیں کیا تھا۔ ایک بار پھر ہم نے تھوڑی دیر کے لئے اپنی گاڑیاں چلائیں لیکن جس لمحے ہم نے کہا، یہی ہے۔ یہ ظاہر ہوا۔ یعنی درانتی ہمارے الفاظ ہیں۔

" موت اور زندگی زُبان کے قابو میں ہیں اور جو اُسے دوست رکھتے ہیں اُس کا پھل کھاتے ہیں۔"۔ امثال ۱۸ : ۲۱

ایک ایسا وقت تھا جہاں ایسا لگتا تھا کہ کلیسیاء میں ہمارے اقرار کے متعلق بہت کچھ سیکھایا جاتا ہے۔ میں بہت سے لوگوں کے ساتھ رہا ہوں اور آپ نے بھی اپنا منہ اس طرح سے ڈھانپہ ہو گا، کہ مجھے اپنے اقرار کو دیکھنے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک بڑا کام لگتا ہے اور میں اتفاق کرتا ہوں کہ یہ خُدا کے کلام کو آپ کے دِل میں رکھنے میں مدد دے گا۔ تاہم اپنے اقرار کو دیکھنا درانتی لگانا نہیں ہے۔ کیا؟ مجھے لگا کہ آپ نے کہا کہ درانتی لگانا ہی ہمارا ایمان ہے۔ ہاں میں نے کہا، لیکن صرف صحیح بات کہنے کے فارمولے میں مہارت حاصل کرنا بذاتِ خود کلید نہیں ہے۔

" میں تم سے سچ <u>**کہتا**</u> ہوں کہ جو کوئی اِس پہاڑ سے کہے کہ تُو اُکھڑ جا اور سمندر میں جا پڑ اور اپنے دِل میں شک نہ کرے بلکہ <u>**یقین**</u> کرے کہ **جو** <u>**کہتا**</u> ہے وہ ہو جائے گا تو اُس کے لئے وہی ہو گا۔"۔ مرقس ۱۱ : ۲۳

ایک بار پھر مرقس ۴ باب میں درانتی لگانا آپ کے الفاظ ہیں مرقس ۴ باب میں درانتی لگانے کے متعلق گفتگو ہوتی ہے کہ ایمان کا دورانیہ کیا ہے اور اِسے کس طرح حاصل کیا جا سکتا ہے۔ یہ بیان کرتا ہے کہ جب بیج پک جاتا ہے تو آپ درانتی کا استعمال کرتے ہیں اِس لئے کہ فصل تیار ہو جاتی ہے اور فصل کے پکنے سے مراد کہ آپ آسمان کے ساتھ اتفاق کرتے ہیں۔ مرقس ۱۱ باب میں انہی اصولوں کو بیان کیا گیا ہے۔ جب آپ کا دل کلام پر ایمان رکھتا ہے۔ اور پھر آپ اِس کا اقرار کرتے ہیں تو ہی آپ آسمانی اختیار کو جاری کرتے ہیں۔ لیکن اِس جملے پر غور کریں۔ ایمان رکھیں کہ جو کچھ آپ کہیں گے وہ آپ کے لئے ہو جائے گا۔ ایمان کا امتحان یہ ہے کہ آپ جو کہہ رہے ہیں اُس پر یقین کریں۔ صرف خُدا کے کلام کو بولنا

ہی ایمان نہیں ہے۔ جب تک آپ کا دِل آسمان کے ساتھ اتفاق نہ کرے آپ جتنا بھی اقرار کرلیں مزید کچھ نہیں ہو گا۔ تو پھر ہمیں اپنے اقرار کی نگرانی کرنی ہو گی یا اپنے دِل کی؟

" اچھا آدمی اپنے دِل کے اچھے خزانے سے اچھی چیزیں نکالتا ہے اور بُرا آدمی بُرے خزانے سے بُری چیزیں نکالتا ہے کیونکہ جو دِل میں بھرا ہو وہی منہ پر آتا ہے۔"۔ لوقا ٦ : ۴۵

" اپنے دِل کی خوب حفاظت کر کیونکہ زندگی کا سرچشمہ وہی ہے کج گو تجھ سے الگ رہے دروغ گو لب تجھ سے دور ہوں۔"۔ امثال ۴ : ۲۳۔۲۴

ہم واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں کہ جو کچھ ہمارے دِل سے نکلتا ہے اُس کا تعلق ہمارے ایمان سے ہے۔ مرقس ۱۴ باب کی پیروی کرتے ہوئے ہم جانتے ہیں کہ ہمیں اپنے اعتماد کو کس طرح بدلنا ہے اور اِسے کس طرح آسمان کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہے۔ پھر جب ہم ایمان میں پُورے اُتریں گے تو ہم اپنے فعل و اعمال میں درانتی لگا سکیں گے۔ اُمید ہے کہ آپ سمجھ گئے ہونگے۔ آیئے آگے بڑھتے ہیں۔ ایمان کے متعلق اپنی گفتگو کو جاری رکھتے ہوئے میں آپ سے سوال پوچھوں گا اور آپ کو اِس کا جواب دینا ہو گا۔

میں کیسے جان سکتا ہوں کہ میں ایمان رکھتا ہوں؟

یہ ایک بڑا سوال ہے۔ کہ آپ کو ضرور معلوم ہو گا کہ ایمان سے دعُا کرنا ایمان کے بغیر ناممکن ہے۔ اِس بات کو جاننے کے بہت سے طریقے ہیں کہ آپ ایمان پر ہیں یا نہیں آپ کو یہ جاننے اور تلاش کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ آپ بغیر ایمان کے بہت سے ایسے فیصلے خوف پر مبنی کرسکتے ہیں۔ خوف پر مبنی فیصلے ہمیشہ آپ کو زمینی لعنت میں رکھیں گے اور آپ کو اُس سے محروم کردیں گے جو خُدا نے آپ کے لئے رکھا ہے۔ تو ایمان میں ہونے کا کیا ثبوت ہے؟ پہلا نشان آسان ہے۔ آپ ایمان کی تعریف پر ایک نظر ڈال سکتے ہیں اور سمجھ سکتے ہیں کہ اِس میں مکمل طور پر یعنی دِل سے قائل ہونا اِس کی حقیقی کُلید ہے۔ آپ کو فرق بتانے کے قابل ہونے کی ضرورت ہے۔ جب آپ پوری طرح قائل ہو جاتے ہیں تو یقیناً کلام کے ساتھ آپ کا دِل سے معاہدہ قائم ہو جاتا ہے۔ لیکن ایمان رکھنا آپ میں اعتماد، امن اور اُمید کو لے کر آتا ہے۔

" اب ایمان اُمید کی ہوئی چیزوں کا اعتماد اور اندیکھی چیزوں کا ثبوت ہے۔"، _ عبرانیوں ۱۱ : ۱

اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ کے پاس کچھ پہلے سے ہی موجود ہے تو کیا آپ اِس کو دوبارہ ثابت کریں گے ؟ یقیناً نہیں۔ بلکہ جب آپ کامل اعتماد میں ہوتے ہیں تو آپ میں ایک پُر سکون اعتماد ہوتا ہے جو خُدا کے کلام کے ذریعے آپ کو حاصل ہوتا ہے۔ اگرچہ آپ اِسے نہ دیکھ سکتے ہوں۔ بہت سارے لوگ اِس طرح کہیں گے۔ میں یہ جانتا ہوں، میں یہ جانتا ہوں، جی ہاں میں جانتا ہوں، یہ آپ کے اندر خیالات سے ہو سکتا ہے۔ لیکن حالات کچھ اور کہہ رہے ہوتے ہیں۔ یہ آپ کے دِل میں یا آپ کی جان میں ہو رہا ہوتا ہے۔ خوف ختم ہو جاتا ہے اور مزید پریشان کن حالات آپ کے دماغ پر بمباری نہیں کریں گے۔ آپ کو معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ ہو چکا ہے۔ ایمان میں رہنے کا ایک اور پہلو خوشی اور توقع ہے۔ آپ کا جواب یہاں ہے اور آپ کے پاس ہے۔ ایمان امن اور اعتماد کے احساسات سے بڑھ کر ہے اگرچہ یہ بھی آپ کے پاس ہو گا اور آپ روحانی طور پر بھی اپنے مقام کا دفاع کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ جب میں کہتا ہوں کہ کورٹ روم کو سوچو اور تم ایک اٹارنی کراس گواہ کے طور پر پرکھو۔ آپ اپنے حالات کے متعلق ایمان کیوں رکھتے ہیں؟

آپ اپنے مقام کا دفاع کیسے کریں گے صرف ایک ہی جواب ہے اور وہ خُدا کا کلام ہے۔ مثال کے طور پر اگر کوئی آپ کے گھر آئے اور کہے، اوہ، میرے گھر سے نکل جاؤ، اور آپ کہیں، معاف کریں ہمیں صرف ایک دِن دیں ہم نکل جائیں گے؟ نہیں آپ ایسا نہیں کریں گے بلکہ آپ ہنسیں گے۔ اگر ساتھی کہے، نہیں یہ میرا گھر ہے نکل جاؤ، ورنہ میں اِس کے لئے عدالت میں جاؤں گا اور آپ کا جواب ہو، میں خوشی سے آپ کو عدالت میں دیکھوں گا۔ اور سُنائی کے وقت آپ جج کو اپنا گھر دکھائیں گے۔

> **" اب ایمان اُمید کی ہوئی چیزوں کا اعتماد اور اندیکھی چیزوں کا ثبوت ہے۔"، _ عبرانیوں ۱۱ : ۱**

وہ اُس کی درخواست پر نظرِ ثانی کرے گا اور دوسرے شخص کو اِس الزام میں گرفتار کرے گا اور اُسے عدالت کی درخواست کے مطابق تمام قیمت چکانی ہو گی۔ آپ کا اعتماد اِس بات پر نہیں تھا کہ آپ کیا محسوس کرتے ہیں یا نہیں بلکہ یہ آپ کے گھر کے متعلق آپ کا قانونی حق تھا جب ایمان میں ہونے کی بات آتی ہے تو مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کئی بار لوگ یہ نہیں سمجھ پاتے کہ ایمان کیا ہے وہ اپنے ایمان کا واحد ذریعہ خُدا کے کلام کی جگہ اپنے

اعمال کو سمجھتے ہیں جو اُن کو آسانی سے الجھا دیتا ہے۔ خُدا کے کلام پر عمل یا فارمولے کو بادشاہی کی حقیقی طاقت کے ساتھ الجھانا آسان ہے جو اعتماد کے ساتھ دِل سے آتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ نے خُدا کی بادشاہی کے لئے پیسے کا بیج بویا اور میں آپ سے کہوں کہ آپ کیوں اِس بیج کی واپسی کے لئے ایمان رکھ رہے ہیں تو آپ کا جواب یہ نہیں ہونا چاہیے۔ کیونکہ فلاں تاریخ کو میں نے ایک خاص رقم دی تھی۔ اور ایسے اقرار میں صرف فارمولا نظر آرہا ہے۔ اور کوئی یقین دہانی نہیں ہے۔ آپ کی یقین دہانی صرف خُدا کے کلام سے ہی آئی ہے۔ میں اُن لوگوں کی تعداد شمار نہیں کر سکتا جن کے ساتھ میں نے دُعا کی تھی۔ جب اُن سے پوچھا گیا کہ وہ کیوں ایمان رکھ رہے ہیں کہ اُنہیں دُعا کا جواب ملے گا۔ جب میں اُن سے کہتا ہوں کہ میں اُن کے ساتھ ایمان کے اتفاق کی بات کر رہا ہوں۔ میں اُنہیں یہ کہتا سُنتا۔ میں کہتا ہوں کہ میں حاصل کروں گا کیونکہ خُدا نے اپنے کلام کے وسیلہ سے مجھ سے وعدہ کیا ہے۔ کئی دفعہ امکانات یہ بھی ہوتے تھے تو اُنہیں یہ بھی معلوم نہیں ہوتا تھا کہ وہ کہاں جا رہے تھے، یاد رکھیں ایمان اُسی وقت قائم رہ سکتا ہے جب آپ خُدا کی مرضی کو جانتے ہوں۔ کیوں؟ کیونکہ ایمان اُسی وقت قائم رہ سکتا ہے جب آپ خُدا کی مرضی سے جُڑے ہوں۔ میرا ماننا ہے کہ بہت سارے لوگ یہ کہتے ہیں کہ وہ ایمان میں ہیں جبکہ وہ ایمان میں نہیں ہوتے۔ ایک بار پھر یہی کہوں گا کہ ہو سکتا ہے کہ اُن کے دِل خُدا کے کلام کے ساتھ متفق ہوں لیکن ایمان اُسی وقت ہو گا جب اُن کا دِل اُس کے ساتھ قائل ہو گا۔ بہت سے لوگوں کے دل خُدا کے کلام سے اتفاق کرتے ہیں لیکن اُن کے دِل اُس میں قائل نہیں ہیں۔ جس کے بارے میں میں بات کر رہا ہوں اُس کی ایک اچھی مثال یہ ہے جس کے بارے میں مجھے یقین ہے کہ بہت سے لوگ ایمان میں نہیں ہیں جبکہ وہ سوچتے ہیں کہ وہ ہیں۔ کیا ہو اگر میں کہوں کہ آسمان نیلے رنگ کا نہیں جیسے دوسرے لوگ کہتے تھے اور جسے وہ نیلا رنگ کہتے تھے وہ پیلا رنگ ہے؟ دوسرے لفظوں میں کہ ہمیں ساری زندگی غلط رنگ کے متعلق بتایا گیا تھا جبکہ یہ پیلا رنگ تھا تو آپ کیا کریں گے؟

کیا آپ حیران ہونگے اور جلدی سے اپنی پہلی کلاس کے استاد کو کال کریں گے اور اُن پر چیخیں گے اور اُن پر یہ الزام عائد کریں گے کہ وہ تمام رنگ غلط سکھا کر آپ کی زندگی میں خلل ڈال رہے تھے۔ مجھے ایسا نہیں لگتا۔ وہاں کوئی خوف کا یا جذباتی ڈرامہ نہیں ہو گا۔ آپ کو لگتا ہو گا کہ میں ایک بیوقوف ہوں جو آپ کے کام کے بارے میں سوچ رہا ہوں، کیوں؟ کیونکہ آپ کو کامل اعتماد ہے کہ نیلا نیلا ہی ہے۔ آیئے اب اِس مثال کا ایمان کی گفتگو سے موازنہ کریں۔

کیا ہو اگر آپ کو خُدا پر آپ کی شفا کے لئے کامل اعتماد ہو اور آپ کا ڈاکٹر کہے کہ آپ کینسر کی بیماری سے مر جائیں گے ؟ آپ اُس ڈاکٹر کی طرف اِس انداز سے دیکھیں گے کہ وہ بیوقوف ہے ایسا کچھ نہیں ہو گا۔ کیوں؟ کہ آپ کو کامل اعتماد ہے کہ یسوع مسیح نے آپ کی شفا کے لئے مکمل قیمت چُکائی ہے۔ کیا آپ نے یہ دیکھا؟

یقیناً بہت سے لوگ دُعا کرتے ہیں لیکن جانچ پڑتال میں اُن کی دُعاؤں میں ایمان نہیں بلکہ اُمید کی دُعائیں ہوتی ہیں اور اُنہیں نتائج کے لئے مکمل اعتماد نہیں ہوتا۔ میرے دوست یہی وجہ ہے کہ یہ بہت ضروری ہے کہ ہم اپنے آپ کو خُدا کے کلام کے ساتھ اُستوار کریں۔ ہمیں یہ جاننے کی ضرورت ہوتی ہے کہ خُدا کی مرضی کیا ہے تا کہ ہم اُس کے کلام پر مکمل اعتماد کر سکیں اور اُسے مُسترد کر سکیں جو اُس کی مرضی نہیں ہے۔ میں آپ اپنی زندگی کی ایک مثال دینا چاہتا ہوں جو اِس بات کی وضاحت کرے گی کہ یہ کتنا ضروری ہے کہ جو کچھ خُدا کی مرضی ہے اُس پر انحصار کیا جاسکے۔ بطور ایک کاروبار کا مالک ہونے کے میں بہت تھکاوٹ کو محسوس کر رہا تھا۔ یہ چرچ کا پادری بننے سے پہلے تھا۔ میرا اشیڈول سیلز کال اور یقیناً کمیشن پر زندگی گزارنے کے مالی دباؤ سے بھرا ہوا تھا۔ میں اپنے دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس جارہا تھا۔ جب تک دانتوں کا ڈاکٹر نووکین کا انجیکشن لگانے نہیں گیا تب تک سب کچھ نارمل تھا۔ جب اُس نے سوئی لگائی تو اچانک ایک جھٹکا لگا اور میرا جبڑا وہی پر رُک گیا جبکہ میں آہستہ آہستہ بے حس ہو گیا۔ میں حیران رہ گیا میں نے اُسے بتایا کہ کیا ہوا۔ اُس نے کہا، اوہ، مجھے لگتا ہے کہ نس دب گئی ہے۔ میں نے جلدی سے اُس سے پوچھا کہ کیا یہ نارمل ہے؟ اُس نے اِس طرح کے الفاظ کہے، یہ عام طور پر ٹھیک ہو جاتا ہے۔ کیا؟ کیا میں نے ٹھیک سُنا؟ ڈاکٹر کا کیا مطلب ہے؟ کہ یہ عام طور پر ٹھیک ہو جاتا ہے؟ اُس نے کہا خیر، اسی سے پچاسی فیصد یہ بغیر کسی مستقل منفی اثر کے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ کیا اچانک مجھ پر خوف طاری ہو گیا، اب کیا؟ کیا یہ ٹھیک ہونے والا ہے؟ میرے دماغ میں خوف پیدا کرنے والے خیالات آنے لگے۔ میرے چیک اپ کے بعد میں بالکل بے حس سا محسوس کرنے لگا۔ اِس کے فوراً بعد مجھے اپنے ایک کلائنٹ سے ملنے جانا تھا۔ اب میرے پاس یہ سوچنے کے لئے کافی وقت تھا جو کچھ ہوا تھا۔ لیکن اُس ملاقات کے تمام راستے میں کسی تکلیف سے نہیں بلکہ سکون کی کمی اور اُس خوف سے جو میرے دماغ میں طاری ہوا تھا۔ ڈاکٹر سے میٹنگ کے بعد میں اُس دِن اپنے ایک دوست کے گھر میں رُک گیا۔ میرا چہرہ ابھی تک بے حس تھا اور میں کسی سے کچھ یقین دہانی کی تلاش کر رہا تھا کہ یہ چیز ٹھیک ہو جائے گی۔ میری غلطی پر توجہ دیں۔ میں خُدا کے کلام کی طرف دیکھنے کی بجائے ایسے شخص کی طرف دیکھ رہا تھا جو خود بھی مضبوط ایماندار نہیں تھا۔ میں نے اُس آدمی کو بتایا اور میں اُس سے یہ سُننے کا انتظار کر رہا تھا۔ کہ گیری یہ کوئی بڑا مسلہ نہیں تھا یہ ٹھیک

ہو جائے گا۔ بجائے اِس کی میں نے یہ سُنا ارے نہیں! میرا ایک دوست تھا جس کے ساتھ ایسا ہوا تھا اور اُس کے چہرے کو کبھی شفا نہیں ہوئی تھی۔ اور تب سے اُس کا چہرہ مفلوج ہو چکا تھا۔ جو کچھ میں سُن رہا تھا میں یقین نہیں کر سکتا تھا۔

اُس لمحے میں جانتا تھا کہ صرف خُدا ہی میری اُمید ہے۔

میرے ذہن میں اب خوف کی لہر دوڑ رہی تھی۔ میں نے ایسا کام کیا جسے میں جانتا ہوں کہ یہ ٹھیک ہو جائے گا اور اُس کے وقت کے لئے اُس کا شکریہ ادا کیا۔ مایوسی کے عالم میں میں ایک اور دوست کے گھر میں رُکا

اور وہی سوال کیا، اور صدمے میں نے وہی جواب سُنا، اوہ نہیں، اُنہوں نے کہا، میرا ایک دوست تھا اُس کے ساتھ بھی اِس طرح ہوا تھا اور اُسے کبھی شفا نہیں ملی۔ اِن کا چہرہ آج بھی مفلوج ہی ہے۔ اِس کے بعد میں واپس گیا۔ میں جانتا تھا خُدا شفا دیتا ہے۔ میرے ذہن میں لیکن اِس خوف سے چھٹکارا نہیں پا سکتا تھا۔ لیکن میرا دِل یقینی طور پر قائل نہیں تھا۔ اُس رات میں اذیت میں تھا! میرا دماغ خوف سے بھرا ہوا تھا اور میرا چہرہ ابھی بھی اتنا ہی بے حس تھا جتنا کہ ڈاکٹر کے پاس تھا۔ جب میں سونے کی کوشش کر رہا تھا تو مجھے تھوڑا سا درد محسوس ہونے لگا اُس وقت میں جانتا تھا کہ میری واحد اُمید خُدا کا کلام ہے۔ جیسے ہی میں سونے لگا تو میرے دائیں کان میں مجھے درد سا محسوس ہونے لگا۔ یہ ہو سکتا ہے؟ میرے والد نے ایک یا دو سال پہلے فالج سے جنگ لڑی تھی اور اُنہوں نے مجھے بتایا تھا کہ یہ اُن کے کان کے نیچے درد سے شروع ہوا تھا۔ بیلز فالج اُس وقت ہوتا ہے جب چہرے پٹھوں کو کنٹرول کرنے والا اعصاب جو کان کے بالکل نیچے ہڈی میں ایک چھوٹے سے سوراخ سے گذرتا ہے انفیکشن یا سوزش کی وجہ سے پھنس جاتا ہے۔ جب میں سونے کی کوشش کر رہا تھا تو میں اپنے کان میں ایک ہی آواز سُن سکتا تھا کہ تمہیں بھی تمہارے باپ کی طرح فالج ہو جائے گا۔ جب میں صبح بیدار ہوا تو بالکل وہی ہوا جو میرے دماغ میں چل رہا تھا۔ اب نہ صرف میرا جبڑا بلکہ دائیں طرف کا پورا چہرہ بھی بے حس ہو گیا تھا اور میں نہ منہ بند کر سکتا تھا اور نہ ہی آنکھیں بند کر سکتا تھا۔ میں بالکل پریشان حال ہو چکا تھا۔ میں اپنے شک کی تصدیق کے لئے ایک لوکل ڈاکٹر کے پاس گیا۔ معائنے کے بعد اُس نے میری طرف دیکھا اور کہا کہ واقعی مجھے فالج ہو چکا ہے۔ پھر میں نے کہا، اب آگے کیا ہو گا؟ اُس نے کہا، خیر اسی سے پچاسی فیصد لوگ مستقل فالج کے بغیر ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ کیا اُس نے بھی وہی کہا جو مجھے لگتا تھا کہ اُسے کہنا چاہیے؟ اُس وقت مجھے لگتا تھا کہ میں مصیبت میں پڑ گیا ہوں۔ میں جانتا تھا کہ شیطان زیادہ دیر تک نہیں ٹھہرے گا اور نہ میں دیکھنا چاہتا تھا کہ آگے کیا ہوتا ہے۔ میں روحانی جنگ کے بارے میں کافی جانتا تھا تاکہ یہ محسوس ہو کہ میں غلط

سمت میں جا رہا ہوں۔ یاد رکھیں یہ برسوں پہلے کی بات ہے اس سے پہلے میں اِس قسم کی چیزوں کے بارے میں بہت کچھ جانتا تھا۔ لیکن میں اِس بات کا احساس کرنے کے لئے کافی جانتا تھا کہ اگر مجھے اِسے شکست دینے میں کوئی کامیابی حاصل کرنی ہے تو مجھے روحانی طور پر اِس چیز سے نمٹنا ہوگا۔ مجھے یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ مجھے گرانے کے لئے ایک شیطانی حملہ تھا۔ جس سے میں تھک چکا تھا کہ صرف خُدا کا کلام ہی میری اُمید تھی۔ اپنے آپ میں اِس خوف کو روکنے کی مجھ میں قطعی طور پر صلاحیت نہیں تھی۔ اور یہی بات مجھے دوچار کر رہی تھی۔ خیر میں نے 3x5 کے کارڈز پر شفایابی کے حوالے لکھ کر پور گھر میں لگا دیئے۔ میں نے خُدا کے حضور توبہ کی اور اپنے دِل میں ایمان کا عمل شروع کیا۔ میں جانتا تھا کہ ایمان کی ترقی کے لئے مجھے اپنے اندر کلام کا بیج بونا ہوگا اور خُدا کے کلام پر غور کرنا ہوگا۔ پہلے تو کچھ تبدیل نہ ہوا۔ میرا چہرہ بے حس ہوگیا اور میں مسلسل خوف کی روح سے لڑا۔ تقریباً ایک ہفتہ گزرنے کے بعد میرے چہرے پر کوئی تبدیلی نہیں آئی! جیسا کہ مرقس ۴ : ۲۶ میں ہمیں سکھایا گیا ہے کہ مجھے خُدا کے کلام کے بیج کو اپنے دل میں بونے کی ضرورت ہے پہلے کونپل نکلے گی پھر ڈنٹھل اور پھر یہ بیج ترقی کرنا شروع کر دے گا۔ جب تک آپ خُدا کے کلام کے ساتھ اتفاق نہیں کرتے اور اُسے دِل میں بڑھنے نہیں دیتے اُس وقت تک آپ ایمان میں ترقی نہیں کر سکتے۔ اگرچہ میں تبدیلی اور اِس کے عمل کے دورانیہ کو مرقس ۴ کے مطابق نہ دیکھ سکتا ہوں تو بھی یہ کام کر رہا تھا۔ جس تبدیلی کی میں بات کر رہا ہوں وہ ظاہری تبدیلی نہیں بلکہ وہ تبدیلی جو آپ کے اندر واقع ہوتی ہے۔ جب ہم مضبوطی سے خُدا کے کلام کو آہستہ آہستہ تھامے رکھتے ہیں تو ہمارے دِل کا معاہدہ آسمان سے ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ تو اِس طرح اِس معاملے میں میں نے یہ جانتے ہوئے کہ یہ میرا واحد جواب تھا۔ ایک دِن اچانک میں گھر میں گھومتا ہوا اُن 3 x5 پر لکھے صحیفوں کو دیکھ رہا تھا کہ میری نظر ایک صحیفے پر تقریباً سو بار پڑتی تھی لیکن جب میں نے اُسے اِس بار دیکھا تو کچھ الگ ہوا۔ اچانک خُداوند کا مسح مجھ پر ٹھہرا اور خوف جا چُکا تھا اور میں جانتا تھا کہ میں شفایاب ہو چکا ہوں، ہاں میرا چہرہ ابھی بھی بے حس ہی تھا۔ ابھی کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی لیکن میں جانتا تھا کہ میں شفا پا چکا ہوں۔ چند گھنٹوں میں میرے چہرے کی بے حسی مکمل طور پر ختم ہوگئی اور میں نے خُدا کی تعریف کی کہ اُس کا کلام کام کرتا ہے۔ حالانکہ میں نے اپنی غفلت اور مصروفیت کی وجہ سے اپنی روحانی زندگی کو کمزور ہونے کی اجازت دے رکھی تھی آخر کار مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوا اور میں نے اپنی غلطی سے توبہ کی اور میں نے اپنی زندگی کے علاقہ میں ایمان کا تجربہ کیا جو پہلے اپنے متعلق کبھی نہیں کیا تھا۔ میں اکثر پیچھے دیکھتا اور سوچتا ہوں کہ میں نے کتنی بیوقوفی کی تھی کہ میں خُدا کے کلام کو چھوڑ کر لوگوں سے اپنے مستقبل کا پوچھتا تھا۔ لیکن جب میں سمجھ گیا کہ کیا ہو رہا ہے تو میں نے اعتماد کے ساتھ خُدا کے کلام کی طرف رجوع کیا۔ افسوس کے ساتھ کچھ لوگ اِس دورانیے میں اتنے پُراعتماد نہیں ہوتے کیونکہ

اُنہیں کبھی ایمان کے متعلق نہیں سیکھایا جاتا کہ یہ کس طرح آتا ہے۔ چونکہ وہ اِس عمل سے ناواقف ہوتے ہیں تو وہ دباؤ کے سبب سے یہ سوچ کر کلام کو چھوڑ دیتے ہیں کہ یہ کام ہی نہیں کرتا۔

شیطان کے جوابی حملے کو سمجھیں

کرسٹین ہماری کلیسیاء میں آئی وہ خُدا کے متعلق اتنا نہیں جانتی تھی۔ اُس نے ہماری اتوار کی ایک عبادت میں روحانی پیدائش کا تجربہ کیا تھا اور اُس دِن سے بادشاہی سے واقفیت کے تعلق سے کلاس ہوئی تھی۔ جن شعبوں کے متعلق ہم سیکھا رہے تھے اُن میں سے ایک شفا حاصل کرنے کا قانونی حق کے بارے میں بھی تھی۔ کرسٹین کو سالوں سے سُننے میں دشواری یا مشکل کا سامنا تھا۔ درحقیقت وہ ۴۰ سالوں سے ایڈ پہن رہی تھی تاکہ وہ سُن سکے۔ اور تقریباً پچاس فیصد سے زیادہ وہ سُننے کی حس کھو چکی تھی۔ اُس کی ماں بہری تھی اور اُس کا بھائی بھی کرسٹین کی طرح مشکل کا سامنا کر رہا تھا۔ جب کرسٹین نے سُنا کہ بطور ایک ایماندار شفایاب ہونے کا اُس کے پاس قانونی حق ہے تو وہ پُرجوش ہو گئی! کلاس میں میری بیوی نے اُس کے کان پر ہاتھ رکھے اور دُعا کی کہ وہ سُن سکے اور فوراً اُس نے سُننا شروع کر دیا۔ کرسٹین رونے لگی اور اُس نے خُدا کی تعریف کرنا شروع کر دی۔ جب میری بیوی ڈرینڈا اور کرسٹین نے مجھے یہ خوشخبری سُنائی تو میں نے اُسے شیطان کے جوابی حملے کے بارے میں خبردار کرنے کی کوشش کی۔ میں نے ڈرائینڈا سے کہا کرسٹین کو نصیحت کرے کہ اگر یہ علامات واپس آنا شروع ہو جائیں تو وہ اِس مسلے پر دلیری سے بات کرے اور اعلان کرے کہ وہ ٹھیک ہو گئی ہے۔ تو اِس طرح شیطان بھاگ جائے گا۔ اگلی صبح اُس کو اِسی امتحان کا سامنا ہوا۔ وہ پھر سے سُننے سے قاصر ہو گئی۔ تو اُس نے بالکل اُسی طرح کیا کہ نہیں،، شیطان میں تجھ پر یقین نہیں کروں گی۔ میں شفایاب ہوں اور میں نے یسوع کے نام سے شفا حاصل کر لی تھی۔ اُس کے کان کھلے یعنی وہ سُننے لگی اور آج تک سُن سکتی ہے۔ یاد رکھیں کہ شیطان جوابی حملے کرے گا اور اُسی علاقے پر جہاں آپ آزاد ہوئے قبضہ کرنے کی کوشش کرے گا۔ اُسے ایسا نہ کرنے دیں۔ خُدا کے کلام پر قائم رہیں۔ اِس باب میں میں نے آپ کو بنیادی تفہیم دینے کے لیے کچھ وقت لیا ہے کہ ایمان کیا ہے یہ کیسے کام کرتا ہے اور یہ کیسے جانیں کہ آپ ایمان پر ہیں یا نہیں، اور ایمان کہاں سے حاصل کرنا ہے۔ آپ کی زندگی میں خُدا کی بادشاہی کے کام کے لئے آپ کو یہ جاننا ہو گا۔ یاد رکھیں کہ یسوع نے اُس عورت سے کہا، تمہارے ایمان نے تمہیں اچھا کیا ہے اور آپ کے لئے بھی ایسا ہی ہو گا۔ آپ کا دِل آپ کا ایمان اِس بات پر پورا اعتماد کرے کہ جو کچھ آسمان کہتا ہے آپ کے ایمان کے وسیلے سے آپ کو درپیش کسی بھی پریشانی یا ضرورت کے لئے درانتی لگانا آپ کا جواب ہو گا۔

باب نمبر ٦

خداوند کی برکت

میں اپنی بیوی اور خدا کے ایک خادم کے ساتھ ایک ریسٹورینٹ میں بیٹھا تھا ہم شام کی قوت سے بھری عبادت ختم کر کے گئے تھے اور رات دس بجے کا وقت تھا۔ ویٹرز آرڈر لے کر آ گئے تو ہم نے گفتگو کرنا شروع کی۔ ہمارے مہمانِ خصوصی نے اسے بتانا شروع کیا کہ ہم ایک عبادت سے آئے ہیں اور یہ عبادت بہت زبردست تھی اور ہمارے چرچ کے متعلق بھی بتایا۔ تو اس نے پوچھا کہ "کیا آپ کو شکار کرنا پسند ہے"؟ اس نے کہا اسے شکار کرنا بہت پسند ہے۔ میرے مہمانِ خصوصی ہمیشہ میرے شکار کی کہانیوں متعلق پُرجوش رہتے تھے اور درحقیقت میں نے اسے ایمان سے شکار کے متعلق اپنی ایک کتاب اسے تحفہ میں دی تھی جیسے جیسے اسکی دوست کو ضرورت تھی۔ میرے پاس ایک اور کتاب تھی جو میں چاہتا تھا کہ وہ اپنے ساتھ اپنے گھر لے کر جاتی ویٹر آگے بڑھا اور شکار کے متعلق کہانیاں بتاتی رہی لیکن کبھی ہرن کا شکار اس نے نہیں کیا تھا۔ میں اور میری مہمانِ خصوصی نے یہ بتانا شروع کیا کہ خدا کی بادشاہی کیسے چلتی ہے اور جب وہ دوبارہ شکار کے لئے جائے تو وہ دوبارہ ہرن کے شکار کی توقع کر سکتی ہے وہ واقعی نہیں جانتا تھا کہ ہمارے بارے میں کیا سوچتے ہیں لیکن مجھے یاد کہ میں نے اسے اپنی ایک کتاب دی تھی۔ میں نے اپنی مہمانِ خصوصی سے کہا کہ میں اسے ایک اور کاپی دوں گا اور اس نے اتفاق کیا۔ ویٹر نے میرا شکریہ ادا کیا اور وعدہ کیا کہ وہ اس کتاب کو ضرور پڑھے گا اور مجھے لگتا تھا کہ میں شاید اس سے آخری دفعہ مل رہا تھا۔ لیکن ایسا نہیں تھا ایک سال بعد وہی مہمان خصوصی دوبارہ چرچ میں آئی اس نے بتایا کہ وہ اسی ریسٹورینٹ جانا پسند کرے گی۔ جہاں ہم ایک سال پہلے گئے تھے اور ہم سے کہا ہم اس کے ساتھ جائیں تو یقیناً ہم وہاں گئے۔ جب ہم بیٹھ گئے تو ہم حیران رہ گئے کہ یہ وہی ویٹر تھا جسے ہم ایک سال پہلے ملے تھے جب وہ آگے آیا اور دیکھا تو اس نے کہا ارے آپ لوگ ایک سال پہلے ہی آئے تھے اور ہم نے ہرن کے شکار پر بات کی تھی۔ ہم نے کہا ہاں ہمیں یاد ہے اس نے کہا کہ میں نے وہ کتاب پڑھی تھی جو آپ نے مجھے دی تھی اور میں نے ویسا ہی کیا جیسا اس میں لکھا تھا۔ میں نے پچھلے سال دو ہرن حاصل کیے اور اس سال ایک اور ہرن کی توقع کر رہا ہوں۔ ہم اس کی کہانی سن کر کافی پرجوش تھے لیکن ہم حیران نہیں تھے۔ بادشاہی ہر وقت کام کرتی ہے میں نے ۲۵ خادموں کے ساتھ میٹنگ کی اور انہیں اس بات پر سیکھایا کہ خدا کی بادشاہی کیسے کام کرتی ہے اور یہ میٹنگ بڑی زبردست رہی جب میں میٹنگ ختم کر کے کمرے سے نکل ہی

رہا تھا اور میرا عملہ صفائی کر رہا تھا کہ پادریوں میں سے ایک واپس آیا جب وہ پادری اور ان کی بیوی ہمارے پاس آئے تو انہوں نے پوچھا کہ کیا وہ ہم سے بات کر سکتے ہیں۔ پادری نے بتایا کہ اس کے گھر کو ہفتے کے آخر تک بند کر دیا جائے گا جب تک ہم ۶۹۰۰ ڈالر ادا نہ کر دیں اس نے بتایا کہ اس کے پاس ۱۰۰ ڈالر کے علاوہ کچھ نہیں ہے اور وہی اس کے ہاتھ میں تھا۔ اس نے بتایا کہ میرے پاس صرف یہی ہے لیکن جیسا کہ آپ نے آج شام ہمیں سکھایا میں یہ بیج بونا چاہتا ہوں اور میں یہ چاہتا ہوں کے آپ اور آپ کی بیوی درکار رقم کے لئے اس ہفتے ہم سے اتفاق کریں۔ ہم سب نے متفق ہو کر دعا کی اور خدا کا شکر ادا کیا۔ ایک ماہ بعد اس خادم کو میں نے ہماری دوسری تقریب میں دیکھا اور وہ خوشی سے بھاگتا ہوا میری طرف آیا اس نے کہا میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ کیا ہوا میں نے آپ کو یہ بات اس وقت نہیں بتائی تھی جب ہماری گفتگو ہوئی تھی لیکن میری بیوی اور میرے پاس تھوڑے وقت کے لیے شرٹ کا کاروبار تھا جو ہم کچھ وقت سے چھوڑ چکے تھے ہم اس کا زیادہ کام نہیں کرتے تھے لیکن ایک ماہ میں ایک دفعہ آرڈر لے لیتے تھے خیر جس دن ہم نے کی دعا کی ہمیں اگلے دن ۸۹ سو ڈالر کا آرڈر ملا ہمیں اس ہفتے بہت محنت کرنی پڑی لیکن جمعہ والے دن ہمارے پاس تقریباً ۶۹۰۰ ڈالرز موجود تھا جو ہمیں گھر کے لئے درکار تھا شکریہ!

میں نورتھ کیرولینا میں پانچ سو پاسٹرز کی کانفرنس میں تھا۔ مجھے وہاں صرف شرکت کے لیے بلایا گیا تھا ایک آدمی اٹھ کر میری طرف آیا اور کہا میں آپ سے بات کرنا چاہتا ہوں وہ پاسٹر جرمنی سے تھا اور مجھے ایک دلچسپ بات بتانا چاہتا تھا اس کا بیٹا جو کہ نو عمر تھا اسے کسی طرح میری سی ڈیز مل گئی۔ وہ سننے کے بعد اس نے ایمان رکھا کہ وہ ایک پلے اسٹیشن حاصل کرنے جا رہا تھا اگرچہ اس کے پاس اس کے لیے پیسے نہیں تھے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ کو پلے اسٹیشن کے بارے میں پتہ ہو گا لیکن اگر نہیں تو میں بتانا چاہوں گا کہ یہ ایک کمپیوٹر گیمنگ سسٹم تھا۔ اس پاسٹر نے مجھے بتایا کہ کس طرح ایک دن اس کا بیٹا اسکے پاس آفس میں آیا اور پوچھا کہ اگر وہ اس کے ساتھ پلے اسٹیشن کے لئے اتفاق کر لے اس کے بیٹے نے اسے کہا کہ کس طرح اس نے میری سی ڈی کے ذریعے ایمان کا بیج بونے اور دعا کے متعلق سیکھا ہے اس لئے وہ اپنے والد کے ساتھ اس کے بارے میں دعا کرنا چاہتا تھا اس خادم نے بتایا کہ اس نے اس کے بارے میں اتنا نہیں سوچا لیکن بطور ایک کلیسیا کے خادم ہونے کے اس نے اپنے بیٹے سے یہ ہدیہ لیا جو چرچ کے لیے ایک پیش کی تھی اس نے اور اس کے بیٹے نے مل کر دعا کی اور اس بات پر اتفاق کیا کہ اب اسکے بیٹے کے پاس پلے سٹیشن موجود ہیں اور انہوں نے سمجھایا کہ یہ مسئلہ حل ہو چکا ہے اگلے دن اس چرچ سے ایک آدمی نے خادم کو فون کیا کہ اگر اس کا بیٹا کوئی اعتراض نہ کر دے تو ایک قلیل مدتی پراجیکٹ کے لئے اضافی پیسے بنانے کے لئے اسے اسکی مدد کی ضرورت ہو گی اس کا بیٹا پور جوش ہوا کے صرف دو دن کے

پراجیکٹ میں اس نے پلے اسٹیشن کے لئے پیسے حاصل کر لیے۔ اس بات نے اسکے بیٹے کی توجہ معزول کرلی اور چند ہفتوں بعد اس خادم نے بتایا کہ اسکا بیٹا اپنے دفتر میں واپس آیا اور پوچھا کہ کیا وہ اس کے ساتھ کسی اور چیز کے لئے اتفاق کر سکتا ہے۔ پادری نے مجھے بتایا کہ اس نے کہا ضرور لیکن وہ کافی حیران ہوا کہ جب اسکے بیٹے نے اسے بڑے تفصیلات کے بارے میں اتفاق کے لئے پوچھا کہ خدا اسے یہ دے، پادری نے مجھے بتایا کہ وہ بالکل نہیں جانتا تھا کہ اسے اپنے بیٹے کو کسطرح جواب دینا ہے لیکن آخر کار اس اپنے بیٹے سے کہا کہ اسکو حاصل کرنے کے لئے اسے اس اتفاق کو سمجھنا ہوگا اور اس کے بیٹے نے اپنے والد کی بات سے اتفاق کیا اور پھر اس کے بیٹے نے بڑے مسلز کے لئے اپنا بیج بویا اور اتفاق میں اسکے لئے دعا کی اگلے دن ایک کار پاسٹر کے راستے میں آئی اور چرچ کا خاندان ہی تھا۔ جب پاسٹر ان سے بات کرنے کے لئے گاڑی سے باہر گئے تو انہوں نے کہا کہ وہ اپنا گراج صاف کر رہے تھے ان کے پاس ایک باربیل سیٹ تھا انہیں لگا کہ شاید پاسٹر کے بیٹے کو اس کی ضرورت ہو۔ اگر نہیں تو کوئی اور چرچ میں اسے پسند کرتا ہوں تو ہم انہیں دے دیں گے پاسٹر نے مجھے بتایا کہ کوئی بھی نہیں جانتا تھا کہ ان کے بیٹے کو مسلز پسند ہے کہ انہوں نے صرف ایک رات پہلے ہی اس کے متعلق دعا کی تھی میں نے بتایا کہ وہ حیران ہو چکا تھا وہ گھر گیا اور اپنے بیٹے سے پوچھا کہ وہ سی ڈی کہاں ہے؟ اس قسم کی اب عام ہو چکی تھی۔ میں انہیں ایک وقت سنتا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ وہ آپ کی زندگی میں بھی عام ہو اب تک ہم نے خدا کی بادشاہی کے قوانین کیسے کام کرتے ہیں اس کے کئی اہم پہلوؤں کو قائم کیا اور ان پر تبادلہ خیال کیا ہے کہ زمین کے دائرے میں قانونی حیثیت یا دائرے اختیار حاصل کرنے کے لیے آسمان کے ساتھ متفق ہونے اور ایمان کی ضرورت ہوگی اب آیئے ذرا گہرائی میں جاتے ہیں کہ بادشاہ کے قوانین ہماری ضروریات کے لئے کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔

”خداوند ہی کی برکت دولت بخشتی ہے اور وہ اس کے ساتھ دکھ نہیں ملاتا۔“_ مثال ۱۰: ۲۲

جب میں نے پہلی بار اس صحیفہ کو دیکھا تو میں نے سوچا یقیناً اس کا یہ مطلب نہیں جو یہ کہہ رہا ہے؟ لیکن میں نے دریافت کیا کہ اس کا مطلب بالکل وہی ہے جو اس میں بیان کیا گیا ہے۔

”بلکہ کسی نے کسی موقعہ پر یہ بیان کیا ہے کہ انسان کیا چیز ہے جو تو اس کا خیال کرتا ہے؟ یا آدم زاد کیا ہے جو تو اس پر نگاہ کرتا ہے؟ تو نے اسے فرِشتوں سے کچھ ہی کم کیا۔ تو نے اس پر جلال اور عزت کا تاج رکھا اور اپنے ہاتھوں کے کاموں پر اسے اختیار بخشا۔ تو نے سب چیزیں تابع کر کے اس کے پاؤں تلے کر دی ہیں۔ پس جس صورت میں اس نے سب چیزیں

اس کے تابع کر دیں تو اس نے کوئی چیز ایسی نہ چھوڑی جو اس کے تابع نہ کی ہو مگر ہم اب تک سب چیزیں اس کے تابع نہیں دیکھتے۔،، _عبرانیوں ۲: ۴-۸

ہم اس حوالے کو پہلے پڑھ چکے ہیں لیکن یہ ہماری گفتگو کے لیے نہایت اہم ہے۔منظر نامے کے مطابق جب انسان کو تخلیق کیا گیا تو زمین پر سب کچھ اس کے زیر اختیار تھا کوئی بھی ایسی چیز نہیں تھی جو اس کے تابع نہیں تھی آپ نے اپنے اس عہدے میں زمینی دائرے میں اختیار رکھا اور اپنا تاج پہنا وہ اس کے مسح سے معمور تھا اور اس کی عزت کی جگہ اسے اختیار دیا گیا۔ شیطان جس نے خُدا کے خلاف بغاوت کی تھی آدم کے ظاہر ہونے سے پہلے ہی زمین پر پھینک دیا گیا تھا۔ شیطان نے انسان کو حقیر سمجھا اس نے دیکھا کہ خدا نے اپنا اختیار انسان کو تاج کے طور پر دے دیا ہے اب اس اختیار کے بعد شیطان کی تخلیق شدہ جسمانی حالت اس سے کہیں زیادہ کمزور تھی۔

"خداوند ہی کی برکت دولت بخشتی ہے اور وہ اس کے ساتھ دکھ نہیں ملاتا۔،، مثال ۱۰: ۲۲_

روحانی طور پر ہر وہ لفظ جو آدم نے بولا اس کا وہی اختیار تھا جیسے خدا نے خود کہا تھا خدا کے بندہ آدم نے اختیار اور عظمت کے اس خوفناک مقام سے زمین پر حکومت کی چنانچہ شیطان نے اس آدمی سے نفرت کی اور زمین پر اس کا اختیار حاصل کرنے کی خواہش کی۔ شیطان کا ایک ہی مقصد تھا کہ کسی طرح وہ عہدہ وہ اختیار اور تاج انسان سے چھینا جائے لیکن صرف ایک ہی مسئلہ تھا شیطان آدم سے تاج کی قوت نہیں رکھتا صرف امید تھی کہ کسی طرح وہ آدم کو دھوکا دے سکتا ہے کیونکہ تاج اس کے پاس تھا حوا کو ورغلا کر کہ خدا پر بھروسہ رکھنے کا کوئی فائدہ نہیں بلکہ جس سے خدا نے آدم اور حوا کو رکھا تھا زندگی اس سے کہیں زیادہ بڑھ کر تھی اس نے خدا کی جگہ شیطان کی بات ماننے کا انتخاب کیا اور خدا کے خلاف بغاوت کی۔ پھر اس کے بعد آدم اور حوا نے خدا کی بادشاہی کے اندر اختیار کی اپنی قانونی حیثیت کھو دی اور شیطان اس دنیا کا خُدا بن گیا جیسا کہ پولوس رسول اسے ۲- کرنتھیوں میں بیان کرتے ہیں:

"یعنی ان بے ایمانوں کے واسطے جن کی عقلوں کو اس جہاں کے خدا نے اندھا کر دیا ہے تا کہ مسیح جو خدا کی صورت ہے اس کے جلال کی خوشخبری کی روشنی ان پر نہ پڑے۔،، _۲- کرنتھیوں ۴:۴

اس سے پہلے آدم بغاوت کرتا اسنے بیٹا ہونے کے سبب سے بہت ساری برکتوں کا لطف اٹھایا۔ جو کچھ خُدا کا تھا وہ سب اس کا تھا جس سے وہ لطف اندوز ہوتا تھا اور وہ ایک دن بھی کسی طرح کے خوف میں نہیں رہتا تھا پر اس چیز کی جسے اسے اس زمین پر ضرورت تھی اس کے آنے سے پہلے ہی موجود تھیں اگر ہم پیدائش کی کتاب کے چھ دن تخلیق پر غور کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ انسان تخلیق کے چھٹے دن کے اختتام پر خدا کے تخلیق کے منصوبے کے آخری حصے میں پیدا کیا گیا تھا اس کی منزل ساتویں دن میں تھی جسے خدا نے آرام کا دن قرار دیا۔ یہ اس لیے نہیں تھا کہ خدا تھک چکا تھا بلکہ سب کچھ مکمل ہو چکا تھا ایک لمحے کیلئے سوچیں کہ خدا نے کیا مکمل کیا تھا اور اس نے انسان کے لئے کیا شاندار منصوبہ بنایا تھا افسوس کے ساتھ آدم نے اس دوران میں وہ سب کھو دیا تھا بادشاہی میں اپنی قانونی حیثیت بھی کھو دی تھی جب خُدا نافرمانی کے فیصلے کے بعد آدم تک پہنچا تو خُدا نے آدم سے کہا۔

”اور آدم سے اس نے کہا کیوں کہ اس نے اپنی بیوی کی بات مانی اور اس درخت کا پھل کھایا جس کی بابت میں نے تجھے حکم دیا تھا کہ اسے نہ کھانا اس لیے زمین تیرے سبب سے لعنتی ہوئی مشقت کے ساتھ تو اپنی عمر بھر کانٹے اور اونٹ کٹارے اُگائے گی اور تو کھیت کی سبزی کھائے گا تو اپنے منہ کے پسینے کی روٹی کھائے گا جب تک کہ زمین میں پھر لوٹ نہ جائے اس لئے کہ تو اس سے نکالا گیا ہے کیونکہ تو خاک ہے اور خاک میں پھر لوٹ جائے گا۔“ پیدائش ۳: ۱۷- ۱۹

پہلی چیز جو میں آپ کو دکھانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ خدا نے زمین کو لعنتی نہیں کیا تھا بلکہ آدم نے خود کیا تھا اسے اس پر مکمل اختیار حاصل تھا وہ اس کا نگران تھا آدم کے پاس زمین کا مکمل اختیار حاصل تھا لیکن اس کے اس فیصلے نے نہ صرف آدم پر بلکہ پوری زمین پر اثر ڈالا یعنی ہر مرد اور عورت پر جو اس زمین پر رہیں گے اور خُدا کی حضوری سے باہر نکل گئے۔

اس فیصلے کے نہ صرف آدم پر بلکہ پوری زمین پر اثرات مرتب ہوئے اور ہر مرد اور عورت جو زمین پر پیدا ہوئے اس فیصلے کے سبب سے لعنتی ٹھہرے تھے۔ اسکا زمین کے دائرے پر اختیار تھا جو خدا نے اسے دیا تھا بس اب اس نے خود کو اس تاج اور حکمرانی سے بے اختیار یا جس کی وہ کبھی نمائندگی کرتا تھا جسکی وجہ سے وہ زندگی سے نکل کر موت میں داخل ہو گیا جو کہ آدم کیلئے کبھی ایک اجنبی تصور تھا اب اسے اپنی گرفت میں لے لیا تھا پھر خدا نے آدم کو اسکے سامنے کہا کہ اپنے گناہ کے سبب سے خدا کی بادشاہی میں اپنا قانونی حق کھو دیا۔ چونکہ آدم زمین پر آسمان کی نمائندگی کر رہا تھا۔ اس نے اپنا قانونی حق کھو دیا تھا۔ دوسری بات یہ کہ اب زمین خود متاثر ہو چکی تھی اور اب پہلے کی طرح اس میں پیداوار نہیں تھی۔ اب آدم کو اپنی ضرورت کی چیزوں کیلئے خود محنت مشقت کرنی پڑی۔ اب کانٹے اور کھیت اب سب کچھ سے زندگی مشکل ہو چکی تھی۔

محنت زندگی کا ایک حصہ بن چکی تھی۔ میں ایسے مشکل طرزِ زندگی اور موت کا خوف اور محنت مشقت کہتا ہوں جو آدم کے سبب سے دنیا میں آئی۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں آپ اور میں پلے بڑھے ہیں اور زندگی گزارتے ہیں۔ داؤد اسے زبور ۲۳ میں لکھتا ہے۔"جو موت کے سائے کی وادی پیش کرتا ہے:

"بلکہ خواہ موت کے سائے کی وادی میں سے میرا گزر ہو میں کسی بلا سے نہیں ڈروں گا کیونکہ تو میرے ساتھ ہے۔"

_زبور ۲۳: ۴

یہ ایک ایسا دائرہ تھا جہاں موت کا خوف پھیل چکا تھا۔ لیکن وہاں ایک اور منفی نتیجہ تھا انسان نے خدا کے ساتھ اپنا رشتہ کھو دیا اور نتیجہ میں اس نے تخلیق کردہ مقصد اور شناخت کو کھو دیا۔ لیکن اب انسان پیدا ہوا تھا تو خدا نے ایسے مقصد کے ساتھ پیدا کیا تھا۔ اسے خُدا کی طرف سے زمین پر حکومت ملی تھی۔ دوسرے لفظوں میں خدا نے اسے خاص مقصد اور کام کے ساتھ پیدا کیا تھا۔ خدا کی زہنیت اسی بات پر منتقل ہو چکی تھی لیکن اب محنت کرنا اسکی زندگی کا مقصد بن چکا تھا اور انسان کے زندہ رہنے کیلئے یہ سب کچھ لازم ہو چکا تھا جس میں کوئی سکون نہیں تھا بلکہ پسینہ مشقت سے بھرے دن تھے۔

زمین کے لعنتی ہونے کے سبب سے محنت اور مشقت میں بھاگ دوڑ کی وجہ سے انسان تھک چکا ہے۔

کوئی خوش قسمت ہی تھا جس کے پاس بہت زیادہ کھانا اور تحفظ تھا۔ اور وہ اسے کھونے کے خوف سے پکڑے ہوئے ہیں اگر وہ اس طرح کریں گے تو ان کو بھی محنت مشقت کا سامنا کرنا ہو گا انسان کا یہ ہی خواب ہے کہ زندہ رہنے کیلئے اس کے پاس بہت سی آسائشیں اور کھانا ہو جس سے غلامی کی زندگی گزارنے سے آرام حاصل کر سکے میں یہ یقینی بتانا چاہتا ہوں کہ آپ اس حقیقت کو واضح سمجھیں۔ مجھے یاد ہے کہ میں ایک صبح ایک خادم کے ساتھ بیٹھا تھا۔ وہ مجھے بتا رہا تھا کہ اسے خدمت کرنا بہت پسند ہے۔ لیکن ہر صبح جب اٹھتا تو اسے پیسوں کی کمی اور قرض ہی یاد رہتا تھا۔ اس نے کہا کہ اسکے مالی مسائل ایک ایسے کمبل کی طرح تھے جو انکی زندگی کا دم گھٹنے کی کوشش کر رہے تھے۔ اور انہی باتوں نے ان کی سب خوشیاں چھین لیں تھی۔ یہ صرف خادم ہی نہیں جو ان باتوں کا سامنا کر رہے تھے بلکہ یہ زیادہ تر خاندانوں کا زندگی گزارنے کا طرزِ عمل بن چکا تھا جو کہ صرف قرض کے دائرے میں رہتے ہیں ہر کوئی باہر نکلنے کا راستہ تلاش کر رہا ہے اور اس سے باہر نکلنے کا راستہ صرف بہت ساری دولت ہے زمینی لعنت کے نظام کے تحت آپ کی شناخت اسطرح ہے کہ آپ کے پاس کیا

ہے۔ یا آپ کتنا پیسہ کمارہے ہیں۔ پہلا آدم اپنی ہر غلطی پر پردہ ڈالنے کی شدت سے اس مقصد اور شناخت پر پردہ ڈالنے کی کوشش کر رہاہے۔ اب وہ خدا کے مسح کو بدلنے کی کوشش کر رہاہے جو اسے بڑے جلال اور دولت کیلئے دیا گیا تھا دوسری بات یہ کہ وہ اپنے تاج دار مقام کو بھی بدلنے کی کوشش کر رہاہے۔ جو اسے خدا نے دنیا میں بادشاہی کے لئے دیا تھا۔ اب انسان دولت تلاش کرنے اور جمع کرنے میں ایک چیز کو کھو رہاہے اور اب اسکی شناخت اسکی حیثیت سے ہونے لگی ہے کہ اسکے پاس دوسرے آدمی سے کتنا زیادہ پیسہ ہے رتبہ اور مقام آج کے انسان کیلئے بہت اہم بن چکاہے۔ اسکے بارے میں سوچیں۔ کونسا سوال اس کے متعلق ایک آدمی دوسرے آدمی سے پوچھے گا؟ آپ زندگی گزارنے کیلئے کیاکام کر رہے ہیں دوسرے الفاظ میں ہم اپنے آپ سے یہ کہہ رہے ہوتے ہیں کہ یہ دوسرا آدمی کون ہے؟ اور یہ شخص زمینی دائرے میں کس حیثیت کامالک ہے۔ مجھے اسے عزت دینے کیلئے کیا کرناہوگا۔ پیاری بہنوں اب میں ایک آدمی کے نظریہ سے بات کر رہا تھا مجھے لگتاہے کہ خواتین کسی کی پہچان کو بلکل مختلف انداز سے دیکھتی ہیں آج یعنی اس زمینی لعنت کے دائرے میں اپنے معاملات کو حل کرنے کیلئے پیسہ استعمال کر رہے ہیں یا تو لوگ بغیر سوچ سمجھے بنا ایک ملازمت کے لئے ایک ریاست کو چھوڑ کر دوسری ریاست میں چلے جائیں گے۔ ہر کوئی راک سٹار بنناچاہتاہے۔ کیوں؟ کیونکہ ہر کوئی دولت مند ہوناچاہتا اور بڑی پہچان رکھناچاہتاہے۔ مڈل سکول کے ہزاروں طلبا کے درمیان ایک سروے کیا گیا تھا کہ وہ بڑے ہونے کے بعد کس پیشے میں جاناچاہتے ہیں۔ ان میں سے ۶۵ فیصد لوگوں نے کہا کہ ہم مشہور ہوناچاہتے ہیں۔ مشہور؟ پچھلی بار جب میں نے موازنہ کیا تھا تو کیا دیکھا تھا کہ وہ کام میں نہیں بلکہ خود مشہور ہوناچاہتے ہیں۔ ایک اور مطالعے سے معلوم ہوا کہ تیس فیصد لوگ اپنی ملازمت سے نفرت کرتے ہیں۔ جبکہ چالیس فیصد لوگ اپنی ملازمت کو پسند نہیں کرتے یعنی اس کے مطابق امریکہ میں ستر فیصد لوگ کام کرنے والے ہیں جو اپنی ملازمت کو پسند نہیں کرتے! تو پھر وہ وہاں کیوں ہیں؟ اسلئے کے وہ جینے کیلئے محنت مشقت کر رہے ہیں اور اسلئے آپ کو اس کا غلام بنا چکے ہیں۔ مقصد اور جذبہ ان میں سے زیادہ تر کارکنوں میں نہیں ہے بلوں کی ادائیگی حوصلہ افزا مختصر بن چکی ہے۔ پیسہ تلاش کرنے کی ضرورت کے غلام ہونے کی وجہ سے اختیارات کی بہت کم گنجائش رہ جاتی ہے جو زیادہ تو پیسہ ادا کرتے ہیں وہ ہی ہر وقت جیتے ہیں۔ اسے چوہوں کی دوڑ کہتے ہیں! جہاں میں اور آپ رہتے ہیں ایک چوہے کا تصور کریں جو جتنی جلدی ہو سکے دوڑ رہاہو اور کسی طرح ادھر اُدھر گھوم رہاہو ہم سنیں گے اور کہیں گے یہ اچھالگ رہاہے لیکن حقیقی دنیا میں یہ بلکل بھی اچھا نہیں ہے۔ لوگ اسطرح کے تیز پیشے پر مر جاتے ہیں اور جہاں جانے کی اُن کو اُمید ہوتی ہے وہاں نہیں جاپاتے۔

"اور تم ان باتوں کے خیال میں نا رہو کہ کیا کھائیں گے اور کیا پئیں گے اور نہ شکی بنو کیونکہ **ان سب چیزوں** کی تلاش میں دنیا کی قومیں رہتی ہیں لیکن تمہارا باپ جانتا ہے کہ تم کن چیزوں کے محتاج ہو ہاں اسکی بادشاہی کی تلاش میں رہو تو یہ چیزیں بھی تم کو مل جائیں گی۔" _لوقا ۱۲: ۲۹- ۳۱

محنت اور مشقت میں بھاگنا ایک راستہ ہے جسے ہم جانتے ہیں۔ اگر میں آپ سے کہوں کہ آپ کو قرض سے نکلنا ہوگا تو میرا مطلب ہوگا کہ آپکو بارہ ماہ میں اس قرض سے نکلنا ہوگا آپ کے پورے خاندان کو نورتھ پول میں ہمیشہ کیلئے جانا ہوگا (میں ایک نقطہ بنانے کیلئے اس مثال کا استعمال کر رہا ہوں) تو پھر آپ کیا کریں گے؟ میں آپ کو بتاوں گا کہ آپ کیا کریں گے۔ آپ فوری طور پر پسینہ بہانے اور تیز کمانے، دوڑنے کا منصوبہ بنانا شروع کریں گے۔ آپ کہیں گے ٹھیک ہے میں کچھ اور تھوڑے وقت کی ملازمت بھی کر سکتا ہوں بیوی کچھ ملازمت کر سکتی ہے۔ اور بچے بھی اس میں کچھ مدد کر سکتے ہیں۔ کیا آپ نے دیکھا کہ روزگار کا صرف ایک ہی ذریعہ نظر آتا ہے۔ جس میں آپکو درد اور مشقت کا سامنا کرنا ہوگا۔ مجھے ایک اور تصور دینے دیں۔ چلیں فرض کرتے ہیں کہ میں آپ کی گلی سے گزر رہا ہوں اور مجھے ایک بھورے رنگ کا تھیلا ملا جس میں دس ملین ڈالرز ہوں میں بہت پُرجوش ہوں اور میں جانتا بھی ہوں کہ مجھے اسکی اطلاع دینی چاہیے، لہذا میں آپ کو جانتا ہوں اور آپ کے گھر میں آپکا فون مانگنے کی اجازت مانگ رہا ہوں میں ڈیپارٹمنٹ میں فون کروں اور آپ کھڑے دیکھ رہے اور سن رہے ہوں۔ میں ان کو بتاؤں کہ مجھے کیا ملا اور کیا ہوا ہے۔ تھوڑی دیر کی خاموشی کے بعد جب انہوں نے اپنا ریکارڈ چیک کیا ہو اور انہوں نے مجھے بتایا کہ ان کے پاس اس رقم کے غائب ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ہے اور میں وہ رکھ لوں (مجھے نہیں لگتا کہ وہ مجھے ایسا کہیں گے لیکن میری مثال میں یہ بات مددگار ثابت ہوگی) جب انہوں نے مجھے بتایا ہو اور میں خوشی سے اچھل پڑوں اور پھر میں آپ کو بتاؤں کہ انہوں نے کیا کہا ہے اور میری خوشی بہت زیادہ ہو آپ شائستگی سے مسکرائے ہوں اور میں خوشی میں یہ سب کچھ بیان کر رہا ہوں لیکن آپ کے خیال میں اس رات آپ کھانے کی میز پر کیا کریں گے جب آپ نے وہ کہانی اپنے شریکِ حیات کو سنائی ہو؟ خوش؟ مجھے نہیں لگتا آپ کہیں گے "یہ نہیں ہے، یہ بلکل ٹھیک نہیں ہے" آپ خالی جگہ پُر کریں کیا آپ نہیں کریں گے؟ آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ لفظ "یہ بلکل ٹھیک نہیں ہے" درست جواب تھا؟ میں آپ کو بتاؤں گا کہ کیسے کیونکہ آپکی پرورش اس طرح ہوئی ہے۔ یہ وہ نظام تھا جس کے ساتھ آپ بڑے ہوئے، بہت مشقت اور پیسہ ایسے ہی ہے۔ میری مثال میں میں نے مشقت کے بغیر پیسہ حاصل کیا اور یہی نظام میں دھوکہ دہی ہو رہی ہے یہ ٹھیک نہیں ہے اور نا ہی یہ ٹھیک تھا کیونکہ میں نے اس کیلئے کوئی محنت نہیں کی تھی یہ صرف مجھے ملی تھی یہ جانتے ہوئے کہ آپ کا ایسا مقدر کبھی نہیں ہوگا آپ اندر ہی اندر حسد اور بغض کو محسوس کریں گے

جس سے آپ ہمیشہ محنت مشقت کرتے رہیں گے اس کے مقابلے میں اگر میں کسی دن پھٹے اور گندے کپڑے پہن کر جاوں اور وہاں کھڑے ہو کر کہوں اور اٹھ کر لوگوں سے کہوں کہ ہم نے یہ کیا ڈرائنڈ ا اور میں پچھلے دس سالوں سے بائیس گھنٹے کام کر رہے ہیں اور آخر کار ہم نے اپنا گھر حاصل کیا جہاں ہم تالیاں بجا کر خوش ہو سکتے ہیں اس لئے کہ کسی نے ایسا بنایا اور آپ کو خوشی ملی کسی نے یہ کیا اور نکلنے کا راستہ ہے ہو سکتا ہے کہ ہم اپنے دانت پیس سکیں محنت ادا کر سکیں اور آزاد ہو سکیں لیکن اس قت سب شور کیوں سنے تالیاں کیوں نہیں بجائیں۔ جب مجھے روڑ سے پیسے ملے تھے اور کیوں آپ کیلئے خالی جگہ پُر کرنا اتنا آسان تھا اس لئے کہ آپ ایسا سوچتے ہیں کیونکہ آپ اس کا خواب دیکھ رہے تھے۔ منصفانہ ہونا ایک تکلیف دہ مشقت اور محنت کا نظام جس کے متعلق ہم نے لکھا ہے مزدوری کے بغیر پیسہ درست نہیں ہو سکتا لیکن محنت مشقت سے بھاگنا ہر کسی کا خواب ہے دولت مند بنا کروڑ پتی بننا زیادہ تر لوگوں کیلئے پریشان کُن سوچ ہے اگر ملین ڈالر ایک نمبر کی طرح ہے تو یہ بھی دولت کی بات کر رہا ہے۔ دولت مالی آزادی کی کوشش کرتی ہے جو روز مرہ محنت مشقت کے برعکس ہے جس میں زیادہ تر لوگ رہتے ہیں یا کوئی بھاگتے بھاگتے تھک گیا اور ایک ملین ڈالر ہونے کا مطلب ہے کہ وہ رُک سکتے ہیں اور جو کچھ کرنا چاہیں کر سکتے ہیں اس کے بارے میں سوچیں لاٹری کی درخواست کیا ہے؟ آزادی! ایسے فیصلے کرنے کی آزادی جو بلوں کی ادائیگی اور روزگار کمانے کے ارد گرد نا ہو ایک پروگرام کروڑ پتی کون بننا چاہتا ہے؟ بہت مشہور ہے یہ پُرکشش ہے کیونکہ ہر کوئی اس قسم کی آزادی کا خواب دیکھتا ہے اور ب وہ یہ پروگرام دیکھتے ہیں تو وہ مقابل کے ساتھ خوش ہوتے ہیں اور یہ اُمید کرتے ہیں کہ وہ کامیاب ہونگے موضوع کو مختصر اور اس کی سادہ ترین تعریف میں چوری کرنا بھی ایک ایسی ہی شرط ہے جس میں کوئی محنت مشقت نہیں ہے کچھ معنوں میں اسے زمین کی لعنت کے نظام سے آزادی کی کوشش کرنا ہے آیئے پھر سے اس بات پر اتفاق کریں کہ ہر کوئی دوڑنا چھوڑنا چاہتے ہیں لیکن کیا کوئی راستہ ہے؟ پیسے کے ہر بے ہلکے ہو سکتے ہیں مجھے بیرون ملکوں میں مقیم لوگوں کی طرف سے روزانہ کم از کم دس ای میلز موصول ہوتی ہیں جس میں وہ مجھے اپنی کہانی بتاتے ہیں کہ انہیں کیسے وراثت میں دس ملین ڈالر ملے جن کو محفوظ کرنے کیلئے انہیں کسی کی مدد کی ضرورت ہے وہ ان میں سے آدھے پیسوں کو پیش کرتے ہیں اور میں رضاکارانہ طور پر ان کے پیسے لے کر ان کی حفاظت کروں یقینی طور پر وہ میرا ایڈرس مانگتے ہیں تاکہ چھوٹی سی قیمت دورانیہ کے عمل کیلئے ادا کی جاسکے جس سے ان کی وراثت کو تحفظ مل سکے۔ واقعی کیا میں بے وقوف لگ رہا ہوں؟ مجھے ایک دن ایک کلائنٹ نے فون کیا اور سرکاری کام کا مشورہ کیا میں نے اپنے روایتی سوالات پوچھے۔ اور میں نے دریافت کیا کہ اس کے پاس سرمایہ کاری کیلئے پانچ ملین ڈالرز تھے اس نے مجھے بتایا کہ اس وقت میرے پاس پیسے نہیں تھے لیکن یہ وراثت سے آنے تھے میں نے اس سے پوچھا کتنے ہفتوں میں یہ وراثت کا معاملہ ہو جائے گا اس نے کہا دو ہفتوں میں تکمیل ہو جائے گا میں نے ایسے دو ہفتوں میں بلایا تو اس نے کہا تھوڑا

زیادہ ہو جائے گا اسے اپنی جائیداد حاصل کرنے میں دشواری ہو رہی تھی کیونکہ یورپ کے بینک نے اسے روک رکھا تھا۔ جیسے ہی اس نے میری توجہ حاصل کی میں نے اس سے سوال پوچھنے شروع کر دیے، کہانی یہ تھی کہ فرانس میں اس کے ایک چچا انتقال کر گئے تھے اور ان کے اس چچا نے اس کیلئے پانچ ملین ڈالر چھوڑ دیے تھے تاہم اس کی جائیداد پر پچاس ہزار ڈالر ٹیکس واجب الادا تھا جسے یہ جائیداد حاصل کرنے سے پہلے ادا کرنا تھا۔ اس نے کہا کہ وہ پیسے حاصل کرنے کی کوشش کر رہا تھا اس نے قرض حاصل کرنے کیلئے بھی درخواست دی تھی اس نے اُس سے پوچھا کہ اگر اس کے پاس کوئی وکیل ہے ،"ہاں جس وکیل نے مجھے فرانس سے بلایا تھا مجھے دیکھ رہا تھا یعنی تمہارے پاس امریکن وکیل نہیں ہے جو اس پر کام کر رہا ہو "اس نے کہا نہیں میرے پاس صرف وہی ہے جس نے مجھے فرانس سے بلایا تھا وہ بتاتا ہے کہ اسے پچاس ہزار ملین حاصل کرنے میں بہت سی مشکلات کا سامنا تھا فرانس والے وکیل نے کہا کہ مجھے آدھی رقم ادا کرنی ہو گی اور آدھی رقم بعد میں ادا کرنی ہو گی اس کی جائیداد جاری ہو گی نہیں میں نے کہا یہ ایک دھوکہ ہے حالانکہ اس نے اپنے چچا کے اس معاملے کے متعلق کبھی نہیں سوچا تھا کہ یہ سچ ہے میں نے دو ہفتوں کے بعد دوبارہ فون کیا اور اس نے کہا کہ اس کے پاس عام رقم بینک میں بھیجنے کیلئے موجود ہے میں نے پھر اس سے کہا کہ ان کے پاس پہلے ہی پانچ ملین ڈالرز ہیں اگر وہ واقعی ٹیکس کی رقم چاہتے ہیں تو وہ صرف آپ کو ای میل کر سکتے ہیں۔ رات میں آپ کو ایک فارم بھیج سکتے ہیں جس پر آپ دستخط کر کے واپس بھیج سکتے ہیں اور ان کے پاس موجود رقم ۵۰،۰۰۰ لینے کی اجازت دے سکتے ہیں لیکن وہ مجھ پر یقین نہیں کر رہا تھا اسے یقین تھا کہ وہ سچ بول رہے ہیں ابھی گذشتہ اتوار میرے پاس ایک ایسا ہی معاملہ تھا ایک نوجوان مجھ سے کچھ رقم کی سرمایہ کاری کیلئے مشورہ مانگ رہا تھا جو اس کی نظر میں جائیداد کے متعلق تھا میں نے اسے اس کا جملہ ختم نا کرنے دیا میں نے کہا میں جانتا ہوں کہ تم کس قسم کی ادائیگی کا کہہ رہے ہو کہ اس طرح ایسے رقم واپس ملے گی خیر آپ کو یہ کیسے معلوم ہوا میں نے اسے بھی یہ ہی بتایا کہ یہ دھوکہ دہی ہے اگرچہ وہ ہمیں جانتا تھا کہ جو آدمی مرا ہے اسکا امریکہ میں کوئی وکیل نا تھا وہ پھر بھی پیسے کی حقیقت پر مجھ سے لڑ رہا تھا ان دونوں آدمیوں کے ساتھ ایسا کیوں ہوا کیونکہ وہ آزادی چاہتے تھے؟ وہ اسے کبھی جانے نہیں دیں گے کہ اگر اس کے حقیقی ہونے کے امکانات دس بلین تک بھی ہوں تو وہ اسے ضرور چاہیں گے میں آپ کو ایک اور مثال دیتا ہوں مالی خدمات کے متعلق کاروبار جسے میں اور ڈرانئڈا کر رہے ہیں پورے امریکہ پر محیط ہے اور یہ ایک زبردست کاروبار ہے میری کمپنی میں یہ ایک حقیقی موقع ہے میرے پاس لوگ ہیں جو سال میں لاکھوں ڈالرز کما رہے ہیں۔ لیکن میرے کاروبار میں بہت کچھ سیکھنے کو بھی ہے آپ لوگوں کے پیسے کو ہینڈل کر رہے ہیں ایسے قوانین بھی ہیں جو آپ کیلئے جاننا بہت ضروری ہیں کیونکہ ان کو سیکھنے کیلئے حکمت عملی کی ضرورت ہو گی۔ میں نے کولمبس اوہائیو کے علاقے میں ایک مقامی کرسچن ریڈیو اسٹیشن پر ریڈیو پر اشتہارات چلائے تھے جسے دوبارہ شروع کرنے کیلئے کہا گیا تھا کیونکہ میں چند

اچھے اور ممکنہ ایمانداروں کی تلاش میں تھا۔ اور ہمارے پاس پچاس ایماندار آئے تھے۔ انٹرویو لینے کی بجائے میں نے فوری طور پر قریبی ہوٹل میں ایک اورنٹین سیشن منعقد کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ درخواست دہندگان کی اسکریننگ میں میری مدد کی جاسکے تاکہ اس میٹنگ میں مارکیٹ پلیس میں ہماری کمپنی کی بڑی صلاحیتوں کا احاطہ کیا جاسکے ہمیں نا صرف یہ کہ مالیت کیسے کام کرتی ہے بلکہ اسے اس مشورے کو مسیحی عالمی نظریے کے تناظر میں رکھنے کیلئے بھی تیار کرنا تھا اور اس طرح ہم نے اس بات کا بھی احاطہ کیا کہ کمپنی نے معاوضے کی تربیت اور لائسنس کے تقاضوں کے حوالے سے کس طرح کام کیا میں تجربے سے جانتا تھا کہ میرے بہت سے اچھے دوست ہیں جنہوں نے اس قسم کی کمپنیوں سے لاکھوں کمائے ہیں اور وہاں بہت سے عظیم ایم ایل ایم ہیں لیکن میں صرف اس زمین سازی کی نشاندہی کر رہا ہوں جو اوسط ایم ایل ایم کی بھرتی کے پاس ہے۔ آسانی سے پیسہ فروخت کرنا بھی زمینی لعنت کا بہت بڑا حصہ ہے اگر آپ ایک لمحے کیلئے رُکیں اور اپنے آپ سے پوچھیں کہ آپ پیسے کے متعلق کتنا سوچتے ہیں اسے حاصل کرنے یا محفوظ کرنے کے بارے میں تو آپ حیران رہ جائیں گے میں یہ دوبارہ کہوں گا کہ آپ کو نقطہ نظر آئے۔ ہر کوئی دوڑنا چھوڑنا چاہتا ہے کیونکہ وہ اپنے روزمرہ کے حالات سے تھک چکے ہیں! ہفتے بھر کے کام سے چھٹکارہ چاہتے ہیں اور چھٹی کا لالچ یہ ہے کہ ہم رُک سکتے ہیں ریٹائرمنٹ کا لالچ یہ ہے کہ ہم آخر کار رُک سکتے ہیں اور وہ کر سکتے ہیں جو ہم چاہتے ہیں مجھے غلط مت سمجھئے گا زندگی کے بارے میں زیادہ تر لوگوں کا یہ نظریہ نہیں کہ وہ صرف بیٹھنا چاہتے ہیں اور دُکھ نہیں کرنا چاہتے اور میں یہ بھی نہیں کہہ رہا کہ یہ آپ کیلئے خدا کی مرضی ہے نہیں ہمیں اپنے کام اور مقصد کو پورا کرنے کیلئے تخلیق کیا گیا ہے بدقسمتی سے بہت سے لوگ بس زندہ رہنے کیلئے بھاگ دوڑ میں اتنے مصروف ہیں کہ انہوں نے برسوں پہلے اپنے خوابوں کو ترک کر دیا ہے بہت سے امیدوار اس وقت پیچھے ہٹ جایں گے جب وہ دیکھیں گے کہ ۲۰۰.۰۰۰ ڈالرز کمانے کیلئے کتنا کام کرنا پڑ سکتا ہے میٹنگ کے بعد میں ہوٹل کے ہال میں جا رہا تھا اور میں نے دیکھا کہ ہوٹل کے مرکزی ہال دوم میں ۱۰۰۰ سے زیادہ لوگ تھے سب اسی وجہ سے آئے تھے ایک مشہور ملٹی لیول کمپنی خطاب پیش کر رہی تھی کہ ان کی کمپنی میں شامل ہونا انہیں کس حد تک فائدہ دے سکتا ہے۔

پیسے کے معاملات کو حل کئے بنا آپ زمین پر کی گئی لعنت کے نظام میں پوری زندگی بسر کریں گے۔

لیکن میرے کمرے میں ۵۰ لوگوں کی نسبت وہاں زیادہ لوگ کیوں تھے؟

آسان جواب پیسہ! بدقسمتی سے ملٹی لیول کمپنی یہ نہیں کہہ رہی تھی

تاثر یہ تھا کہ اگر میں داخل ہوتا ہوں تو میں تین لوگوں کا حوالہ دے سکتا

ہوں اور کہہ سکتا ہوں کہ میں کروڑ پتی ہوں اب میں اپنے لوگوں کے گرد رہ چکا تھا۔ جنھوں نے بڑی ملٹی لیول کمپنیاں ایجاد کی تھی جس کے لئے انہوں نے بہت سخت محنت کی تھی ان میں یہ صلاحیت موجود تھی لیکن پیسے کا تصور کرنا بہت آسان ہے اور اگر میں اس موقع کو جانے دیتا ہوں تو یہاں ان تمام لوگوں کو دیکھتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ میں پھر سے اس موقع سے محروم رہوں گا براہِ مہربانی مجھے غلط مت سمجھئے گا۔ میرے بہت سے اچھے دوست ہیں جنہوں نے اس قسم کے کمپنیوں سے لاکھوں کمائیں ہیں اور وہاں بہت سے عظیم ایم ایل ایم ہیں لیکن میں صرف اس ذہین سازی کی نشان دہی کرتا ہوں جو اوسط ایم ایل ایم بھرتی کے پاس ہے آسانی سے پیسہ فروخت کرنا بھی زمینی نعمت کا بہت بڑا حصہ ہے اگر آپ ایک لمحے کے لیے رُوکیں اور اپنے آپ سے پوچھیں کہ آپ پیسے کے متعلق کتنا سوچتے ہیں اسے حاصل کرنے یا محفوظ کرنے کے بارے میں تو آپ بالکل حیران رہ جائیں گے میں یہ دوبارہ کہوں گا تاکہ آپ کو نقطہ نظر آئے ہر کوئی دوڑنا چھوڑنا چاہتا ہے کیونکہ وہ اپنے روزمرہ کے حالات سے تھک چکے ہیں! ہفتے بھر کے کام سے چھٹکارا چاہتے ہیں اور چھٹی کا لالچ یہ ہے کہ ہم رک سکتے ہیں۔ ریٹائرمنٹ کا لالچ یہ ہے کہ ہم آخر کار رک سکتے ہیں اور وہ کرسکتے ہیں جو ہم چاہتے ہیں مجھے غلط مت سمجھیے گا۔ زندگی کے بارے میں زیادہ تر لوگوں کا نظریہ یہ نہیں کہ وہ صرف بیٹھنا چاہتے ہیں اور کچھ نہیں کرنا چاہتے اور میں یہ بھی نہیں کہہ رہا کہ یہ آپ کے لیے خدا کی مرضی ہے۔ نہیں ہمیں اپنے کام اور مقصد کو پورا کرنے کے لیے تخلیق کیا گیا ہے بدقسمتی سے زیادہ تر لوگ صرف زندہ رہنے کے لئے بھاگ دوڑ میں اتنے مصروف ہو گئے ہیں کہ انہوں نے اپنے خوابوں کو ترک کر دیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ نے کسی کو ایسا کہتے سنا ہو یا آپ نے اپنے آپ سے کہا ہو کہ آج مجھے کام پر جانا ہے خیر آپ پہلے ہی جانتے ہیں کہ لوگ جذباتی طور پر ایسا نہیں کہتے کہ انہیں کب کام پر جانا ہو گا تاہم جب وہ ترقی کرنا چاہتے ہوں تو پھر بڑے جوش اور جذبے کے ساتھ وہ وہی کام کریں گے جس سے انہیں محبت ہے عام طور پر لوگوں کی بڑی اکثریت میں ایسا نہیں ہوتا ہے۔ اس کی بجائے وہ یہ کہتے ہیں کہ ان کو آج کام پر جانا ہو گا۔ صرف ایک چیک کمانے کے لئے اگلا دن بھی بمشکل آفس میں گزارتے ہیں زیادہ تر لوگ جوش سے بھری زندگی میں اچھی شروعات کرتے ہیں جو کام وہ کر رہے تھے وہ صرف بلوں کی ادائیگی کے لیے تھا اور ایک عارضی کام تھا جس سے ان کو کچھ چیزیں ہی معلوم ہوتی ہے لیکن جو ذہنوں نے دریافت کیا وہ یہ تھی کہ ان کی زندگی دھندلا گئی اور کہیں چالیس کی دہائی میں انہوں نے محسوس کیا کہ باہر نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔ اسے درمیانی زندگی کا بحران کہہ سکتے ہیں کہ پہلی بار ان کو احساس ہوا کہ وہ پھنس گئے ہیں۔ میرے دوست یہ وہ زندگی نہیں جسے خدا نے آپ کے گزارنے کے لیے تخلیق کیا تھا آپ یہ پہلے ہی جانتے ہیں۔ لیکن اس مستقبل سے بچتے ہوئے ڈرینڈا اور میں نے برسوں سے یہ دیکھا ہے کہ اگر آپ پیسے کے معاملات کو حل نہیں کرتے تو آپ کو کبھی بھی

زندگی کا منفرد مقصد معلوم نہیں ہوگا پیسے کے معاملات کو حل کئے بنا آپ ذہنی طور پر زمینی نعمت نظام میں اپنی پوری زندگی گزاریں گے۔

اگر آپ پیسے کے معاملات کو حل نہیں کرسکتے تو آپ کبھی بھی اپنے تخلیقی مقصد کو تلاش نہیں کرسکتے!

آیئے اس کے مقابلے میں بات کریں کہ آپ کی زندگی کیسے رک سکتی ہے۔ آیئے آپ کے شوق پر غور کریں مثال کے طور پر دیکھیں کہ یہ گولف تھا۔ کیا آپ نے کسی کو کہتے سنا کہ دوست آج مجھے گولف کھیلنا ہے؟ آپ نے کسی کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ افسوس یہ جمعہ کی رات ہے مجھے جمعہ کی راتوں سے نفرت ہے کاش یہ سوموار کی صبح ہوتی اور میں واپس جا پاتا یا فرض کریں آپ کا مشغلہ مچھلی پکڑنا ہے اور میں آپ کو یہ کہتا ہوں سنوں کے آج مجھے مچھلی پکڑنی ہے؟ نہیں مجھے شک ہے کہ آپ کو یہ کہتا ہوا سنوں کیونکہ آپ کو اس کا شوق ہے کیا ہوگا اگر آپ اپنی زندگی کو اسی طرح کے جذبے اور جوش کے ساتھ گزاریں جو آپ کررہے ہیں اور آپ اپنے جذبے پر توجہ مرکوز کرنے کے قابل ہوجائیں اور زندگی میں محنت مشقت اور پیسے کی جگہ آپ اپنے حقیقی مقصد کو حاصل کرسکیں؟ کیا ہوتا اگر آپ کے پاس اپنے گھر آنے کی دیکھ بھال اور مالی آزادی سے زندگی گزارنے کے لئے کافی پیسہ ہوتا؟ کیا واقعی ایسا کرنے کا کوئی طریقہ ہے؟ ڈرینڈا اور مجھے معلوم ہے کہ ایسا کرنے کا ایک طریقہ ہے!

"خداوند ہی کی برکت دولت بخشتی ہے اور وہ اس میں غم نہیں ملاتا۔"_مثال ۱۰: ۲۲

ایک لمبا سانس لیں اور شائستگی سے اس صحیفے پر توجہ کریں عبرانی میں دولت کا مطلب جس میں کوئی محنت شامل نہیں کیا آپ نے دیکھا؟ خدا کی بادشاہی تکلیف سے راستہ فراہم کرتی ہے۔ جسے آدم نے ہمارے لیے چھوڑا تھا۔ کیا آیت کا واقعی یہی مطلب ہو سکتا ہے؟ آپ اس بات سے اتفاق کریں گے کہ اگر ایسا ہوا تو آپ نے اچھی خبر پڑھی ہے جو آپ پہلے سنا کرتے تھے بالکل! اس لیے یسعیاہ ۶۱ میں بنیادی طور پر یسوع مسیح کے متعلق بتایا گیا کہ وہ کیا کرے گا۔

"خداوند خُدا کی روح مجھ پر ہے کیونکہ اُس نے مجھے مسح کیا تاکہ حلیموں کو خوشخبری سناؤں اس نے مجھے بھیجا ہے تاکہ قیدیوں کے لیے رہائی اور اسیروں کے لئے آزادی کا اعلان کروں۔"_یسعیاہ ۶۱: ۱

زمینی نعمت کے نظام میں پھنسے ہوئے شخص کے لیے کیا خوشخبری ہو سکتی ہے؟ یقیناً مالی آزادی! یسوع مسیح بیان کر رہے ہیں کہ خدا کی بادشاہی زمینی لعنت کے نظام محنت مشقت درد اور پسینے سے مکمل آزادی فراہم کرے گی آیئے اس کا سامنا کریں آپ تیزی سے دوڑ سکتے ہیں لیکن زیادہ تر لوگ وہ اس قدر تیزی سے دوڑ دوڑتے ہیں کہ یہ بھی ان کے لئے کافی نہیں ہوتی۔ میں اور ڈنڈا ابھی نو سال اس قدر تیز دوڑے جتنا ہم دور سکتے تھے اور اس وقت ہم قرض کی لعنت کے نیچے تھے ہماری فرم نے پچھلے ۲۷ سالوں میں جو ان گنت سینکڑوں ہزاروں کلائنٹ دیکھے ہیں وہ سب بھی اس طرح چل رہے تھے جتنی جلدی وہ چل سکتے تھے اتنی محنت کے باوجود وہ مالی غلامی میں پھنسے ہوئے تھے ان سب نے ہمیں بلایا کیوں کہ وہ مالی ناامیدی کے احساس کے سبب سے خوفزدہ تھے ان کے مالی حالات کے خواب اب مشکل سے مشکل ہوتے نظر آرہے تھے اور اب رویا مشکل ہی تھی۔ آیئے میرے ساتھ لفظ روزگار کا موازنہ کریں۔ لفظ دستیابی اصل میں پہلے دستیاب ہونا ہے روزگار کے بغیر کوئی رویا نہیں ہو سکتی۔ پھر سے بتانا چاہتا ہوں کے اس طرح زیادہ تر لوگ بغیر رویا کہ زندگی گزارتے ہیں اور یہ غلامی کی تباہ کن شکل ہے۔

باب نمبر ۷

ایک دروازہ

آیئے ایک لمحے کیلئے جائزہ لیں کہ ہم نے خدا کی بادشاہی کے متعلق کیا سیکھا ہے پہلے ہم نے سیکھا کہ انسان کو ایک خاص مقام اور اختیار کے ساتھ زمین پر بھیجا گیا تھا۔ ہم نے عبرانیوں ۲: ۷-۸ میں دیکھا کہ کچھ بھی ایسا نہیں تھا جو کہ انسان کے اختیار میں نہیں رکھا گیا تھا؟ اس کی وجہ سے ہم نے دیکھا کہ انسان ہی کنجی اور زمینی دائرے کا دروازہ تھا۔

شیطان کو یہ معلوم تھا اور یہی وجہ تھی کہ اُس نے زمین پر اختیار حاصل کرنے کے لئے اپنے منصوبے میں آدم اور حوا کو نشانہ بنایا۔ جب آدم اور حوا دھوکہ دہی کا شکار ہوئے تو انہوں نے گناہ کیا اور اپنی زندگی میں خُدا کے قانونی اختیار کو کھو دیا۔ خُدا کا روح جس نے تخلیق میں ان کو ڈھانپا تھا اب رنجیدہ ہو چکا تھا اب وہ نہ صرف جسمانی طور پر بلکہ روحانی طور پر ننگے ہو چکے تھے میں اس صدمے کا تصور کر سکتا ہوں جب خُدا کا روح ان سے جدا ہوا۔ بائبل بیان کرتی ہے کہ انہوں نے فوراً اپنے آپ کو انجیر کے درخت کے پتوں میں چھپانا شروع کر دیا کیونکہ وہ ننگے ہو چکے تھے۔ اگرچہ انسان اب بھی زمین پر حکمرانی کرنے کی حیثیت رکھتا تھا جیسا کہ اسے تخلیق کرنے کا اختیار دیا گیا تھا لیکن اب وہ زمین پر اپنے روحانی اختیار کو کھو چکا تھا۔ کیونکہ اس نے خُدا کے خلاف بغاوت کرنے کا انتخاب کیا تھا اور خُدا کی بجائے اس نے شیطان پر بھروسہ کیا اور خُدا کے اختیار کی بجائے شیطان کے اختیار کے ماتحت ہوا۔ وہی فیصلہ کیا (لوسیفر) جس کے سبب سے شیطان کو آسمان سے گرایا گیا تھا اور پھر اسے جہنم کہا گیا جسے عذاب کی جگہ یا خُدا کی حضوری سے نکالے جانے والی جگہ کہا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ جہنم کبھی بھی انسان کے لیے یا انسان کو زمین میں رکھ کر نہیں بنائی گئی تھی خُدا کا یہ مقصد نہیں تھا کہ کوئی بھی آدمی وہاں جاتا۔

”پھر وہ بائیں طرف والوں سے کہے گا اے ملعونو میرے سامنے سے اس ہمیشہ کی آگ میں چلے جاؤ جو ابلیس اور اس کے فرشتوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔“ _ متی ۲۵- ۴۱

انسان کے مستقبل کو بنانے کے لئے خدا کو زمین پر اپنی حکومت دوبارہ قائم کرنے کی ضرورت تھی۔ اسے ایک رشتہ تلاش کرنا پڑا تاکہ شیطان سے اختیار واپس لیا جا سکے اور ایسا صرف ایک ہی رستہ سے ہو سکتا تھا کوئی ایسا شخص جو گناہ سے واقف نہ

تھا آدم کی جگہ اس کی سزا اور موت اپنے اوپر لیں لیکن اس منصوبے کے ممکن ہونے کے لئے ایک معمولی مسئلہ تھا اس وقت ہر آدمی اس وقت زمین پر آدم کی اولاد ہونے کے ناطے گناہ کے سبب سے داغدار تھا اور اس طرح وہ خُدا کی روح اور اس کے اختیار کو اپنے اندر رکھنے سے قاصر تھا لیکن خدا کے پاس اس مسئلے کے حل کے لئے ایک الٰہی منصوبہ تھا۔ اس منصوبے کو پورا کرنے کے لئے اس کی راستبازی کے تقاضے میں اس کے قانون کو زمین پر قائم اور تحریر کیا جائے جہاں زمین کے دائرے میں رہنے والا انسان ہوں اور خُدا کی الٰہی عدالت سے ہی گنہگار کی زندگی کا فیصلہ ہو۔ اس طرح ہی آدم کی جگہ پر کھڑا ہو کر آدم کی سزا اور موت اپنے اوپر لے کر بنی نوع انسان کو آزاد کر سکتا ہے لیکن اس تصور کے ساتھ ایک اور حقیقی مسلہ بھی تھا کیونکہ جو آدمی اس قربانی کے منصوبے کو انجام دیتا ہوں آدم کی اولاد نہیں ہو سکتا کیوں کے وہ نسب داغدار اور خدا کی موجودگی سے منقطع ہو گیا تھا۔ تو پھر بنی نوع انسان کو بچانے کا منصوبہ کیسے ممکن ہوتا؟ اس کے ممکن ہونے کے لیے خُدا کو درحقیقت زمین پر ایک ایسے آدمی کی ضرورت تھی جو آدم کے نسب سے نہ ہو جو انسان کی طرف سے اپنے آپ کو قربان کرنے کے لئے تیار ہو۔ لیکن زمین کا دائرہ آدم اور اس کی اولاد کو دیا گیا تھا لہٰذا اس قانونی حیثیت کے کے تحت یہ بھی غیر قانونی ہو چکا تھا اور اس کو بحال کرنے کا ایک ہی طریقہ تھا۔ اس آدمی کو زمین پر ہی پیدا ہونا تھا لیکن آدم کے نسب سے نہیں۔ پہلی نظر میں آپ اتفاق کر سکتے ہیں کہ یہ پھر سے ناممکن ہو گا لیکن یہ بنیادی طور پر اسکا اپنا طریقہ تھا۔ خُدا قانونی طور پر زمین پر ایک عورت میں مرد کی نسل رکھتا ہے اگر وہ کوئی ایسا مرد ڈھونڈتا جو اس پر یقین کر لے کہ اس طرح اسے ایسا کرنے کا قانونی دائرہ اختیار دے گا۔ یاد رکھیں کہ انسان نے زمین کے دائرے کی کُنجی اپنے پاس رکھی ہوئی ہے شیطان نے وہی کُنجی کو زمین کے دائرے میں آدم کے روحانی اختیار کو چھیننے کے لئے استعمال کیا۔ خُدا کے منصوبے کے کام کرنے اور زمین کے دائرے میں اس منصوبے کی قانونی حیثیت کو ثابت کرنے کے لئے یقیناً خُدا کے خلاف تھا ایک ایسے مرد اور عورت کی ضرورت تھی جو بچے کے لیے اس پر یقین کرے جب کہ ان کے لئے بچہ پیدا کرنا مکمل طور پر اور مستقل طور پر ناممکن تھا اور انہیں ناممکن کے لیے خُدا پر بھروسہ رکھنا تھا۔ اس کی اولاد کے لیے وعدہ کے اس کی اولاد کے وسیلہ سے سب قومیں برکت پائیں گی جیسا کہ ایسا ابراہیم کی اولاد کے ذریعہ نہ تھا تا کہ خُدا قانونی حیثیت اور دائرہ اختیار کوئی اس کے وسیلے سے دنیا میں واپس لاتا۔ ان کی اولاد کے وسیلے قومیں برکت پائیں گی اور ان کی اولاد سمندر کے کنارے ریت کے ذروں سے زیادہ ہو گی تو پھر یقیناً خُدا مریم میں یسوع کو رکھنے کی قدرت رکھتا تھا۔ کیا خُدا کوئی ایسا آدمی ڈھونڈ سکا؟ جی ہاں۔ اس کا نام ابرہام تھا جو آج ہم ایمانداروں کا باپ ہے وہ نااُمیدی کی حالت میں اُمید کے ساتھ ایمان لایا تا کہ اس حصول کے مطابق کہ تیری نسل ایسی ہی ہو گی اور وہ بہت سی قوموں کا باپ اور وہ جو سو برس کا تھا باوجود اپنے مردہ سے بدن اور سارہ کے رحم کی مردگی پر لحاظ کرے ایمان سے ضعیف نہ ہوا اور نا بے ایمان ہو کر خُدا کے وعدے

پر شک کیا بلکہ ایمان میں مضبوط ہو کر خدا کی تمجید کی اور اسکو کامل اختیار ہوا کہ جو کچھ اُس سے وعدہ کیا گیا ہے وہ اسکو پورا کرنے پر بھی قادر ہے۔،، رومیوں ۱۸:۴-۲۱

ابراہام اور سارہ نے خداوند پر بھروسہ کیا اور اضحاق کو جنم دیا جب وہ بُڑھے اور بچہ پیدا کرنے کے قابل نہ تھے کیونکہ ابراہام نے خداوند پر بھروسہ رکھا اور ایمان سے اپنی برکت کا دروازہ کھولا۔ یسوع کا جنم ابرہام کے نسب نامے سے ہوا۔ مجھے یہ بلکل واضح کرنے دیں۔

اور اب لعنت اور مشقت سے نکل کر وہ آگے بڑھے۔

خداوند یسوع مسیح کو اس دنیا میں آنے کیلئے ابراہام کے نسب نامے میں سے گزرنا پڑا۔ ابراہام کے زریعے آنا ہی قانونی راستہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اگر متی کی انجیل کا پہلا باب پڑھیں گے تو آپ کو ایک بورینگ فہرست ملے گی کہ فلاں نے فلاں کو جنم دیا۔ یہ پہلا باب کسی وجہ سے ہے جو زمینی دائرے میں ایک حقیقت کو قائم کر رہا تھا۔ کہ یسوع مسیح ابراہام کی اولاد میں سے تھے اور یہ زمین پر ریکارڈ ہوا جہاں شیطان اپنے قانونی تسلط اور اختیارات کا دعویٰ کر رہا تھا۔ اگر یہ فہرست درست نا ہوتی اور اگر یسوع مسیح ابرہام کی نسل سے نہ ہوتے تو پھر شیطان یہ دعویٰ کر سکتا تھا کہ یسوع کی پیدایش اور زندگی ایک دھوکہ دہی تھی کہ وہ تمہارے گناہ کی قیمت ادا کرنے کے اہل نہیں تھا۔ اگر آپ کو یاد ہو تو اسرائیل کو اپنی قوم سے باہر شادی کرنے کی اجازت نہیں تھی۔ بنی اسرائیل کی باہر شادی کرنے کی ایک سزا موت بھی تھی۔ اب آپ کو معلوم ہو گیا ہو گا کہ اس نسب کا پاک رہنا کیوں ضروری تھا۔ اور اس پر انہوں نے اتنی گہری نظر کیوں ڈالی۔ بنی اسرائیل غیر ملکی شادی کی توقع کر سکتے ہیں جیسے کہ راحب جو کہ یریحو شہر کی تھی جس نے جاسوسوں کو چھپایا تھا جو شہر کی جاسوسی کیلئے بھیجے گئے تھے۔ جی ہاں متی پہلے باب میں اس کا نام بھی شامل ہے کیونکہ اسکی شادی ایک اسرائیلی سے ہوئی تھی لیکن آپ کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ یہودی ثقافت میں یہ وہ شخص تھا جس نے نسب کو آگے بڑھایا مجھے ایک لمحے کیلئے خرگوش کے نام نہاد پکڈنڈی سے نیچے کو دنے دیں ۔ زمین پر انسان کتنے عرصے سے ہے آیئے اس پر گفتگو کریں۔ کیا واقع جواب جاننے کا کوئی طریقہ ہے؟ ہاں میں آپ کو اس ایک حقیقت کا یقین دلا سکتا ہوں۔ متی پہلے باب کی فہرست درست ہونی چاہیئے۔ اس فہرست میں کوئی بھی گھوم نہیں ہو گا! اور نا ہی نجات کا اس قسم کا لطف ہو گا جو آگ ہم اٹھا رہے ہیں۔ شیطان غلط دعویٰ کرے گا اس فہرست کو مکمل ہونا چاہیئے۔ تو اس کی بنیاد پر آپ انسان کے زمین پر کل وقت کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ بس اتنا سوچیں کہ میں ایسا کر لوں گا۔

"میں تجھے ایک بڑی قوم بناوں گا اور برکت دوں گا اور تیرا نام سرفراز کروں گا سو تو باعثِ برکت ہو! جو تجھے مبارک کہیں میں انہیں برکت دوں گا اور جو تجھ پر لعنت کرے گا میں اس پر لعنت کروں گا اور زمین کے سب قبیلے تیرے وسیلے سے برکت پائیں گے۔" _پیدایش ۱۲: ۲-۳

جیسا کہ آپ دیکھ سکتے ہیں کہ زمین کے دائرے کا یہ دروازہ جسے ابراہام نے قائم کیا جس کے زریعے یسوع مسیح آئے اور برکت کا علان کیا۔ اگرچہ ابراہام اور اسکی اولاد نے خُدا کو دائرہ اختیار دیا تا کہ وہ دوبارہ بنی نوع انسان کو بحال کرے اور اس وقت تک گناہ اور روحانی موت کے بوجھ تلے تھا جب تک کہ یسوع مسیح نے ان کے گناہ کی قیمت نہ چکائی جو آدم کے زریعے آیا تھا لیکن سختی سے ابرہام کی نسل کو خوشحال کے لیے کچھ ختنوں کا کہا گیا اور اب وہ لعنت اور محنت ومشقت کے زیر اثر نہیں تھے۔

"اور ابراہیم کے پاس چوپائے اور سونا چاندی بکثرت تھا۔" _پیدائش ۱۳: ۲

ہم اس صحیفے میں ایک بڑی تبدیلی دیکھتے ہیں جو اس عہد سے خوشحالی منتقل تھی۔ کیا آپ نے خُدا کو ابرہام کے متعلق کچھ مختلف کہتے سنا کہ اس نے آدم کو پیدائش ۳: ۱۷ میں کیا کہا؟ یاد رکھیں آدم کے گناہ کے بعد اس نے آدم سے کہا کہ تو خون پسینے اور محنت مشقت کے ساتھ روٹی کمائے گا لیکن اب ہمیں ابراہیم کے متعلق فرق نظر آتا ہے۔

"خُداوند تیرے انبار خانوں میں اور سب کاموں میں جن میں تُو ہاتھ لگائے برکت کا حکم دے گا اور خُداوند تیرا خُدا اُس ملک میں جسے وہ تجھ کو دیتا ہے تجھ کو برکت بخشے گا۔" _استثنا ۲۸:۸ا ے

خُدا نے کہا میں تمہیں بتاؤں گا! خُدا نے ابرہام سے یہ نہیں کہا کہ وہ محنت مشقت سے کھائے گا اب نظر آتا ہے کہ خُدا شامل ہے خُدا نے کہا میں تمہیں بتاؤں گا تو کیا ہم دیکھتے ہیں کہ ابراہام ہمیں مشکل میں نظر آتا ہے۔ مشکل سے! نہیں ابرہام دولت مند تھا! اس کی اولاد دولت مند تھی ابرہام نے لعنت کے بغیر زندگی بسر کی اس کے پاس

بہت کچھ تھا لوگوں کو فرق دیکھنے میں زیادہ دیر نہیں لگی اور یہ فرق اس کی نسل میں جاری رہا۔ درحقیقت کچھ نسلوں کے بعد ابراہیم کے پوتے یعقوب نے اپنے سسر لابن کے پاس کام کیا لابن نے یعقوب پر خُدا کی برکت کو دیکھا اور اس کی جائیداد پر اسے دھوکہ دینے کی کوشش کی لیکن خُدا نے اس کے دھوکے کو اس کی طرف ہی پھیرا اور یعقوب کو اور زیادہ دولت دی۔ جو میں کہنا چاہ رہا ہوں وہ یہ ہے کہ لوگوں نے جتنی اس کی برکت کو روکنے کی کوشش کی وہ نہ روک سکے۔ جتنی دیر تک اس کی نسل خُدا کے ساتھ وفادار رہی خُدا کی عبادت کی تو خُدا بھی ان کو بڑھاتا اور کامیاب کرتا گیا۔ جو کچھ میں کہہ رہا ہوں اس کے مضمرات کے بارے میں سوچیں۔ مجھے بہت سے خطوط اور ایم ایل ملے جہاں لوگوں نے مجھے کہا کہ میں پیسوں کے متعلق بہت گفتگو کرتا ہوں اور انہوں نے کہا کہ خوشحالی خُدا کی مرضی نہیں ہے۔ تو وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ خُدا کی خدمت کے لیے ان کو ایک بڑی قیمت ادا کرنی ہو گی۔ میں ان کے بیان کے ایک حصے کے ساتھ اتفاق کر سکتا ہوں۔ یسوع نے کہا کہ ہمیں ایذارسانی کا سامنا ہو گا مرقس ۱۰: ۳۰ افسوس کے ساتھ کہوں گا بہت سے مسیحیوں کا ماننا ہے کہ خُدا کے ساتھ چلنا آسان نہیں ہو گا ہمیں غربت اور بیماری سے بھری زندگی گزارنی ہو گی نہیں یہ زمینی لعنت ہے نہ کہ برکت خُدا آپ کی مالیت کو قائم کرنا چاہتا ہے۔

خدا آپ کو قائم کرنا چاہتا ہے!

مالیات تحفظ اور اسے قائم کئے بنا آپ اپنی ساری عمر محنت مشقت بھاگ دوڑ میں گزارتے ہیں۔ جس کی وجہ سے آپ اپنی روحانی ذمہ داری اپنے اعلیٰ مقصد کو کبھی بھی پورا نہیں کر پاتے۔ آیئے دیکھیں

استثنا ۲۸: ۸- ۱۳ میں خدا نے ابرہام کی نسل سے کیا کہا:

”خداوند تیرے انبار خانوں میں اور سب کاموں میں جن میں تُو ہاتھ لگائے برکت کا حکم دے گا اور خداوند تیرا خدا اُس ملک میں جسے وہ تجھ کو دیتا ہے تجھ کو برکت بخشے گا۔ اگر تُو خداوند اپنے خدا کے حکموں کو مانے اور اُسکی راہوں پر چلے تو خداوند اپنی اُس قسم کے مطابق جو اُس نے تجھ سے کھائی تجھ کو اپنی پاک قوم بنا کر قائم رکھے گا۔ اور دُنیا کی سب قومیں یہ دیکھ کر کہ تُو خداوند کے نام سے کہلاتا ہے تجھ سے ڈر جائیں گی۔ اور جس ملک کو تجھ کو دینے کی قسم خداوند نے تیرے باپ دادا سے کھائی تھی اُس میں خداوند تیری اولاد کو اور تیرے چوپایوں کے بچوں کو اور تیری زمین کی پیداوار کو خوب بڑھا کر تجھ کو برومند کرے گا۔ خداوند آسمان کو جو اُسکا اچھا خزانہ ہے تیرے لیے کھول دے گا کہ تیرے مُلک میں وقت پر مینہ

برسائے اور وہ تیرے سب کاموں میں جن میں تیرا ہاتھ لگائے برکت دے گا اور تُو بہت سی قوموں کو قرض دے گا پر خود قرض نہیں لے گا۔ اور خداوند تجھ کو دُم نہیں بلکہ سر ٹھہرائے گا اور تُو پست نہیں بلکہ سرفراز ہی رہے گا بشرطیکہ تُو خداوند اپنے خدا کے حکموں کو جو میں تجھ کو آج کے دن دیتا ہوں سُنے اور احتیاط سے اُن پر عمل کرے۔

غور کریں کے اس نئی سرزمین میں ابھی وہ قائم نہیں ہوئے تھے بلکہ صرف اس کا وعدہ کیا گیا تھا لیکن موسیٰ نے ان سے کہا کہ خدا اسے قائم کرے گا! یہ سمجھنے کے لئے کہ یہ کیسا لگتا ہے اور خدا ان سے کیا کہنے کی کوشش کر رہا ہے ایک بلوط کے درخت کے بارے میں سوچیں جب یہ بویا جاتا ہے تو یہ قائم نہیں ہوتا کوئی بھی اسے وہاں سے نکال کر کہیں اور لگا سکتا ہے۔ لیکن جب بلوط کا درخت بڑا ہو جاتا ہے تو کوئی بھی اسے اٹھا کر ادھر ادھر نہیں کر سکتا کیونکہ یہ قائم ہو جاتا ہے۔

"اگر تُو خداوند اپنے خدا کے حکموں کو مانے اور اُسکی راہوں پر چلے تو خداوند اپنی اُس قسم کے مطابق جو اُس نے تجھ سے کھائی تجھ کو اپنی پاک قوم بنا کر قائم رکھے گا۔،، _استثنا ۲۸: ۹

تو پھر مالی طور پر قائم ہونا کیسا لگتا ہے؟ خدا ہمیں آیت ۱۲ میں ہمیں یہ بتاتا ہے کہ: تو بہت سی قوموں کو قرض دے گا پر خود غرض نہیں لے گا۔ خدا ان سے یہ کہہ رہا تھا کہ وہ ان کو اس قدر برکت دے گا کہ وہ قرض دیں گے مگر خود قرض نہیں لیں گے۔ وہ دم نہیں بلکہ سر کہلائیں گے اور دم کا کوئی کہنا نہیں کہ وہ کہاں جاتی ہے۔ یہ وہی جاتی ہے جہاں سر اسے لے کر جاتا ہے۔

مالدار مسکین پر حکمران ہوتا ہے اور قرض لینے والا قرض دینے والے کا نوکر ہے۔ امثال ۲۲: ۷

قرض لینے والا قائم نہیں ہے بلکہ وہ قرض دینے والے کے رحم و کرم پر زندگی گزارتے ہیں اور وہ ایک غلام کی طرح ہے جن کو کوئی آزادی نہیں ہوتی۔ لیکن خدا نے کہا نہیں! میں تمہیں قائم کرنے والا ہوں! کوئی بھی آپ کو آپ کا گھر چھوڑنے کے لیے نہیں کہے گا کیونکہ اس کی ادائیگی ہو چکی ہے۔ آپ کے کھتے ہمیشہ بھرے رہیں گے اور آپ خدا کے دیئے ہوئے کام میں مالی طور پر پورا اطمینان ہو کر چلیں گے اور آپ قائم قائم رہیں گے۔

خدا آپ کو خوشحال کرنا چاہتا ہے!

باب نمبر ۸

وفاداری کی قوت

جو کچھ آپ اب پڑھنے کو ہیں وہ قوت سے بھرپور بادشاہی کا اصول ہے اس لئے میں نے محسوس کیا کہ یہ اس کتاب کا ذیلی عنوان ہونا چاہیے۔ ہم اسے یوسف جو کے ابراہام کا پوتا تھا اس کی زندگی اور کہانی میں دیکھتے ہیں آپ کو یوسف کا کچھ پس منظر دکھانے کے لیے کہ اس کے بھائی اس سے نفرت کرتے اور اسکو نکال دینا چاہتے تھے دراصل وہ اسے مارنا چاہتے تھے لیکن ان کا ایک بھائی اس حد تک نہیں گیا۔اس کی بجائے انہوں نے اسے کچھ سفر کرنے والے تاجروں کے ہاتھ بیچ دیا گیا جو اسے مصر لے گئے جہاں اسے فرعون کے محافظوں کے ایک کپتان فوطیفار کو بیچ دیا گیا۔

"اور یوسف کو مصر میں لائے اور فوطیفار مصری نے جو ایک حاکم اور جلوداروں کا سردار تھا اس کو اسمٰعیلیوں کے ہاتھ سے جو اسے وہاں لے گئے تھے خرید لیا اور خداوند یوسف کے ساتھ تھا اور وہ اقبالمند ہوا اور اپنے مصری آقا کے گھر میں رہتا تھا اور اسے آقا نے دیکھا کہ خداوند اس کے ساتھ ہے اور جس کام کو وہ ہاتھ لگاتا ہے خداوند سے میں اسے اقبال مند کرتا ہے چنانچہ یوسف اس کی نظر میں مقبول رہا اور وہی اس کی خدمت کرتا تھا اور اس نے اسے اپنے گھر کا مختار بنا کر اپنا سب کچھ اسے سونپ دیا اور جب اس نے اس سے گھر کا اور یوسف کی خاطر برکت بخشی اور اس کی سب چیزوں پر جو گھر میں اور کھیت میں تھی خداوند کی برکت ہونے لگی اور اس نے اپنا سب کچھ یوسف کے ہاتھ میں چھوڑ دیا اور سوا روٹی کے جسے وہ کھا لیتا تھا اسے اپنی کسی چیز کا ہوش نہ تھا۔ان باتوں کے بعد یوں ہوا کہ اس کے آقا کی بیوی کی آنکھ یوسف پر لگی اور اس سے کہا کہ میرے ساتھ ہم بستر ہو۔،، پیدائش ۳۹: ۱-۷

آیت پر توجہ دیں اور خدا یوسف کے ساتھ تھا اور وہ ترقی کرتا گیا اس کا کیا مطلب ہے کہ خدا ہر کسی کے ساتھ نہیں ہے؟ جیسا کہ پچھلے ابواب میں ہم نے نسلوں کے متعلق گفتگو کی اس کے تناظر میں جواب نہیں ہے یاد رکھیے ابراہام کے ایمان اور اس کے بعد کے عہد نے خدا کو صرف ابراہام اور اس کے وارثوں تک قانونی رسائی دی تھی۔تو جب ہم خدا کی سب کے ساتھ ہونے کی بات کرتے ہیں تو اس الجھن میں نہ پڑیں کہ خدا سب کے ساتھ پیار کرتا ہے وہ تو یقیناً کرتا ہے

لیکن ان لوگوں کے لئے جو خدا کے سامنے قانونی حیثیت نہیں رکھتے اس کے ہاتھ بندھے ہوتے ہیں۔ اس لئے کہ یعقوب کی طرف سے چند شخصوں کے آنے سے پہلے تو وہ غیر قوم والوں کے ساتھ کھایا کرتا تھا مگر جب وہ آگئے تو وہ مختونوں سے ڈر کر باز رہا اور کنارہ کیا اور باقی یہودیوں نے بھی اس کے ساتھ ہو کر ریاکاری کی یہاں تک کہ برنباس بھی ان کے ساتھ ریاکاری میں پڑ گیا۔ اس صحیفے میں اس بات پر غور کریں کہ وہ عہد کے بغیر ہونے کا مطلب ہے کہ خدا اور اسکی قوت قانونی طور پر ایک شخص سے منقطع ہے۔ کیوں؟ کیوں کہ خدا کے پاس زمینی دائرے میں مرد اور عورت کے اتفاق کے بغیر نہیں ہو سکتا تھا یہ آیت اس بات کو واضح طور پر سامنے لاتی ہے جب یہ کہتی ہے کہ عہد کے بغیر لوگ دنیا میں امید کے بغیر اور خدا کے بغیر ہیں۔

یاد رکھیں کہ چونکہ یسوع نے ہمارے لئے ایک نیا عہد قائم کیا اب ہم خدا کے اپنے گھر کے فرد ہیں اور اس کی عظیم بادشاہی کے شہری ہیں۔ افسیوں ۲: ۱۹ ، پیدائش ۳۹ میں ہم اس صحیفہ کو سمجھتے ہیں خداوند یوسف کے ساتھ تھا اس کا مطلب ہے کہ قانونی طور پر خدا نے یوسف کی زندگی میں اس عہد کے ذریعے قانونی اثر ڈالا تھا جو اس کے دادا ابراہیم نے کیا تھا۔ کہ میں تجھے بناؤں کیونکہ خدا یوسف کے ساتھ تھا اور زندگی کے ہر کام میں جسے وہ کر رہا تھا خدا اسے کامیابی دے رہا تھا جس کی وجہ سے فوطیفار نے یوسف میں ایک بڑی قابلیت دیکھی جو دوسرے آدمیوں سے مختلف تھی میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ جب ہم خدا کی مدد سے خوشحال ہوتے ہیں تو جو زمینی لعنت کے نیچے لوگ ہیں وہ ہمیں مختلف نظریے سے دیکھتے ہیں۔

خُدا کے پاس زمینی دائرے میں مرد اور عورت کے اتفاق کے بغیر کوئی اختیار نہیں ہے کیونکہ یہ مرد اور عورت کو دیا گیا تھا۔

فوطیفار یوسف سے اتنا متاثر ہوا کہ اس نے اسے اپنے گھر کا مختار بنا دیا صحیفے میں ہمیں خدا کی بادشاہی کے متعلق بہت سے اصول ملتے ہیں لیکن کونجیوں میں سے ایک کنجی کا ہمیں یہاں ذکر ملتا ہے اور میں اسے تابعداری کی قوت کہتا ہوں یا آپ اسے فوطیفار کا اصول کہہ سکتے ہیں اور ہمیں پیدائش ۳۹: ۵ میں نظر آتا ہے۔

اور جب اس نے اسے گھر کا اور سارے مال کا مختار بنایا تو خداوند نے اس مصری کے گھر میں یوسف کی خاطر برکت بخشی اور اس کی سب چیزوں پر جو گھر میں اور کھیت میں تھی خداوند کی برکت ہونے لگی۔

میں آپ کو ایک واضح تصویر دکھانا چاہتا ہوں کہ یہاں کیا ہو رہا ہے ایک دن یوسف مختار نہیں تھا لیکن دوسرے دن تھا بائبل اسے ایک درست نوٹس دیتی ہے جب وہ ہوا تھا خدا نے فوطیفار کی سب چیزوں پر جو گھر میں اور کھیت میں تھی برکت دی لیکن وہ یوسف کے خدا کو نہیں جانتا تھا اور اسرائیل کی قوم کا حصہ نہیں تھا تو پھر یہ کیسے ہوا اور اس کا کیا مطلب تھا؟ جواب یہاں ہے جب فوطیفار نے اپنے گھر کا یوسف کو مختار بنایا اگرچہ وہ نہیں جانتا تھا کہ اسکا گھر اور کھیت خدا کے عہد کے تحت ہوں گے جو خدا نے یوسف سے کیا تھا۔

فوطیفار کا مال واسباب سب کچھ بادشاہی کے سبب سے بدل گیا!

آپ دیکھ سکتے ہیں فوطیفار کا گھر اور کھیت یوسف کی دیکھ میں آنے سے پہلے قانونی طور پر قرض کے نیچے تھا۔

اِسے سبت کا دِن کہا گیا جو یہ تصویر پیش کرتا کہ انسان کو اپنی زندگی گزارنے کے لئے ایسے حالات سے نہیں گزرنا پڑیگا۔

جب فوطیفار نے اپنے گھر کو یوسف کے دائرہ اختیار میں دیا تو وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ وہ اسے بھی خدا کی برکت کے زیر اثر کر رہا تھا بائبل یہ بیان کرتی ہے کہ یوسف کے کھانے کے علاوہ اسے کسی چیز کے لیے فکر کرنے کی ضرورت نہیں تھی اسے کوئی پریشانی نہیں تھی! بغیر کسی پریشانی کے فوطیفار اپنے مقصد پر جو بطور مصری اسے ملا تھا کام کر رہا تھا یہاں دیکھنے کے لئے مزید بہت کچھ ہے لیکن جس چیز کو جانے بغیر فوطیفار نے تجربہ کیا وہ یہ تھی جسے عبرانیوں ۴ میں سبت یعنی آرام کہا گیا ہے اور ہاں یہ نئے عہد نامے کے ایمانداروں کے لئے دستیاب ہے اگر آپ سبت کے دن کا مطالعہ کریں تو خدا نے بنی اسرائیل قوم کو سبت کے دن کوئی بھی کام کرنے کی اجازت نہیں دی گئی کہ اس میں کوئی محنت مشقت کا کام نہ کیا جائے ہفتے کا ساتواں دن تھا اور یہ تخلیق کے ساتویں دن کا مساوی تھا۔

شاید آپ کو یاد ہو کہ خدا نے تخلیق کے ساتویں دن جو آرام کا دن کہا اس نے ایسا اس لئے نہیں کہا تھا کہ وہ تھک گیا تھا بلکہ اس لئے کہا کیونکہ کام تمام ہو چکا تھا سب کچھ مکمل تھا۔ ساتویں دن کا حقیقی مطلب بغیر کسی فکر کے رہنا اور اس بات پر بھروسہ رکھنا تھا کہ جس چیز کی ان کو ضرورت تھی وہ پہلے سے ہی ان کیلئے دے دی گئی تھی لیکن ہم یہ جانتے ہیں کہ آدم نے خدا کے خلاف گناہ کر کے اُس آدم کو کھو دیا۔ خدا کے خلاف گناہ کر کہ آدم نے خدا کی مہیا کرنے کی صلاحیت کو روک

دیا۔ اسطرح خدا کی برکت کو حاصل کرنے کی جگہ کھو دی جو اسے پہلے فراہم کی گئی تھی اب آدم کی مجبوری بن چکی تھی کہ وہ اپنا سارا وقت صرف زندہ رہنے کیلئے ہی تکلیف دہ محنت اور پسینہ بہا کر گزارے۔ لیکن خدا نے انسان کو امید کے بغیر نہیں چھوڑا۔ اس نے انسان کو ایک تصور دے دیا۔ تاکہ وہ باقی کی چیزوں کو حاصل کرے ایسے سبت کے دن کی ایک تصویر کہا جاتا تھا جہاں انسان محنت مشقت نہیں کرے گا اور نا ہی زندہ رہنے کیلئے پسینہ بہائے گا۔ جب فوطیفار خدا کی برکت میں داخل ہوا جو یوسف میں اس عہد کے زریعے رکھی گئی تھی اسکے زریعے اسے آدم حاصل ہوا ہر چیز کا خیال رکھا گیا اور اب اسے کسی چیز کی فکر نہیں تھی۔

اور اس نے اپنا سب کچھ یوسف کے ہاتھ میں چھوڑ دیا اور سوا روٹی کے جیسے ہو کھالیتا تھا اُسے کسی چیز کا ہوش نہ تھا اور یوسف خوبصورت اور حسین تھا۔،، پیدایش ۳۹: ۶

سبت کے دن کی اہمیت سمجھنے کیلئے اور خدا انسان کو کیا دکھا رہا تھا آپ کو ایک سادہ سا سوال پوچھنے کی ضرورت ہے۔ سبت کا دن کس طرح ممکن تھا۔ میرا مطلب ہے کہ زمینی لعنت کے نیچے انسان کو زندہ رہنا تھا۔ اگر یہ بات سچ ہے تو پھر انسان کو سبت کے دن کیوں نہ بھاگنا پڑتا؟ تو پھر اگر وہ سبت کے دن کام نہ کرتا تو پھر اسکی ضرورتیں کس طرح پوری ہوئیں۔ یہ ایک اچھا سوال ہے جس کا جواب دینا ضروری ہے۔ اور اسکے جواب میں ہمیں خداوند کی برکت کا پورا مکاشفہ ملتا ہے۔ جس میں یوسف آیا تھا۔ مجھے لگتا ہے کہ اس اصول کی بڑی مثال ہمیں احبار ۲۵ میں ملتی ہے جب خدا جوبلی سال کا بیان بنی اسرائیل سے کر رہا تھا آپ کو تھوڑا سا پسِ منظر بتانے کیلئے جوبلی کا سال ہر پچاس سال میں ہوتا تھا۔ اس سال کی بہت زیادہ اہمیت ہے کہ میں یہاں ہی رُک جاوں گا وقت مختصر ہونے کے سبب سے بیان نہیں کر سکوں گا۔ تاہم جو حصہ میں آپ کو سمجھانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس سال وہ اپنی فصلیں نہیں بو سکتے تھے۔ درحقیقت وہ ۴۹ سال میں اپنی فصلیں نہیں بو سکتے تھے کیونکہ وہ سبت کا سال ہوتا تھا۔ لہذا میں چاہتا ہوں کہ آپ کو واضح تصور ملے کہ کیا ہو رہا ہے۔ اسرائیل کو کہا گیا تھا کہ وہ ۴۹ ویں اور ۵۰ ویں سال اپنی فصلیں نہیں بو سکتے۔ پھر انہیں ۵۱ ویں سال تک انتظار کرنا پڑتا تھا جب انہوں نے فصلیں کاشت کی تاکہ وہ فصل کو پختہ کر سکیں۔ تو بنیادی طور پر خدا انہیں بتا رہا تھا کہ ان کے پاس تین سال کا عرصہ بغیر کٹائی کے ہو گا۔ اگر میں کہوں کہ آپ تین سالوں تک اپنے پیسوں کا چیک نہیں لے پائیں گے تو آپ وقتی طور پر پریشان رہیں گے۔ خیر اسرائیل بھی تشوش میں تھا۔ فطری طور پر یہ ممکن نہیں لیکن خدا انہیں کچھ دکھا رہا تھا۔

اگر تم کو خیال ہو کہ ہم ساتویں برس کیا کھائیں گے ؟ کیونکہ دیکھو تم کو نا تو بونا ہے اور نا ہی پیداوار کو جمع کرنا ہے تو میں چھٹے ہی برس ایسی برکت تم پر نازل کروں گا کہ تینوں سالوں کیلئے کافی غلہ جمع ہو جائے گا اور آٹھویں سال پھر جوتنا بونا اور پچھلا غلہ کھاتے رہنا بلکہ جب تک نویں سال کے بوئے ہوئے کہ فصل نہ کاٹ لو اُس وقت تک وہی پچھلا کاتے رہو گے۔ احبار ۲۵: ۲۰- ۲۲

سبت کا دن صرف اسلئے ممکن ہوا کہ خدا نے سبت کے دن کو دوگنی برکت دی۔ اس جملے کو اپنے زہن میں تھوڑا گھومنے دیں ۔ کیا ہر مرد اور عورت کی یہ خواہش نہیں ہوتی کہ ان کہ ماس سب کچھ دُگنا ہو؟ جب خدا نے چھٹے دن انسان کو دُگنا حصہ دیا تو وہ انسان کو یاد دلا رہا تھا کہ وہ ہی اس کا پیدا کرنے والا تھا۔ ہر ہمیشہ بہتات سے پیدا کرتا تھا۔ آیئے ایماندار بنیں، دُگنا آپ کو چوہے کی دوڑ سے آزادی دیتا ہے یہ ہمیں غلامی سے لے کر اختیارات کی طرف لے کر جاتا ہے سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہمیں اپنے مقصد اور جذبے کو تلاش کرنے اور ترقی کرنے کیلئے آزاد کرتا ہے۔ اور فوطیفار سے اس کا لطف اٹھایا۔ پریشان نہ ہوں اس کی ہر ضرورت پوری ہو رہی تھی۔ صرف جس چیز پر اس کو توجہ کرنی تھی وہ اس کا مقصد تھا۔ پھر سے جیسے میں نے اور ڈرائنڈا نے کہا، جب تک آپ پیسے کے معاملات کو حل نہیں کرتے آپ اپنی زندگی کے مقصد کو تلاش نہیں کر سکیں گے لیکن ایک بڑی خبر ہے کہ سبت کت دن کا آرام آج بھی حاصل کیا جا سکتا ہے اور یہ ایک ایسی جگہ کوشش کرتا ہے جہاں ہماری تمام ضروریات پوری ہوتی ہیں اور ہم ماضی کے حالات سے آج میں خود ہی بی حاصل کر سکتے ہیں۔

پس خدا کی امت کیلئے سبت کا آرام باقی ہے۔ خدا کی بادشاہی نے فوطیفار کے لیئے دردناک مشقت اور پسینے کے زمینی قانون کو ختم کر دیا جو آپ کیلئے بھی ایسا ہی کرے گا۔ جیسے ہی ہم خدا کی بادشاہی کے متعلق سیکھتے ہیں تو ہم بھی خوشحال ہو سکتے اور اپنی زندگی کے مقصد کو حاصل کر سکتے ہیں اور آپ کی زندگی جوش، خوشی اور جذبے سے بھرپور ہو سکتی ہے۔

خدا ہی کی برکت دولت بخشتی ہے اور وہ اس میں دُکھ نہیں ملاتا۔،،_ امثال ۱۰: ۲۲

”خداوند ہی کی برکت دولت بخشتی ہے اور وہ اس میں دکھ نہیں ملاتا۔ ہم محنت، مشقت اور پسینے سے نکل کر بھی زندگی گذار سکتے ہیں۔،،_ پیدایش ۱۳: ۱۷

اپنے آپ اور اِرد گرد کے شکوک وشبہات کے ساتھ صف بندی کرنا چھوڑ دین اپنی وفاداری کو بدل دین اور خُدا کی بادشاہی سے لُطف اندوز ہوں۔

میں کئی سالوں تک ان حالاتوں سے گزر تا رہا ہوں جب تک کہ میں نے خدا کے متعلق نہ سیکھ لیا کہ وہ کیسے کام کرتی ہے۔ آپ بھی سیکھ سکتے ہیں خدا آپ کے ساتھ ہے وہ آپ کی مدد کرے گا۔ آپ کو خوشحال ہو سکتے ہیں مجھے یہ دوبارہ بیان کرنے دیں کہ آپ کو ترقی کی ضرورت ہے۔ اس دنیا کے فوطیفار جو خدا کو نہیں جانتے اور ناامید اور محنت اور لعنت کے نیچے زندگی گزار رہے ہیں وہ آپ کے مذہب، چرچ، عمارتوں یا آپ کے دیے گئے تحفوں سے متاثر نہیں ہوتے کیونکہ وہ ماضی کے جوابات کی کمی کو نہیں دیکھ سکتے۔ آپ لوگوں سے یہ امید نہیں رکھ سکتے کہ آپ ان کو بتائیں کہ خدا کتنا عظیم ہے۔ اور اسی وقت آپ مالی حالات سے دوچار ہوں اور مشکل سے زندگی بسر کر رہے ہوں۔ یہ آپ کو ظاہر کرتا ہے کہ آسمان کی بادشاہی کیسی دکھائی دیتی ہے جیسا کہ یوسف نے کہا۔ میرا مطلب سخت مزاج رکھنا نہیں ہے لیکن لوگ بے وقوف نہیں۔ وہ جوابات کیلئے دیکھ رہے ہیں۔ میرے پاس بہت سالوں سے اثر ور سوخ کی آواز نہیں تھی۔ کسی نے مجھے ٹی وی پر آنے کو نہیں کہا میں ہزاروں کلیسیاوں کی قیادت نہیں کر رہا تھا کیوں؟ کیونکہ میرے پاس کہنے کو کچھ نہیں تھا نا کوئی حل نا کو جواب اور نا ہی کوئی ثبوت تھا کہ خداوند ہے اور میرے ساتھ ہے۔ میں اپنے خاندان سے زندگی گزارنے کیلئے ادھار پیسے لے رہا تھا میری گاڑی، میرا گھر، میری زندگی سب کچھ لٹ رہا تھا۔ کیوں یہ سننا چاہیے کہ میرا خدا عظیم ہے؟ ہاں میں آسمان کے راستے پر تھا اور آسمان ہی میرے لیئے سب سے بڑی چیز تھی۔ لیکن زیادہ تر لوگ اس بات کو نہیں سنیں گے کہ آسمان کس قدر عظیم ہے جب تک آپ زمین کے دائرے میں آسمان کا مظاہرہ نہ کریں۔ سنیں اگر میں کہہ رہا ہوں کہ خدا خدا ہے اور اس کا کلام سچا ہے تو ایسے کام کرنا چاہیے ہماری زندگیاں مختلف ہونی چاہئیں۔ ہمیں بادشاہی کی سچائی کے ساتھ اس نسل تک پہنچنا ہے فوطیفار دیکھ رہے ہیں۔ تو میں نے اس کتاب کا مضمون تابیداری کی قوت کیوں رکھا؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ فوطیفار خدا کی بادشاہی میں داخل ہوا اور سبت کا لطف اٹھایا جہاں پسینہ، محنت، مشقت، ڈر، اور خوف نہیں بلکہ صرف امن کی بادشاہی تھی یہ وہ جگہ ہے جہاں مشقت کی جگہ مقصد اور جذبے کو رکھا گیا اور غربت کی جگہ اپنی طور پر سب کچھ پیدا کیا گیا۔ اس نے ایسا کیسے کیا اس نے اپنے مسائل اور پریشانیوں کو خدا کی بادشاہت کے دائرۂ اختیار میں دے دیا۔ بنیادی طور پر اگرچہ اس کو یہ احساس نہیں تھا کہ وہ کیا کر رہا تھا لیکن اس نے خود کو خدا کے ساتھ جوڑ دیا تھا۔ اس نے اتفاق کیا اور خدا کی بادشاہی کے دائرہ اختیار

میں آیا فوطیفار اپنے معاملات کو یوسف کے اختیار میں دینے کیلئے کافی ہوشیار تھا کیونکہ اس نے جوابات کو دیکھا تھا۔ جو میں نے اور ڈرائنڈا نے کیا آپ بھی وہ کر سکتے ہیں۔ اس طرح ہرن، پیسہ، گاڑیاں اور گھر جس کی ہمیں ضرورت تھی۔ اس لیئے میں آپ کو ایک تجویز دینا چاہتا ہوں۔ اگر آپ ان چیزوں سے لطف اندوز ہونا چاہتے ہیں جو خدا نے آپ کیلئے رکھی ہیں تو پھر اپنے آپ کو تبدیل کریں اور خدا کی بادشاہی کے تابع ہو جائیں۔ اپنے اردگرد موجود تمام شکوک وشبات اور بے اتفاقی کے ساتھ خود کو صف بندی کرنا بند کریں۔ اپنے اردگرد کے ماحول کی تابعداری کرنے کی بجائے خدا کی بادشاہی کی تابعداری کریں اور اس کی بادشاہی سے لطف اندوز ہوں۔

باب نمبر ۹

تم ہی اُن کو کھلاؤ

جب میں پہلی بار اپنے آفس میں ڈان سے ملا تو وہ بہت حوصلہ شکن اور قرض میں ڈوبا ہوا میرے آفس میں آیا تھا۔ اس وقت اس کی زندگی میں کچھ بھی اچھا نہیں ہو رہا تھا جب میں نے بیٹھ کر اس سے بات کی تو معلوم ہوا کہ تین سے چار ماہ کے اسکے کرائے دینے والے تھے اور اس کے مختلف بل آئے تھے اسکی شادی میں بھی مالی حالات کی وجہ سے کافی معاملات چل رہے تھے کہ ڈان کی بیوی اس سے تنگ آچکی تھی کیونکہ وہ اسکی اور اپنے چار پانچ بچوں کی دیکھ بھال کرنے سے قاصر تھا۔ حقیقت یہ تھی کہ ڈان خود بھی اپنے آپ سے بہت تنگ آ چکا تھا۔ اور اس کے اندر اب بہت سے سوالات تھے اسکے کام میں اوہائیو کی ریاست بھر میں ہیلتھ انشورنس بیچنا شامل تھا۔ لیکن اس کو تیزی سے تباہ کن مالیاتی مسائل کے راستے میں اتار دیا۔ ڈان کے خلاف ہونے والی تمام چیزوں کے باوجود میں نے اس میں ایک صلاحیت دیکھی وہ سیکھنے کیلئے اور کام کرنے کیلئے تیار تھا۔ اس طاقتور مزاج نے مجھے اسکی خدمات حاصل کرنے اور اس کے مستقبل کی فلاح و بہبود میں خود کو سرمایہ کاری کرنے کیلئے کافی متاثر کیا۔ آخر میں یہ ایک ایسی سرمایہ کاری تھی کس نے ہم دونوں کیلئے بہت زیادہ منافع ادا کیا۔ میری نئی کمپنی نے ہمارے ایک وینڈز سے ہوائی میں مفت سفر جیتا تھا۔ اور میں نے محسوس کیا کہ خُدا کی بادشاہی کے بارے میں ڈان کے ساتھ اشتراک کرنے کا بہترین طریقہ تھا۔ اگرچہ ڈان ایک مسیحی تھا اسکے پاس وہ سمجھ نہیں تھی جو مجھ میں تھی۔ اور اگرچہ میں نے کئی موقع پر کوشش کی کہ اس علاقے میں خُدا کے اصولوں کو اس کے ساتھ بیان کروں لیکن وہ میری باتوں پر یقین نہیں کرتا تھا میں مسلسل ڈان کی توجہ حاصل کرنے کا راستہ تلاش کرتا رہا کہ وہ سیکھ سکے کہ کامیابی حاصل کرنے کیلئے خُدا کی بادشاہی کسطرح کام کرتی ہے۔ تاہم ڈان کافی مشکل وقت سے گزر رہا تھا کہ اس وقت اس کیلئے اپنے آپ پر یقین کرنا اور کسی حقیقی تبدیلی کیلئے یقین کرنا کافی مشکل تھا اور مجھے معلوم تھا کہ ہوائی کا میرے لئے ایک بہترین موقع تھا۔ جانے سے پہلے ڈان اور میں نے گفتگو کی کہ ہم وہاں کیا دیکھیں گے اور کیا کریں گے ایک خاص دلچسپی نے ڈان کی توجہ حاصل کرلی۔ وہ بحرالکاہل کے پانی سے ایک نیلے رنگ کی مارلن پکڑنا چاہتا تھا۔ ڈان نے خوشی سے بتایا کہ ہوائی نیلی مارلن کیلئے دنیا کا دارلحکومت ہے میں کافی عرصہ تک نیلی مارلن پکڑنا چاہتا تھا اور یہ میرا خواب بھی تھا۔ کافی ہفتوں کے بعد میں نے ڈان کی آنکھوں میں ایک چمک دیکھی تھی کسی چیز نے اصل میں پُرجوش کر دیا تھا اور میں جانتا تھا کہ اس کا

جوش ایک طاقتور سبق کا دروازہ کھول رہا تھا۔ میں نے کہا ڈان کیا تم جانتے ہو کہ یہ امید سے نہیں بلکہ تم کو یہ جاننا ہو گا کہ تم خُدا کی بادشاہی میں داخل ہو کر نیلی مارلن کو حاصل کر لو گے۔ ڈان الجھن میں تھا مگر وہ مزید جاننا چاہتا تھا اور میں نے بادشاہی کے بارے میں اپنی وضاحت جاری کی میں نے مرقس ۱۱: ۲۴ کا حوالہ دیا "اسلئے میں تم سے جو کچھ کہتا ہوں کہ جو کچھ تم دعا میں مانگتے ہو یقین کرو کہ تم کو مل گیا اور تم کو مل جائے گا۔ اور ڈان کیلئے اس بات پر یقین کرنا بہت زبردست تھا میں نے کچھ وقت لیا اور اسکی یہ سمجھنے میں مدد کی کہ خُدا کی بادشاہی ایمان کے زریعے کس طرح کام کرتی ہے۔ اس سے پہلے کہ ہم اپنے سفر پر روانہ ہوتے تو اس نے اور اسکی بیوی نے بلکل اسی طرح نیلی مارلن کیلئے بیج بویا۔ جسطرح میں نے اور ڈرائنڈا نے ہرن کیلئے اپنا بیج بویا تھا۔ اس دوران ڈان نے فصل کے اپنے حصے کو برقرار رکھنے کیلئے وہ سب کچھ کیا جو وہ کرنا چاہتا تھا۔ اس نے دستیاب کشتیوں پر کچھ تحقیق کی اور آخر کار ایک کیپٹن کے ساتھ نشست بک کروائی جس کے بارے میں اسے اچھا لگا۔ سب کچھ ترتیب دیا جا چکا تھا۔ ہم سب ہوائی کے نیلے پانیوں میں جانے کیلئے بہت پُرجوش تھے، سفر کا دن آ گیا اور کشتی پر سوار ہوتے ہی ہم نے خوشی سے کپتان کو بتایا کہ آج کے دن ہم نیلی مارلن کو پکڑیں گے۔ جبکہ اس نے توقع کی کہ ہم سے دیگر مچھلیوں کے لئے کامیاب دن میں ماہی گیری ہو گی اس نے یقین دلایا کہ نیلی مارلن پکڑنے کیلئے اس دن ان کو مشکل کا سامنا ہو گا۔ پچھلے چار ہفتوں سے روزانہ چارٹر ٹورانز دو کشتیوں کے ساتھ اس کا عملہ صرف ایک نیلی مارلن لاتا تھا۔

" اِس لئے میں تم سے کہتا ہوں کہ جو کچھ تم دُعا میں مانگتے ہو یقین کرو کہ تم کو مل گیا اور وہ تم کو مل جائے گا۔" _ مرقس ۱۱:۲۴

یہ بڑی حد تک اس حقیقت کی وجہ سے تھا کہ ابھی مارلن کا موسم نہیں آیا تھا کیونکہ مارلن ایک موسمی مچھلی تھی۔ حوصلہ شکنی سے انکار کرتے ہوئے ہم نے اسے عزت کے ساتھ بنایا کہ ہم ایک اور اصول کرنے جا رہے ہیں ہمارا سامان تیار کرنا جاری رکھیں۔ چھے گھنٹے محنت کے بعد بھی ہم نے ایک بھی پڑتال نہیں کی تھی اور میں تھوڑا سا پریشان ہو رہا تھا کہ کاروائی نا ہونے کی صورت میں ڈان کا ایمان کمزور ہو سکتا تھا۔ اپنی پریشانی میں میں نے اس سے سوال کیا "ڈان" میں نے اُپر سے آواز دے کر سوال کیا۔ تمہیں وہ نیلی مارلن کب ملی جب دعا کی تھی یا جب وہ ظاہر ہو گی؟ ڈان نے بڑے ایمان سے جواب دیا جب میں نے دعا کی تھی تو میں نے اسی وقت اسے حاصل کر لیا تھا۔ اس کا جواب سن کر میں بڑا پر جوش اور پر عتماد ہو گیا۔ تب مجھے معلوم ہوا کہ ڈان نے میری بات کو سنجیدہ لیا تھا۔ اور اس نے ایمان سے مارلن کو حاصل کر لیا تھا۔ جب مچھلی پکڑنے کیلئے کشتی چلی تو کپتان نے خبردار کیا کہ پریشان نہ ہوں یہ ایک نیلی مارلن نہیں بلکہ ایک

بڑی مچھلی ہے جبکہ نیلی مارلن سیدھا سطح پر آتی ہیں اور ہوا میں زبردست چھلانگ لگاتی ہیں جبکہ یہ مچھلی گہرے میں ٹھری ہوئی ہے ہم نے کئی منٹ کشتی جاری رکھی جو کہ ابھی تک سطح کے اتنے قریب نہیں آئی تھی کہ اسے دیکھا جاسکے ڈان جتنا تھکا ہوا تھا مچھلی کیلئے ہمیں اتنی ہی محنت کرنی تھی جبکہ ڈان نے ہمت ہار دی تھی۔ ڈان اور میں حیران نہیں ہوئے جب ہم نے خوبصورت نیلی مارلن کو دیکھا۔ جبکہ کشتی میں موجود باقی سب حیران رہ گئے۔ ڈان اور اسکی مچھلی کی تصویر آج بھی میرے دفتر میں دوسروں کیلئے گواہی تھی۔ جو کہ بادشاہی کے بارے میں مجھے مستقل طور پر یاد دلاتی ہے کہ باہر صرف ایک مچھلی تھی لیکن ڈان کیلئے مطلب بہت زیادہ تھا اگر خُدا کی بادشاہی نے مارلن کیلئے کام کیا ہے تو یہ یقینی طور پر زندگی میں ہر چیز کیلئے کام کرے گی۔

بالکل ہوا کی طرح جِسے دیکھا نہیں جاسکتا لیکن قدرتی دائرے میں اُس کے اثر کو محسوس کیا جاسکتا ہے اِسی طرح خُدا کی بادشاہی ایک حقیقت ہے جس کا اثر قدرتی دائرے میں ہوتا ہے۔

ڈان کیلئے یہ صرف آغاز تھا جس کا اسے احساس ہوا کہ خُدا کی بادشاہی کس طرح کام کرتی ہے۔ چند سال پیچھے چلے جائیں تو آپ ایک شخص نیکُدیمس کے بارے میں دیکھیں گے جو خاص طور پر یسوع مسیح سے خُدا کی بادشاہی کے بارے میں سیکھنے کیلئے آیا تھا۔ یوحنا کی انجیل کے تیسرے باب میں اس کا جواب شامل ہے ہوا جدھر چاہتی ہے چلتی ہے اور تُو اس کی آواز کو سنتا ہے مگر نہیں جانتا کہ کہاں سے آتی اور کہاں کو جاتی ہے۔ جو کوئی روح سے پیدا ہوا ایسا ہی ہے (آیت آٹھ) ڈان کے ساتھ کشتی پر موجود اس کی ہی اچھی مثال ہے جتنی میں کبھی سوچ سکتا تھا۔ جبکہ نا تو ڈان اور نا ہی میں حقیقت میں خُدا کی بادشاہی کو دیکھ سکتے تھے ہم نے یقینی طور پر اس کا اثر دیکھا اور ہم نے محسوس کیا تھا کیونکہ ہم نے ایک بڑی مارلن کو پکڑا تھا جسطرح ہوا کہ دیکھا نہیں جاسکتا لیکن اس کا اثر فطرت کے دائرے میں نظر آتا ہے اس طرح خُدا کی بادشاہی ہے اسکا اثر ہم فطری دائرے میں دیکھتے ہیں خُدا کی بادشاہی پر حکومت کرنے کے قوانین کو سیکھنے سے ہم اپنی زندگیوں میں اسطرح تبدیلی دیکھتے ہیں جس طرح اس دن ڈان نے دیکھی تھی۔ خیر اب یہاں ایک سوال ہے۔ وہ مارلن کیسے ظاہر ہوئی؟ اس سوال کا جواب موجود ہے آپ صرف یہ نہیں کہہ سکتے کہ خُدا نے ایسا کیا، نہیں ہمیں جاننے کی ضرورت ہے کہ یہ کیسے ظاہر ہوگا آپ کو واقعی جاننے کی ضرورت ہوگی کیونکہ ایسا دن آسکتا ہے جب آپکو نیلی مارلن یا نیلی

